بیاضِ ماہر

مجرباتِ خصوصی

مصنفہ

عالیجناب فخر الاطبا حکیم محمود علی خان صاحب ماہر
اکبر آبادی ثم دہلوی

محبوب المطابع برقی پریس دہلی

قیمت عہ

ہوالشافی

۷۸۶

سلسلہ تصانیف ماہر نمبر ۱

بیاض ماہر

مجربات خصوصی

مصنفہ

عالیجناب فخر الاطبا حکیم محمود علی خان صاحب ماہر۔ اکبر آبادی ثم دہلوی

مصنف ء (۱) محافظ شباب۔ (۲) اکسیر ماہر (۳) تحفۂ شباب (۴) بقائے شباب۔ (۵) جوہر ماہر۔ (۶) رسالہ چاء اور کافی (۷) رسالہ دق اور سل (۸) رسالہ بواسیر۔ (۹) ابو حنیفہ رحمۃ اللہ۔ (۱۰) معاشرت افغانان

ستمبر ۱۹۳۰ء

فہرست بیاض ماہر

تصویر عالیجناب فخر الاطبا حکیم محمود علی خان صاحب ماہر مصنف بیاض

تعنون

میری جنّت کے مالِک ۔

میری دُنیا کی ثروت کا باعث ۔

میرے لئے سب کچھ ۔

میرے والد ماجد عالیجناب عمدۃ الحکماء حکیم حافظ محمد ارشاد علی خان صاحب مرحوم مغفور کے نام نامی کو قیام دنیا تک قایم رکھنے کیلئے اپنی اس ناچیز تصنیف کو بصد ادب حضرت ممدوح کے مبارک نام پر معنون کرتا ہوں ۔

احقر

حکیم محمود علی خان ۔ ماہر

اکبر آبادی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

الحمد للہ الذی خلق لکل داءٍ دواءً والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد و علیٰ آلہ واصحابہ الذین ہم خیر الحکماء۔

علم طب ایک ایسا ناپید اکنار سمندر ہے جس میں مجھ جیسے لاکھوں ہیچمدان غوطے کھاتے رہے اور در مقصود ہاتھ نہ لگا۔ اسی دریائے بے پایاں کے چند قطروں سے جو کچھ قدمانے سیرابی حاصل کی وہ دنیا کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ اسی دریا کے سنگریزے جواہرات سے بھی کئی درجہ بیش قیمت ثابت ہوئے اسی پر ضیا چشمے کی روانی نے "علم الابدان کو علم الادیان" کے ہم پلہ بنا دیا۔ کسی نے اس دریا کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کی مگر سیراب نہو سکا۔ بلکہ مستسقی کیطرح العطش! العطش!! پکارتا ہی رہا۔ بعض حضرات طیور کی طرح ایک دو، قطروں سے سیراب ہو کر اس دار فانی سے اڑ گئے۔

الغرض جسقدر جس محقق نے غواصی کی وہ تشنہ لب مریضوں کی سیرابی کیلئے کافی سرمایہ راحت چھوڑ گیا

بہت زیادہ افسوس کے قابل وہ ہستیاں تھیں جنہوں نے بہت کچھ ہاتھ پیر مارے، ڈوبے، اُبھرے، مگر اپنے تجربات کی دو سطریں بھی اپنی خست کی وجہ سے معرض تحریر میں نہ لا سکے۔ جو ہم پسماندگان کیلئے ایک کار آمد وصیت ثابت ہوتیں۔

خداوندا! نورانی کر اُن کی قبروں کو، ازلی ابدی سکون بخش اُن کی

روحوں کو، جنہوں نے اپنے ہم جنسوں کی نفع رسانی کو اپنا ایمان تصور کیا اپنے مفید اور کار آمد تجربوں سے خلق اللہ کو فائدہ پہونچایا، اور اپنے بعد آنے والی نسلوں کیلئے بے بہا تحریری ذخیرے چھوڑے، جو ہمارے لئے آج تک نور ہدایت ہیں۔

علم طب کے نقّاش اپنے اپنے دور میں اپنے مجرّبات کے نقوش سے جو کچھ گل کاریاں کر گئے ہیں وہ دنیا کیلئے سامان راحت ہیں۔ مبارک ہیں وہ فرشتہ خصلت انسان جو موجودہ اور آنے والی نسلوں کی نفع رسانی کیلئے اپنے بیش بہا مجرّبات کے نقوش کاغذ کے سپرد کر گئے۔

دنیا کی چکّی کے تیز رفتار پاٹوں نے اربعہ عناصر کے مجمّوں کو پیکر خاک میں ملا دیا، مگر اُن کے زرین کارنامے اب بھی صفحہ ہستی پر نمایاں جگہ روشن اور منور نظر آتے ہیں۔ اسی نورانی قندیل کی روشنی کے سہارے معالج مرض کے دہشتناک اور پر خطر صحرا میں آسانی سے معالجہ کی منازل طے کر لیتے ہیں۔

الغرض ذرۂ بمقدار خاکپائے اطبا حکیم **محمود علی** خان۔ ماہرؔ اکبر آبادی ثم دہلوی اپنے تجارب کو جو آج تک کار آمد اور مفید، مشکل سے مشکل امراض کے دفعیہ میں ثابت ہوئے ہیں۔ خلق اللہ کے فائدہ کیلئے بلا کم و کاست اس ناچیز بیاض میں پیش کر کے سعادت دارین حاصل کرتا ہے۔

میرے اہل فن اور بعض نکتہ سنج اصحاب کو اس امر کا بخوبی اندازہ ہے کہ ایک ایک مجرب نسخہ کس وقت، محنت، اور جانکاہی سے دستیاب

ہوتا ہے۔ میرا خدا، میرا دل، اور بعض میرے بے تکلف احبا اس بات کے شاہد ہیں کہ فقیر نے بھی بعض خاص خاص امراض کے نسخے بڑی جانکاہی سے حاصل کئے ہیں جو مفاد خلائق کیلئے پیش کئے ہیں۔

کیونکہ

نوشتہ بماند سیاہ بر سپید
نویسندہ را نیست فردا امید

شافی مطلق، قادر برحق، اپنے حبیب پاک کے تصدق سے اس بیاض کے نسخوں میں شفاءِ کلی کی طاقت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین یا ارحم الراحمین۔

خاکسار کی ایک ادنےٰ خواہش یہ ہے کہ اس بیاض کے نسخوں سے فائدہ اٹھانے والا میرے لئے دعائے مغفرت ضرور کرے۔ وما توفیقی اِلّا باللہ۔

خادم الاطبا

احقر۔ محمود۔ ماہر۔

اکبر آبادی

ھوالشافی

بیاض ماہر

امراض راس (سر کی بیماریاں)

اطریفل: دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نئے پرانے درد سر کو دور کرتا ہے نزلہ زکام کو اچھا کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ معدہ جگر آنتوں کی اصلاح کرتا ہے۔ بواسیر کیلئے مفید ہے۔ ص = مغز بادام مقشر ا تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ا تولہ۔ مغز تخم تربوز ا تولہ۔ مغز تخم پیٹھے ا تولہ۔ مغز تخم خیارین ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ا تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ا تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ا تولہ۔ پوست بلیلہ ا تولہ۔ آملہ خشک منقےٰ ا تولہ۔ نبات سفید دو چند قوام کرکے اطریفل تیار کرکے صبح اور رات کو سوتے وقت ایک ہفتہ تک سات ماشہ اور ایک ہفتہ تک ایک ایک تولہ۔ نوش کیا کریں اگر زیادہ عرصہ تک کھلانا منظور ہو تو ایک تولہ کھلانا چاہیے۔

جوارش: دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ قبض کشا ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے معدہ کی رطوبات کو دور کرتی ہے۔ ص = موصلی سیاہ ۲ ماشہ

موصلی سفید ۲ ماشہ - مرچ کنکول ۲ ماشہ - کباب چینی ۲ ماشہ - عاقرقرحا ۲ ماشہ
زنجبیل ۹ ماشہ - قرفہ ۹ ماشہ - دارچینی ۹ ماشہ - خولنجان ۹ ماشہ -
دانہ الائچی کلاں ۹ ماشہ - دارفلفل ۹ ماشہ - شقاقل مصری ۹ ماشہ -
تخم کرفس ۹ ماشہ - تخم گزر ۹ ماشہ - تخم شلجم ۹ ماشہ تخم ہلیون ۹ ماشہ - تخم حماض ۹ ماشہ
تخم پیاز ۹ ماشہ - قرنفل ۳ ماشہ - جوزبوا ۳ ماشہ - صمغ عربی ۲ ماشہ - شکر سفید
سہ چند کے قوام میں جوارش تیار کرکے پانچ پانچ ماشہ - صبح شام کھلائیں -

حب = (گولی) نزلہ - زکام - زکام کی وجہ سے اگر بخار ہو تو اس کو اچھا کرتی ہے - مقوی دماغ - خشک کھانسی کو آرام کرتی ہے - ص = گل بنفشہ
ڈیڑھ تولہ - مغز بادام مقشر ۱ تولہ - گلسرخ ۱ تولہ - مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ
کتیرا ۱ تولہ - مغز تخم خیارین ۱ تولہ - رب السوس ۱ تولہ - گل ارمنی ۱ تولہ - سنبل الطیب
تین ماشہ - مصطگی رومی ۴ ماشہ - نشاستہ گندم ۱۰ ماشہ - کوٹ چھانکر گوند کے
پانی میں چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک صبح شام کھلائیں -

حب = نزلہ زکام کے اچھا کرنے میں اکسیر ہے - بھوک بڑھاتی ہے - مفرح ہے - مقوی دماغ ہے - ص = جدوار خطائی ۱ تولہ ۱ ماشہ
افیون ۱ تولہ ۹ ماشہ - کتیرا ۹ ماشہ - صمغ عربی ۹ ماشہ - ملٹھی ۹ ماشہ - مرچ سیاہ ۹ ماشہ
دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ - نرکچور ۹ ماشہ - ناگرموتھ ۹ ماشہ - بالچھڑ ۹ ماشہ -
تیزپات ۹ ماشہ - کبابہ ۹ ماشہ - خولنجان ۹ ماشہ - پیپل ۹ ماشہ - اجوائن ۹ ماشہ
زنجبیل ۹ ماشہ - اسپند ۹ ماشہ - کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیاں بناکر خواہ
ایک وقت خواہ دونوں وقت ایک ایک گولی کھلائیں -

حب = درد سر نیا پرانا دور کرتی ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ امراض چشم میں بھی مفید ہے = ص = جائفل ۴ ماشہ۔ صبر ۲ ماشہ زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ چرائیتہ ۲ ماشہ۔ اجودہ ۶ ماشہ۔ کوٹ چھانکر نکچھکنی کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بناکر کھلائیں

حب = صرع امرگی، ام الصبیان (بچوں کے پسلی کا خلل) کے لئے بے حد مفید ہے۔ بچوں کے پیٹ کے اپھارے کو دور کرتی ہے۔ ص = تربد سفید اکبر آبادی مجوف خراشیدہ ۱ تولہ۔ پودینہ خشک ۴ ماشہ۔ بچ ۴ ماشہ کوٹ چھانکر سونف کے عرق میں گوندھکر بڑوں کیلئے چنے کے برابر اور بچوں کیلئے موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کر کے عرق بادیان کے ہمراہ کھلائیں۔ اور دودھ پیتے بچے کو اس کی ماں کے دودھ میں حل کر کے دینا چاہیئے۔

حب = فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ نزلہ کو اچھا کرتی ہے۔ تمام اعصابی، امراض کیلئے مفید ہے۔ اگر عورت ایام ماہوار سے فارغ ہو کر ایک ایک گولی ایک ہفتہ تک کھائے تو بانجھ پن دور ہو سکتا ہے = ص = کچلہ ۲ تولہ۔ شیر گاؤ میں تین یوم تک پکا کر مقشر کر کے باریک ورق تراش کر بسباسہ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ عود صلیب ۱ تولہ۔ جوزبوا ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ سب کو خوب باریک کر کے تازہ پودینہ کے عرق اور نانخواہ کے پانی میں حل کر کے چنے کے برابر گولی بنالیں۔ ایک گولی روزانہ صبح ماءالعسل۔ یا عرق بادیان۔ یا یخنی کبوتر کے ہمراہ کھلائیں۔ گھی کا استعمال زیادہ کرائیں۔

حب: فالج۔ لقوہ کیلئے بے حد مفید: ص: سیماب مصفیٰ ۲ ماشہ۔ برگ دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ۔ ادرک کے عرق میں خوب اچھی طرح کھرل کر کے ماش کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح اور اگر گرمی نہ معلوم ہو تو ایک گولی شام کو بھی ماءالعسل۔ یخنی کبوتر کے ہمراہ کھلائیں۔

حب: لقوہ۔ فالج۔ ہیضہ۔ قولنج ریحی۔ بدہضمی۔ بلغمی اور سرد بیماریوں۔ سردی اور بلغم کی وجہ سے دردوں میں مفید ہے: ص: سیماب مصفیٰ ۱ تولہ۔ گندہک آملہ سار مدبر در شیر مادہ گاؤ ۱ تولہ۔ نرکچور ۱ تولہ پیپل ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ صدف صادق سوختہ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ ادرک کے ۵ تولہ پانی میں خوب کھرل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے ایک گولی سے چار گولی تک پان کے عرق کے ہمراہ کھلائیں۔

حب: ام الصبیان (بچوں کی پسلی کا خلل) کو اچھا کرتی ہے۔ بچوں کی طبیعت کو بحال رکھتی ہے۔

بچوں کے پیٹ کی اصلاح کرتی ہے۔ دستوں کو آرام کرتی ہے۔ دانت نکلنے کی تکلیف میں راحت ہو جاتی ہے۔ بچوں کے ہر مرض میں اکسیر ہے۔ قبض کشا ہے۔ اگر دایہ کو کھلائیں تو دودھ کو صاف کرتی ہے: ص: دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مغز تخم کشنیز خشک بریاں ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ انار دانہ ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ آملہ خشک ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں کھرل کر کے

چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بچے کو ایک گولی سے دو گولی تک۔ بچے کی ماں کو یا دودھ پلانے والی دایہ کو دو گولیوں سے چار گولیوں تک کھلائیں۔

حریرہ = دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ نزلہ۔ زکام کو آرام کرتا ہے۔ دردِ سر کو دور کرتا ہے۔ ص = تخم خشخاش ۹ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۶ ماشہ مغز تخم باقلا ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ۱۱ دانہ۔ نشاستہ گندم ۱ تولہ۔ روغن زرد ۳ تولہ مصری ۳ تولہ۔ سب کو پانی میں پیس کر مصری اور گھی میں پکا کر حریرہ تیار کر کے روزانہ صبح پلائیں۔

حریرہ = دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ دماغ کی خشکی دور کرتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ ص = مغز بادام مقشر پانچ دانہ۔ مغز تخم خربوزہ ۲ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۲ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲ ماشہ تخم خشخاش سفید ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ ان سب کو پانی میں پیس کر گھی ۵ تولہ میں بگھار کر مصری ۲ تولہ ملا کر پکا کر حریرہ تیار کر کے پلائیں۔

خمیرہ = دماغ۔ دل۔ بلکہ تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت اور فرحت پہونچاتا ہے۔ دردِ سر اور نزلہ کو اچھا کرتا ہے۔ دماغ میں تری بخشتا ہے مالیخولیا اور مراق کو دور کرتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مفرح ہے = ص = مرجان ۶ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۶ ماشہ طباشیر ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔ یشب سبز چھ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ صدف صادق ۶ ماشہ۔ ان دواؤں کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے بعد ازاں برگ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۹ ماشہ۔ کوبہ ابریشم ۹ ماشہ۔ برگ بادرنجبویہ ۹ ماشہ۔ تخم شربتی ۹ ماشہ۔

برادہ صندل سفید ۶ ماشہ ۔ برادہ صندل سرخ ۹ ماشہ ۔ ہنڈی ۹ ماشہ ۔
بہمن سفید ۹ ماشہ ۔ بہمن سرخ ۹ ماشہ ۔ گل نیلوفر ۹ ماشہ ۔ گل بنفشہ ۹ ماشہ
تخم بالنگو ۹ ماشہ ۔ کشنیز خشک ۹ ماشہ ۔ کو رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح
مل چھانکر نبات سفید آدھ سیر ۔ شہد خالص ایک پاؤ میں قوام پکاکر مغز تخم کدو
ایک تولہ ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ ۔ مغز تخم خربزہ ۱ تولہ ۔ تخم خشخاش سفید ۱ تولہ ۔
مغز پیٹھہ ۱ تولہ ۔ مغز بادام مقشر ۱ تولہ ۔ جدا پیکر مع ان دواؤں کے جو پہلے
سے کھرل کرکے رکھی ہیں شامل کر دیں ۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد زعفران ۱ تولہ ۔
ورق نقرہ ایک تولہ ملاکر پانچ ماشہ صبح پانچ ماشہ شام کھلائیں ۔

خمیرہ = دماغ دل کو طاقت دیتا ہے ۔ غشی اور خفقان کو دور کرتا ہے ۔
دردسر کو آرام کرتا ہے ۔ دل کی دھڑکن کو دور کرتا ہے =

ص = برادہ صندل سفید ۱ تولہ ۔ سنبل الطیب ۱ تولہ ۔ گلسرخ ۱ تولہ ۔
برگ بادرنجبویہ ۵ تولہ ۔ تگنے پانی اور دگنے عرق گلاب میں بھگوکر جوش
دیں جب چوتھائی حصہ باقی رہ جائے تو ملکر چھانکر قند سفید تین پاؤ میں
قوام کرکے اوپر سے زعفران ۴ ماشہ باریک پیکر ملا دیں ۔ پانچ پانچ ماشہ
صبح شام کھلائیں ۔

دوا = فالج لقوہ کو اچھا کرتی ہے ۔ مقوی باہ ہے ۔ سرد بیماریوں کو
نفع پہونچاتی ہے = ص = طباشیر ۲ ماشہ ۔ سیماب ۲ ماشہ
فلفل سیاہ ۲ ماشہ ۔ ان دواؤں کو چالیس ۴۰ گھنٹہ تک خوب کھرل کرکے
ایک شیشی میں رکھ لینا چاہئے ۔ ایک چاول سے دو چاول کی مقدار میں بالائی

یا شہد میں ملا کر یا ادرک کے عرق میں ملا کر کھلانا چاہئے۔

دوا = سکتہ کیلئے اکسیر ہے = ص = نیل ۱ تولہ۔ چوک ۱ تولہ۔ خوب باریک پیکر ایک ماشہ۔ ادرک کے عرق میں ملا کر حلق میں ٹپکائیں۔ اور ایک ماشہ کے قریب دانتوں پر منجن کی طرح لگا دیں۔

دوا = اُم الصبیان کیلئے اکسیر ہے = ص = صعتبر۔ جند بید ستر۔ زیرہ سفید ہموزن لیکر خوب باریک پیکر چار رتی سے ایک ماشہ تک بچے کی ماں کے دودھ میں یا عرق بادیان میں گھول کر پلا دیں۔ اگر ضرورت ہو تو دن میں تین چار مرتبہ دیسکتے ہیں۔

دوا = شقیقہ (آدھے سر کا درد) کیلئے مفید ہے = ص = ادرک کا عرق دو ماشہ۔ شہد دو ماشہ۔ دودھ بکری کا چھ ماشہ۔ ان سب کو ملا کر ناک میں ٹپکائیں۔

دوا = شقیقہ کو اچھا کرتی ہے = ص = سمندر پھل چار رتی کے قریب ٹھنڈے پانی میں گھسکر درد کے خلاف طرف ناک کے نتھنے میں ٹپکائیں۔ فوراً آرام ہو گا۔

دوا = شقیقہ کیلئے مفید ہے = ص = بندال تھوڑے پانی میں بھگو دیں پانی چھانکر خلاف سمت ناک کے نتھنے میں ٹپکائیں

دوا = سرسام گرم کیلئے مفید ہے = ص = مونگ کا آٹا ایک پاؤ۔ گائے کا دودھ بقدر ضرورت لیکر گوندھ کر ایک روٹی اس طرح پکا کر تیار کریں ایک طرف سے پختہ ہو جائے اور دوسری طرف خام رہے

۔روئی ڈاک کی کچی سمت پر روغن گل ۳ تولہ چپڑ کر سر پر باندھیں۔دو تین گھنٹہ کے بعد کھول دیں اور سر پر روغن گل کی مالش کریں۔

دوا= دماغ کے کیڑوں کو نکالتی ہے۔ ص= کھنکھجورا (ہزار پایہ) خشک کر کے پیسکر بطور نلاس ناک میں سونگھنے سے زندہ اور مردہ کیڑے خارج ہو جائینگے۔

دوا= حافظہ بڑھاتی ہے۔مقوی دماغ ہے۔ ص= قسط شیریں۔زیرہ سیاہ پیپل۔اجودہ۔ہلدی۔بچ۔اصل السوس۔عود صلیب۔ہر ایک دوا ایک ایک تولہ۔لیکر پیسکر چھانکر دو ماشہ سے تین ماشہ تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا= مرگی کیلئے اکسیر ہے۔ ص= آدمی کے کھوپری کی ہڈی خشک لیکر باریک پیسکر ۱ تولہ روزانہ نہار منہ صبح کے وقت بکری یا گائے کے دودھ کے ہمراہ سات یوم تک کھلانے سے آرام ہو جائیگا۔اگر مرض پورانا ہو تو کچھ عرصہ تک کھلانا چاہئے۔

دوا= کابوس۔سدر۔دوار کیلئے بے حد مفید ہے۔ ص= کشنیز خشک ایک ماشہ۔اسطوخودوس ۱ ماشہ۔باریک پیسکر اطریفل کشنیز ۱ تولہ میں ملا کر ہر روز صبح اکیس یوم تک نوش کرائیں۔

روغن= دماغ کو طاقت اور فرحت پہونچاتا ہے۔خشکی کو دور کرتا ہے۔ روغن لبوب سبعہ دماغ پر مالش کریں۔

روغن = دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے = ص = برگ کاہو تازہ کچلکر پانی ایک سیر نکال کر ایکپاؤ خالص تل کے تیل میں اس قدر پکائیں کہ صرف تیل باقی رہ جائے چھانکر ٹھنڈا کر کے بوتل میں رکھیں اور کوئی مناسب خوشبو شامل کرلیں۔ ضرورت کے وقت دماغ پر مالش کریں۔

روغن = لقوہ اور فالج کیلئے تیر بہدف ہے۔ گٹھیہ کے درد کو آرام کرتا ہے = ص = پوست کنیر سفید ۲ تولہ۔ دال گھنگچی ۱ تولہ۔ برگ دھتورہ سیاہ ۲ تولہ۔ قسط تلخ ۲ تولہ۔ کلونجی ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ برگ بید انجیر ۲ تولہ۔ برگ عشر زرد ۲ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ۔ تیزپات ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ۔ حلبہ ۲ تولہ۔ کائفل ۲ تولہ۔ اسپند ۲ تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ کرنجوہ ۱ تولہ۔ بابونہ ۲ تولہ پیپلامول ۱ تولہ۔ دار ہلد ۲ تولہ۔ برگ قنب ۲ تولہ۔ روغن کنجد ایک سیر۔ ان سب دواؤں کو جوکوب کر کے تیل میں بارہ گھنٹہ تک تر رکھیں۔ بعدہ نرم آگ پر اسقدر پکائیں کہ تمام دواؤں کا اثر کافی طور سے تیل میں آجائے۔ ملکر چھانکر مالش کریں۔

سعوط = صرع (مرگی) کیلئے مفید ہے = ص = تخم ہود ۲ عدد۔ فلفل سیاہ ۲ عدد ایسی عورت کے دودھ میں جس کے لڑکی ہو خوب باریک پیسکر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط = دردشقیقہ (آدھے سر کا درد) اور بلغمی درد سر کیلئے مفید ہے۔ ص = ریٹھے کا چھلکا ۱ رتی۔ روغن پستہ ۲ ماشہ میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

سفوف = مقوی دماغ۔ مجلی دماغ۔ منقی دماغ۔ مالیخولیا۔ مراق۔ وسوس درد سر کو آرام کرتا ہے۔ ص = پوست ہلیلہ زرد ۹ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۹ ماشہ۔ بلیلہ ۹ ماشہ۔ آملہ خشک ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ تربد مجوف اکبر آبادی خراشیدہ تراشیدہ ۹ ماشہ۔ افتیموں ۹ ماشہ اسطوخودوس ۹ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۹ ماشہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ ابریشم ۹ ماشہ۔ تخم فرنجمشک ۹ ماشہ۔ گلسرخ ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ایک تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ۱۲ عدد۔ اسپغول مسلم ۱ تولہ۔ سفوف بنا کر چار ماشہ۔ سے چھ ماشہ تک صبح شام مناسب بدرقہ کیساتھ کھلائیں۔

سفوف = سر کے درد۔ خفقان کو اچھا کرتا ہے۔ ص = آملہ خشک ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ گلسرخ ۶ ماشہ۔ خرفہ سیاہ ۱ تولہ۔ برگ گاؤزبان ۱ تولہ۔ نبات ۴ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ڈیڑھ ماشہ سے ڈھائی ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف = اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ ہے۔ خشکی دور کرتا ہے۔ درد سر کو آرام کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ ص = اسطوخودوس ۱ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ منڈی ۱ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ۔

مغز بادام مقشر ۲ تولہ۔ نبات ہموزن سفوف بناکر سات ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

ضماد= (لیپ) دردسر بارد کیلئے مفید ہے = ص = زرچوب ۲ تولہ۔ پانی میں پیسکر پیروں کے تلووں پر لیپ لگانے سے دردسر کو آرام ہوجاتا ہے۔

ضماد= گرمی سے سر میں درد ہو تو تل کے درخت کی پتیاں ٹھنڈے پانی میں پیسکر پیشانی پر لیپ کریں۔

ضماد= دردسر کیلئے اکسیر ہے = ص = گل مچکن ۲ ماشہ۔ گل بنفشہ ۲ ماشہ گل نیلوفر ۲ ماشہ۔ پانی میں پیسکر پیشانی پر لیپ کریں۔

ضماد= درد شقیقہ کو آرام کرتا ہے = ص = ہالون ۲ ماشہ۔ پانی میں پیسکر پیشانی پر لیپ کریں۔

ضماد= سرسام اور سر کے درد کیلئے بے حد مفید ہے = ص = گل نیلوفر ۳ ماشہ۔ گل خطمی ۳ ماشہ۔ گل بنفشہ ۳ ماشہ۔ گلسرخ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب یا بکری کے دودھ میں پیسکر لیپ کریں۔

طلا= نیند لاتا ہے۔ دماغ کو فرحت دیتا ہے = ص = صندل سفید ۹ ماشہ پوست خشخاش ۱۰ ماشہ۔ گل نیلوفر ۱۰ ماشہ۔ تخم کاہو ۱۰ ماشہ کاہو کے پانی میں پیسکر پیشانی اور کانوں کی جڑ میں طلا کریں۔

طلا= سکتہ کو اچھا کرتا ہے = ص = رائی ۲ ماشہ۔ جند بیدستر ۱ ماشہ سرکہ خالص ۳ تولہ۔ میں پیسکر پیشانی اور سر پر طلا کریں۔

عطوس۔ (ہلاس۔ ناس) (ناک میں دوا سونگھنا)، آدھے سر کے درد کو اچھا کرتا ہے۔ بیہوشی کو دور کرتا ہے۔ سدہ دماغی کو کھولتا ہے۔ غلیظ مادہ کو خارج کرتا ہے۔ سر کے درد کو فائدہ پہونچاتا ہے۔ ص = نکچھکنی ۸ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۱۶ عدد۔ باریک پیسکر ناک میں سونگھیں یا کسی نلی کے ذریعہ سے ناک کے نتھنوں میں پھونک دیں۔

عطوس = نزلہ رکنے کی وجہ سے درد سر کو آرام کرتا ہے۔ ص = کائفل باریک پیسکر ناک میں سونگھیں۔

قرص = (ٹکیہ) نزلہ کو روکتی ہے۔ درد سر کو آرام کرتی ہے = ص = زعفران ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ صمغ عربی ۱ تولہ۔ سب کو پیسکر پانی ملاکر قرص (ٹکیہ) بناکر خشک کریں۔ ضرورت کے وقت پانی میں حل کرکے کاغذ پر لیپ کرکے کنپٹی پر چپکا دیں۔

معجون = صرع۔ (مرگی) کو اچھا کرتی ہے = ص = عاقرقرحا ۵ تولہ سرکہ کہنہ ۷ تولہ۔ شہد خالص ۷ تولہ۔ عاقرقرحا کو سرکہ میں کھرل کرکے شہد کے قوام میں معجون بناکر ۴ ماشہ۔ سے ۱ ماشہ تک روزانہ صبح کھلائیں۔

معجون = حافظہ بڑھاتی ہے۔ لقوہ۔ فالج کو اچھا کرتی ہے۔ دماغ کے پٹھوں کو طاقت پہونچاتی ہے = ص = فلفل سیاہ ۱ ماشہ۔ ناگرموتھا ۱ ماشہ۔ مرکی ۱ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ زنجبیل ۱ ماشہ۔ کلونجی ۱ ماشہ۔ پیسکر شہد سہ چند کے قوام میں معجون تیار کریں۔ تین ماشہ۔

صبح تین ماشہ رات کو عرق بادیان یا ماءالعسل کے ہمراہ کھلائیں۔

مطبوخ۔ کیسا ہی پورانا دردِ سر ہو آرام کرتا ہے۔ بلکہ تمام قسم کے دردِ سر کو اچھا کرتا ہے۔ ص۔ پوست اندرون درخت نیم برنگ سفید ۲ تولہ۔ دارہلد ۲ تولہ۔ گلگی ۲ تولہ۔ برگ پیا بانسہ ۲ تولہ۔ زنجبیل ۴ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر سات حصے برابر کے بنالیں۔ ایک حصہ روزانہ صبح دو چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب سوا چھٹانک پانی رہ جائے چھانکر تین ماشہ گھی سے بگھار کر پلادیں۔

وجور۔ مرگی۔ سکتہ۔ اور غشی کو دور کرتا ہے۔ ص۔ جندبیدستر ۲ رتی عود صلیب ۴ رتی۔ جدوار ۴ رتی۔ ہینگ ۴ رتی۔ عرق بادیان پانچ تولہ۔ میں حلکر کے حلق میں ٹپکائیں۔

امراض چشم (آنکھونکی بیماریاں)

دوا۔ آنکھ دکھنے کو اچھا کرتی ہے۔ ورم اور ٹیس کو آرام کرتی ہے۔ ص۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۲ ماشہ۔ پھٹکری خام دو ماشہ۔ مغز گھیگوار ۳ تولہ۔ سب دواؤں کو پیسکر مغز گھیگوار میں مخلوط کر کے پوٹلی بناکر آنکھوں پر پھیرنا چاہئے۔ جب پوٹلی خشک ہو جائے تو اس کو پانی سے تر کر لینا چاہئے۔

سرمہ۔ پھولا۔ اور جالا دور کرتا ہے۔ ص۔ کانچ سبز ۴ تولہ۔ اصلی چینی کانکڑا ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ سنگ سرماہی ۶ ماشہ

خوب باریک پیسکر سرمہ بناکر ابتدا میں دو سلائی سے تین سلائی تک صبح اور رات کو لگائیں۔ اور بعد میں ایک ایک سلائی لگایا کریں۔

سرمہ = روہوں کو اچھا کرتا ہے۔ آنکھوں کی خارش کو دور کرتا ہے نزلہ کے پانی کو روکتا ہے = ص = سفیدہ جست ۶ ماشہ توتیائے نیم سوختہ ۶ ماشہ۔ پھٹکری بریاں ۳ ماشہ۔ ان دواؤں کو بارہ گھنٹے کامل عرق گلاب میں کھرل کرکے سرمہ بناکر صبح اور رات کو سلائی سے استعمال کریں۔

سرمہ = ابتدائی موتیابند کو اچھا کرتا ہے۔ روشنی کو بڑھاتا ہے۔ عینک کی عادت کو چھڑاتا ہے = ص = زہر سیاہ سانپ دو قطرے سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ سونف کے تازہ عرق میں اس قدر کھرل کریں کہ ایک بوتل عرق جذب ہو جائے۔ چاندی یا جست کی سلائی سے آنکھ کے اندر لگائیں

سرمہ = رتوندہ۔ دتبکوری، کو اچھا کرتا ہے = ص = زردچوب ۶ ماشہ نمک سنگ ۲ تولہ۔ باریک پیسکر آنکھوں کے اندر سلائی سے لگائیں۔

شیاف = آنکھ دکھنے کو آرام کرتے ہیں۔ یہ وہی شیاف ہیں جن کو اکثر کحال اور اطبا مختلف رنگ کے تیار کرکے مریضوں کو دیتے ہیں اور اس نسخے پر فخر کرتے ہیں = ص = سفیدہ جست ۱ تولہ۔ کتیرا ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۰ ماشہ۔ پھٹکری بریاں ۱ ماشہ۔ پانی میں کھرل کرکے شیاف تیار کرکے رکھ لیں اور ضرورت کے وقت پانی میں گھسکر سلائی سے آنکھوں کے

اندر لگائیں۔ اگر سیاہ شیاف تیار کرنے ہوں تو سرمہ سیاہ ۱ ماشہ ملادیں اگر زرد رنگ کے تیار کرنا چاہیں تو ہلدی ملادیں۔ اگر سرخ رنگ کے تیار کرنا منظور ہوں تو دم الاخوین ۱ ماشہ ملادیں۔

ضماد= آنکھوں کی سرخی کو اچھا کرتا ہے۔ نزلہ کے پانی کو روکتا ہے۔ درد اور ورم کو آرام کرتا ہے۔ ص= ہڑ زنگی ۲ ماشہ۔ پوست بہیڑہ ۲ ماشہ۔ پھٹکری خام ۲ ماشہ۔ باریک پیسکر پانی میں ملاکر نیم گرم آنکھوں کے اوپر لیپ کریں۔ اگر دوا آنکھوں کے اندر بھی چلی جائے تو مضائقہ نہیں

امراض گوش (کان کی بیماریاں)

روغن= کان کے درد کو آرام کرتا ہے۔ ص= افیون ۱ ماشہ۔ روغن گل ۲ تولہ۔ سرکہ خالص ۴ قطرے ملاکر کان میں ٹپکائیں۔

روغن= کان کے درد کو اچھا کرتا ہے۔ کان کے کیڑوں کو مار کر نکالتا ہے کان کی پیپ اور مواد کو آرام کرتا ہے۔ ص= مرکی ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۴ ماشہ۔ دم الاخوین ۴ ماشہ۔ آب مولی تازہ ۱ تولہ۔ آب پیاز ۱ تولہ۔ روغن گل ۴ تولہ۔ روغن نیم ۲ تولہ۔ پیسنے کی دواؤں کو پیسکر ملاکر آگ پر رکھکر پکائیں کہ مولی اور پیاز کا عرق جذب ہو جائے چھانکر رکھ لیں۔ ضرورت کے وقت کان میں ٹپکائیں

ہدایت= کان میں ہمیشہ گرم کر کے دوا ڈالنی چاہئے۔

روغن = کانوں کی خشکی اور ابتدا ثقل سماعت (بہرا پن) کو دور کرتا ہے
ص = روغن بادام تلخ نیمگرم کانوں کے اندر ٹپکانا چاہئے

امراض بینی (ناک کی بیماریاں)

دوا = پینس کو اچھا کرتی ہے = ص = ستیاناسی کی جڑ ا تولہ۔ مرچ سیاہ پانچ دانہ۔ ایک چھٹانک ٹھنڈے پانی میں اس قدر پیسکر کہ چھاننے کی ضرورت نہو پلائیں۔ پرانے مرض میں عرصہ تک پلانا چاہئے۔

سعوط = نکسیر کو فوراً اچھا کرتا ہے = ص = آنار کے پھول کی تازہ پتیاں عورت کے دودھ میں حل کرکے ناک کے نتھنے میں ٹپکائیں (ایسی عورت کے دودھ میں زیادہ بہتر ہوگا جو لڑکی کو دودھ پلاتی ہو)

سعوط = نکسیر کیلئے اکسیر ہے = ص = افیون۔ کندر۔ کافور۔ ہموزن لیکر ٹھنڈے پانی میں پیسکر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط = ناک کے کیڑوں کو خارج کرتا ہے = ص = کافور ۳ رتی۔ آب دونہ مروا تازہ میں حل کرکے ناک میں ٹپکائیں۔

ضماد = نکسیر کے خون کو فی الفور بند کرتا ہے = ص = گل ملتانی ۶ ماشہ۔ سریش ۱ ماشہ۔ پانی میں حل کرکے نیمگرم پیشانی پر لیپ کریں۔

نفوخ = نکسیر کو حکمی بند کرتا ہے = ص = اونٹ کے بال جلا کر سرد کرکے ناک میں پھونکیں۔

نفوخ = ناک کے کیڑوں کو نکالتا ہے = ص = تخم ڈھاک باریک پیسکر بطور ہلاس کے سونگھیں۔

مرہم = ناک کی خشکی اور زخم کو آرام کرتا ہے = ناک کی کھجلی اور سوزش کو اچھا کرتا ہے = ص = مغز بادام مقشر ۲ تولہ۔ مغز تخم کدو دو تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ نبات ۳ تولہ۔ ان تمام دواؤں کو خوب باریک پیسکر روغن زرد تین تولہ۔ ملاکر قلعی دار پتیلی میں خوب پکائیں کہ دوائیں سرخ ہو جائیں۔ کپڑے میں چھانکر روغن کو چینی یا شیشے کے برتن میں رکھیں ضرورت کے وقت ناک کے اندر لگائیں۔

امراض دہن۔زبان۔حلق

(منہ۔زبان۔حلق کی بیماریاں)

حب = زبان کی لکنت کو دور کرتی ہے = ص = زرنبک ا تولہ۔ پوست سماق ا تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ اذخر ۶ ماشہ۔ عاقر قرحا ۶ ماشہ۔ برہنڈی ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھانکر شہد میں کابلی چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک ایک گولی منہ میں رکھکر رس چوسنا چاہئے۔ دن میں چار پانچ گولیوں تک استعمال کرسکتے ہیں

حب = منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے = ص = قرنفل ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مویز خایخی ۳ ماشہ۔ پیسکر پانی

میں بڑے چنے کے برابر گولیاں بنا کر منہ میں رکھیں۔ (دن میں چار۔ پانچ گولیاں استعمال کر سکتے ہیں)

دوا۔ آتشک کی وجہ سے منہ میں اور تالو میں زخم ہو گئے ہوں انکو اچھا کرتی ہے۔ **ص** ۔ آم کے زرد پتے خشک پیسکر چلم میں رکھکر اور اوپر سے بیر کی لکڑی کے کوئلہ کی آگ رکھکر ایک ہفتہ تک حقہ پینا چاہئے۔

دوا۔ خناق کیلئے حکمی ہے۔ **ص** ۔ مہوہ کی گٹھلی ۲ ماشہ۔ باریک پیسکر پانی کے ہمراہ نوش کریں۔ بلغم خارج ہو کر فوراً تسکین ہو گی

دوا۔ خناق کو آرام کرتی ہے۔ **ص** ۔ تخم بکائن حقہ میں۔ رکھکر پینا چاہئے۔

ذرور۔ منہ کے چھالوں اور سوزش کو اچھا کرتا ہے۔ **ص** ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ گلسرخ ۲ ماشہ۔ کشنیز خشک ۲ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ کتھہ سفید ۲ ماشہ۔ دواؤں کو باریک پیسکر چھان کر منہ میں چھڑکیں۔

ذرور۔ بچوں کے منہ کے چھالوں کو آرام کرتا ہے۔ گل بنفشہ ۲ ماشہ گلسرخ ۲ ماشہ۔ باریک پیسکر چھانکر منہ کے اندر چھڑکنا چاہئے۔

ضماد۔ حلق کے غدودوں کے ورم کو آرام کرتا ہے۔ **ص** ۔ اکلیل الملک ۲ ماشہ۔ بابونہ ۲ ماشہ۔ جدوار ۲ ماشہ

عنب الثعلب خشک ۵ ماشہ۔ صبر ۳ ماشہ۔ مغز فلوس خیارشنبر ۵ ماشہ۔ تازہ مکوہ کے عرق میں حل کر کے نیمگرم گلے کے باہر لیپ کریں۔

غرغرہ: تالو۔ زبان۔ اور حلق کے زخم اور سوزش کو اچھا کرتا ہے۔ ص: رسوت ۶ ماشہ۔ کتھ سفید ۶ ماشہ۔ دواؤں کو شیر گوسفند۔ تازہ میں جوش دیکر صاف کر کے غرارہ کریں۔

غرغرہ: خناق کو اچھا کرتا ہے۔ ص: پوست اخروٹ سبز یا خشک پانی میں جوش کر کے چھانکر غرارہ کریں۔

غرغرہ کوّے اور حلق کے غدودوں کے ورم کو دور کرتا ہے۔ ص: مائین ۳ ماشہ۔ مازو ۳ ماشہ۔ عناب ۳ ماشہ۔ بنفشہ ۳ ماشہ۔ عنب الثعلب خشک ۵ ماشہ۔ برگ شہتوت تازہ ۴ عدد پانی میں جوش دیکر صاف کر کے غرارہ کریں۔

امراض دندان ولثہ

(دانت اور مسوڑھوں کی بیماریاں)

سنون امنجن: دانت اور مسوڑھوں کی تمام بیماریوں کو اچھا کرتا ہے۔ ص: پوست انار ۱ تولہ۔ گلنار ۱ تولہ۔ ہلدی ۱ تولہ۔ پھٹکری سوختہ ۱ تولہ۔ بائے برنگ ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ دانہ الائچی ۱ تولہ۔ آملہ خشک ۱ تولہ۔

پوست ہلیلہ ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ
قسط شیریں ۱ تولہ۔ کلنجن ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ نسوار ۱ تولہ۔ موچرس ۱ تولہ۔
سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ مجیٹھ ۱ تولہ۔ ناگرموتھا ۱ تولہ۔ صدف صادق سوختہ ۱ تولہ۔
سون مکھی ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ دم الاخوین ۱ تولہ
سنگجراحت ۱ تولہ۔ پوست سماق ۱ تولہ۔ باریک پیسکر چھانکر منجن بنا کر صبح اور
رات کو سوتے وقت دانتوں اور مسوڑھوں پر ملنا چاہیے۔

سنون (منجن) دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مسوڑھوں کے زخم کو اچھا کرتا ہے ؎ ص ؎ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ مجیٹھ ۱ تولہ۔
توتیا بریاں ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ بودھ پٹھانی ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔
کوٹ چھانکر منجن بنا کر دانت اور مسوڑھوں پر ملیں اور اوپر سے پان کھائیں
ایک گھنٹہ تک پانی سے پرہیز کریں۔

سنون ؎ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اور آبدار بناتا ہے ؎ ص ؎ اقاقیا ۲ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ آملہ خشک ۲ ماشہ۔
مازو ۲ ماشہ۔ موصلی سفید ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ فوفل سوختہ ۲ ماشہ
پوست درخت مغیل ۲ ماشہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ توتیا بریاں ۲ ماشہ
دواؤں کو کوٹ چھانکر منجن بنا کر استعمال کریں۔

سنون ؎ دانتوں کے کیڑے مار کر نکالتا ہے۔ دانتوں کی بد بو کو دور کرتا ہے۔ دانتوں کے درد کو آرام کرتا ہے۔
مسوڑھوں کی پیپ اور خون کو بند کرتا ہے۔ گوشت خورے کو آرام کرتا

ہے ۔ ص ۔ فوفل کہنہ سوختہ ۲ تولہ ۔ مازو ۱ تولہ ۔ بودھ پٹھانی ۱ تولہ ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ ۔ قرنفل ۱ تولہ ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ ۔ کافور ۲ تولہ ۔ پھلی کیکر ۱ تولہ ۔ گلنار ۱ تولہ ۔ پیپل خورد ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر منجن بناکر صبح رات کو لگائیں ۔

عرق مستی ۔ دانتوں کی بدبو کو دور کرتا ہے ۔ ہونٹوں پر دہیڑی جاتا ہے ۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے ۔ دانتوں کے درد کو آرام کرتا ہے ۔ مسوڑھوں کو خوش رنگ کرتا ہے ۔ ص ۔ عرق منڈی ۵ سیر روغن صندل ایک چھٹانک ۔ سنگجراحت ایک تولہ ۔ پھٹکری خام ایک تولہ ۔ عطر کیوڑہ ایک تولہ ۔ ان سب کو یکجا کرکے بھبکہ کے ذریعہ سے عرق کشید کرلیں ۔ تین چار قطرے پان میں ڈالکر نوش کریں ۔

امراض صدر و شش (سینہ اور پھیپھڑوں کی بیماریاں)

حب ۔ سل کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ صمغ عربی ۱ ماشہ ۔ کتنیرا ۱ ماشہ ۔ نشاستہ گندم ۱ ماشہ ۔ مغز بادام ۱ ماشہ ۔ افیون ۲ ماشہ ۔ تخم خشخاش سفید ۱ ماشہ ۔ لعاب بیدانہ میں چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھلائیں ۔

حب ۔ سل کو آرام کرتی ہے ۔ ص ۔ سنگجراحت ۲ ماشہ ۔ کتیرا ۲ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ

نشاستہ گندم ۲۔ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۲۔ ماشہ۔ تخم خطمی ۲۔ ماشہ۔
گیرو ۲۔ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ کوٹ پیکر بارتنگ کے پانی میں چنے کے
برابر گولیاں بناکر ایک صبح ایک شام مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

حب: سل۔ خشک کھانسی۔ ضیق النفس کو آرام کرتی ہے۔ ص: زوفائے خشک ۲ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔
رب السوس ۱ تولہ۔ کتیرا ۱ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ
نشاستہ گندم ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر اسپغول کے لعاب میں بڑے چنے کے برابر
گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک دے سکتے ہیں۔

حب: دمہ اور پرانی کھانسی کیلئے اکسیر ہے۔ ص: برگ دہتورہ۔ برگ مدار۔ ہموزن۔ قند سیاہ دوچند۔ خوب کوٹ کر چنے کے
برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں۔ گھی دودھ خوب کھلائیں

حب: کالی کھانسی کیلئے مفید ہے۔ ص: فلفل ۱۰ ماشہ۔ دار فلفل ایک ماشہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ جواکھار ۵ ماشہ۔ کاکڑا سینگی ۵ ماشہ
قند سیاہ ۷ تولہ۔ کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح اور
ایک شام کھلائیں۔

حب: ہر قسم کی کھانسی کیلئے مفید ہے۔ ص: رب السوس ۱۰ تولہ
کتیرا ۱۰ تولہ۔ صمغ عربی ۱۰ تولہ۔ نشاستہ گندم ۱۰ ماشہ۔
مغز بادام مقشر ۴ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ بیخ سوسن ۹ ماشہ۔ نبات
چار تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھانکر ایک سو بان کے عرق میں کھرل کرکے

بڑے چنے کے برابر گولیاں بناکر رکھ لیں ایک ایک گولی صبح۔دوپہر۔رات کو کھلائیں یا ان گولیوں کا منہ میں رکھ کر رس چوسیں۔

دوا: دمہ کیلئے اکسیر ہے۔پورانی بلغمی کھانسی کو اچھا کرتی ہے۔ ص: آکھ (مدار) کا دودھ۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ تینوں ہموزن لیکر خوب کھرل کریں۔ علی الصباح دو چاول دوا مکھن میں ملاکر نوش کرائیں۔ گھی۔دودھ کافی مقدار میں استعمال کریں۔

دوا: دمہ کیلئے بہت مفید ہے۔ ص: سنکھیا سفید ا تولہ۔اسپند سوختنی ایک تولہ۔ بارہ گھنٹے تک کریل کے ڈنڈے سے مٹی کی کونڈی میں حل کریں پھر بھیڑ کا دودھ آدھ پاؤ ملاکر اس قدر کھرل کریں کہ دودھ جذب ہو جائے۔ ایک چاول سے دو چاول تک مکھن۔یا ملائی میں کھلائیں مرغن اور مجرب غذائیں کھلائیں۔

دوا: دمہ کیلئے نہایت مفید ہے۔ ص: برنج قسم اول ، تولہ۔ گائے کے پتہ میں بھر کر منہ مضبوط بند کرکے چالیس روز تک کسی محفوظ جگہ لٹکا دیں تاکہ چاول پتہ کا پانی اپنے میں جذب کرلیں اور خشک ہو جائیں۔ بعدہ ایک تولہ چاول پیکر سات تولہ شکر سرخ ملاکر سات حصے بناکر سات روز تک علی الصباح ایک حصہ پانی سے کھلائیں۔غذا شوربہ چپاتی۔ بادی ترشی سے پرہیز کریں۔

روغن: سینہ اور پھیپھڑوں کے درد کو آرام کرتا ہے۔ زنجبیل ۳ ماشہ لوبان ۲ ماشہ۔ صبر ۲ ماشہ۔ افیون ۴ رتی۔ روغن گل ۵ تولہ

سب دواؤں کو پیسکر روغن گل میں حل کر کے نیمگرم چپڑیں اور اوپر سے روئی گرم کر کے سینک کر باندھیں۔

سفوف۔ نفث الدم (خون تھوکنے) کو اچھا کرتا ہے۔ ص۔ کہربائے شمعی تین ماشہ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ گل ملتانی ۳ ماشہ۔ بیخ انجبار ۶ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین تین ماشہ صبح دوپہر شام کو پانی یا کسی مناسب بدرقہ کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف۔ دمہ۔ کھانسی۔ پسلی کے درد کو آرام کرتا ہے۔ ص۔ رب السوس سات ماشہ۔ تنکر تیغال ۷ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۲ تولہ۔ تخم خشخاش سیاہ ۲ تولہ۔ تخم خبازی ۷ ماشہ۔ بہدانہ ۷ ماشہ۔ حلبہ ۱ تولہ۔ دواؤں کو کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک عرق بادیان شربت بنفشہ کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف۔ دمہ کیلئے مفید ہے۔ ص۔ دانہ اسپند سوختنی کوٹ چھانکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف۔ بلغمی کھانسی اور ابتدائے دمہ کیلئے بہت مفید ہے۔ ص۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ مغز سمندر پھل ۶ ماشہ۔ پوست خشخاش ۶ ماشہ۔ پیپل ۶ ماشہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔ کاکڑا سینگی ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھانکر سفوف بناکر ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک کھلائیں۔

قرص۔ سل کو اچھا کرتی ہے۔ سرطان نہری سوختہ ۲ تولہ۔ رب السوس سات ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۷ ماشہ۔ تخم خشخاش سیاہ ۷ ماشہ۔

تخم خرفہ ۷ ماشہ۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۷ ماشہ۔ طباشیر ۷ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۰ ماشہ۔ گل ارمنی ۱۰ ماشہ۔ کوٹ چھانکر اسپغول کے لعاب میں قرص بناکر نوش کرائیں۔

لعوق: نئی پورانی۔ تر و خشک کھانسی کیلئے بے حد مفید ہے۔ مغز فلوس خیارشنبر تین تولہ۔ مغز بادام ۷ عدد۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ رب اسوس ۳ ماشہ آرد باقلا ۷ ماشہ۔ شکر تیغال ۴ ماشہ۔ قند سفید ۵ تولہ۔ لعوق تیار کرکے صبح شام کھلائیں۔ ضرورت کیلئے دن میں دو تین مرتبہ تھوڑا چٹائیں۔

وجور: درقیق دوا حلق میں ٹپکانا، ام الصبیان (ڈبہ اطفال) کھانسی۔ بچوں کے ضیق النفس۔ بچوں کے دماغ۔ سینہ اور شکم کی بیماریوں کو اچھا کرتا ہے۔ بچوں کے پیٹ کے درد نفخ کو آرام کرتا ہے۔ قبض کشا ہے =

ص = پودینہ خشک ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۳ ماشہ۔ نسوت ۶ ماشہ۔ پیسکر چھانکر سفوف بنالیں چار رتی سے دو ماشہ تک والدہ کی دودھ میں گھول کر یا عرق بادیان میں گھول کر چمچے سے پلائیں۔

امراض قلب (دل کی بیماریاں)

جوارش: مقوی دل۔ مفرح دل۔ خفقان۔ مراق۔ توحش۔ کو دور کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ ہے = ص =

آب ترنج ۳ تولہ۔ آب آنار ترش ۳ تولہ۔ آب انار شیریں ۳ تولہ۔ آب امرود

تین تولہ۔ آب جامن ۳ تولہ۔ آب ناشپاتی ۳ تولہ۔ آب پودینہ سبز ۳ تولہ۔ آب لیموں ۳ تولہ۔ عرق گلاب نیم پاؤ۔ عرق نعناع ۴ تولہ۔ آب زرشک ۱ تولہ۔ آب سماق ۱ تولہ۔ آب بہ شیریں ۳ تولہ۔ آب سیب ولایتی ۳ تولہ۔ نبات سفید ۱/۲ پاؤ۔ ان سب کا قوام پکا کر اس میں یہ دوائیں اور ملائیں۔ دانہ ہیل ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔ یشب سبز ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ عود غرقی ۴ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر ۴ ماشہ۔ سنبل الطیب ۴ ماشہ۔ پوست ترنج ۴ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۴ ماشہ۔ کشنیز خشک بریاں ۴ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ جوز بوا ۲ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۴ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ دانہ مویز بریاں ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ کوٹ چھانکر قوام میں ملا کر جوارش تیار کریں اور ورق نقرہ ۲ ماشہ اور ملالیں۔ مقدار خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک صبح شام۔

جوارش دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو اچھا کرتی ہے۔ خفقان اور وسواس کو دور کرتی ہے۔ مقوی اور مفرح ہے۔ رباح مراقی کو رفع کرتی ہے۔ ص۔ زرنباد ۱ تولہ۔ عود ہندی ۱ تولہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ۔ بسباسہ ایک تولہ۔ برگ گاؤزبان ۱ تولہ۔ فرنجمشک ۱ تولہ۔ زرنب ۱ تولہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ شہد موزون میں جوارش تیار کریں۔ پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک صبح شام مناسب عرق کے ہمراہ کھلائیں۔

حب مقوی دل۔ دافع خفقان ہے۔ روح اور حرارت غریزی کو بڑھاتی ہے۔ دل کی تمام بیماریوں کو اچھا کرتی ہے۔ ص۔

مروارید ناسفتہ ۷ ماشہ۔ زمرد ۷ ماشہ۔ فادزہر ا تولہ ۹ ماشہ۔ زیب سبز ۷ ماشہ
لاجورد مغسول ۷ ماشہ۔ یاقوت احمر ۷ ماشہ۔ بسد ۷ ماشہ۔ عقیق سرخ ۷ ماشہ
عقیق زرد ۷ ماشہ۔ مرجان ۷ ماشہ۔ مومیائی ۳۔ ماشہ۔ جدوار ۳۔ ماشہ۔
عنبر اشہب ۳۔ ماشہ۔ مشک خالص ۳۔ ماشہ۔ نارجیل دریائی ۳۔ ماشہ۔ ورق طلا
۳۔ ماشہ۔ ورق نقرہ ا تولہ۔ عرق گلاب ایک بوتل۔ عرق کیوڑہ ایک بوتل
میں خوب کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح باریک ہوجائے تو جوار کے برابر گولیاں
بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک شام مناسب عرق کے ہمراہ کھلائیں۔

دل کی گھبراہٹ اور دھڑکن کو اچھا کرتا ہے = ص = برادہ صندل
خمیرہ = سفید ۵ تولہ۔ برادہ صندل سرخ ۵ تولہ۔ عرق گلاب آدہ سیر۔
میں ایک رات دن بھگو کر خفیف سا جوش دیکر مصری ڈہائی پاؤ ملاکر قوام
پکاکر خمیرہ تیار کریں۔ سات ماشہ سے ایک تولہ تک صبح شام کھلائیں۔

دل کی دھڑکن کو دور کرتی ہے۔ دل کو طاقت پہونچاتی ہے۔
دوا = مراق اور ریاح باسوری کو دفع کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت پہونچاتی
ہے۔ بھوک بڑہاتی ہے = ص = طباشیر کبود ۵ ماشہ۔ طالیسفر ۵ ماشہ۔
دار فلفل ۵ ماشہ۔ پوست خس خشبو ۵ ماشہ۔ دانہ ہیل ۵ ماشہ۔ سعد کوفی
پانچ ماشہ۔ زعفران خالص ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔ درونج عقربی
۹ ماشہ۔ مشک خالص ۴ رتی۔ ان سب دواؤں کا سفوف بناکر اس میں
سے چھ رتی سفوف مفصلہ ذیل شربت ا تولہ میں ملاکر چاٹنا چاہئے = ص =
آب انار شیریں ۱ نار۔ آب ادرک ۲ تولہ۔ شکر سفید ۶ نار شربت

تیار کریں۔ پورانے مریض کو زیادہ عرصہ تک کھلانا چاہئے۔

دواء دل کو فرحت دیتی ہے۔ توحش کو دور کرتی ہے۔ ص۔ افتیمون تین ماشہ۔ کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رات کو عرق گلاب ۴ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۴ تولہ۔ میں چینی یا شیشے کے پیالے میں بھگو دیں صبح صاف کرکے شربت نیلوفر ۲ تولہ۔ ملا کر پلا دیں۔

دواء دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ دل کو طاقت پہونچاتی ہے اعلیٰ درجہ کی مفرح ہے۔ ص۔ یشب سبز ۱ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ نارجیل دریائی ۱ تولہ۔ مرجان ۱ تولہ۔ عرق گلاب اور عرق کیوڑہ میں اکیس روز کھرل کرکے شیشی میں رکھ لیں۔ ضرورت کے وقت چار چاول سے آٹھ چاول تک آملہ کے مربہ میں یا سیوتی کے گلقند میں کھلائیں۔

سفوف دل کی دھڑکن کو جو کہ تبخیر کی وجہ سے ہوا اچھا کرتا ہے۔ مالیخولیا اور مراق کیلئے بے حد مفید ہے۔ دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ ص۔ بادیان ۲ تولہ۔ افتیمون ولائتی ۱ تولہ۔ صعتر ۱ تولہ مصطگی رومی ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی ۲ ماشہ۔ عود غرقی ۲ ماشہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ انار دانہ ۱ تولہ۔ جدوار ۲ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر دو ماشہ صبح دو ماشہ شام پانی یا کسی مناسب عرق کے ہمراہ کھلائیں۔

شربت دل کو فرحت دیتا ہے۔ خفقان۔ مالیخولیا کو آرام کرتا ہے۔ ص۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ گل نیلوفر ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔

گل بنفشہ ۱تولہ ۔ فرنجمشک ۱تولہ ۔ تخم کاسنی ۱تولہ ۔ تخم خیارین ۱تولہ ۔ افتیمون ۳تولہ آلو بخارا ۲۰دانہ ۔ نبات سہ چند میں قوام بناکر شربت تیار کرکے کسی مناسب عرق کے ہمراہ پلائیں ۔ (عرق گاؤزبان ۔ عرق نیلوفر ۔ عرق گذر ملاکر)

شربت : مقوی دل ہے ۔ دل کی گرمی کو دور کرتا ہے ۔ خفقان گرم کو آرام کرتا ہے ۔ ص ۔ برادہ صندل سفید ۱۰تولہ ۔ گل سرخ ۱۰تولہ ۔ گل نیلوفر ۱۰تولہ ۔ برگ گاؤزبان ۱۰تولہ ۔ قند سفید ایک پاؤ میں شربت کا قوام بناکر سرد ہونے پر طباشیر سفید ۳۰ ماشہ ۔ باریک پیسکر ملادیں تین تولہ سے چار تولہ تک ٹھنڈے پانی میں گھول کر یا کسی مناسب عرق میں ملاکر پلائیں ۔

عرق : مقوی مفرح قلب ۔ رافع صفرا ۔ مانع تبخیر ۔ ص ۔ عناب ۵تولہ ۔ اصل السوس مقشر ۵تولہ ۔ گل بنفشہ ۵تولہ ۔ تخم خطمی ۵تولہ سپستان پانچ تولہ ۔ تخم خیارین ۵تولہ ۔ ابریشم خام مقرض ۶تار ۔ برگ گاؤزبان ۶تار ۔ گل گاؤزبان ۵تولہ ۔ بادرنجبویہ ۵تولہ ۔ آملہ منقے ۵تولہ ۔ گل سیوتی ۵تولہ مغز تخم کدو شیریں ۵تولہ ۔ الائچی سفید ۶تار ۔ کشنیز خشک ۵تولہ ۔ زرشک ۵تولہ گلسرخ ۵تولہ ۔ برادہ صندل سفید ۵تولہ ۔ تخم کاسنی ۵تولہ ۔ تخم خرفہ سیاہ ۵تولہ عود غرقی ۲تولہ ۔ طباشیر کبود ۲تولہ ۔ رات کو دریا کے آٹھ سیر پانی میں یا بارش کے پانی میں بھگودیں صبح عرق گاؤزبان ۲سیر ۔ آب انار شیریں آدہ سیر عرق بید مشک سادہ آدہ سیر ملاکر بھبکے کے نیچے میں زعفران ۲ماشہ ۔ کافور ۲ماشہ دانہ الائچی ۲ماشہ ۔ مشک خالص ۲ماشہ ۔ عنبر اشہب ۲ماشہ ۔ باندھکر عرق کشید کریں ۔ صبح شام پانچ تولہ سے سات تولہ تک پلائیں ۔ تنہا یا مصری ملاکر

عرق = دل کو فرحت اور طاقت پہونچاتا ہے۔ خون بکثرت پیدا کرتا ہے
ص = گاجروں کا چھلکا اور ہڈی صاف کر کے لکڑی کے یا پتھر
کے برتن میں کچل کر ڈیڑھ سیر عرق نچوڑ لیں اور اس میں مربہ آملہ گٹھلی صاف
کر کے ایک سیر۔ کشمش سبز ایک سیر ملا کر بھبکے کے ذریعہ عرق کشید کریں۔ پانچ تولہ
سے آٹھ تولہ تک مصری یا مناسب شربت ملا کر پلائیں۔

عرق = دل کی سردی کو دور کرتا ہے۔ تقویت دیتا ہے۔ دھڑکن کو
دور کرتا ہے۔ تبخیر کی وجہ سے دھڑکن ہو اس کو آرام کرتا ہے۔
ص = پان ایک سو عدد۔ دارچینی ۱ تولہ ۲ ماشہ۔ جاوتری ۷ ماشہ۔ جائفل
سات ماشہ۔ گل سیوتی ایک سیر۔ پانی سات سیر میں رات کو بھگو کر صبح بھبکے
کے ذریعہ عرق کشید کر کے پانچ تولہ سے آٹھ تولہ تک مصری یا شربت ملا کر پلائیں

معجون = دل کے غلاف اور دل کے کواڑوں کی سوزش اور دل کے درد
کو آرام کرتی ہے۔ غشی اور دھڑکن کو دور کرتی۔ دل کو طاقت
اور فرحت دیتی ہے۔ ص = مربہ ہلیلہ بلا خستہ ۷ عدد۔ مربہ آملہ بلا خستہ ۹ عدد
مربہ سیب ۳ عدد۔ گلقند آفتابی ۱۰ تولہ۔ گلقند سیوتی ۱۰ تولہ ان کو چٹنی کی طرح
پیس کر آلو بخارا ۱۵ دانہ۔ زرشک ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان ۳ تولہ۔ برگ گاؤزبان
تین تولہ۔ برگ بادرنجبویہ ۲ تولہ۔ بہمن سفید نیکوفتہ ۲ تولہ۔ بہمن سرخ نیکوفتہ
دو تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ کو عرق گاؤزبان ۲ سیر میں رات کو بھگو کر صبح
جوش دیکر ملکر چھانکر عرق کیوڑہ آدھ سیر۔ آب آملہ سبز ۱۰ تولہ۔ آب انار شیریں
پانچ تولہ۔ آب انار ترش ۵ تولہ۔ قند سفید تین پاؤ۔ میں قوام پکا کر زہر مہرہ

ایک تولہ ۔ طباشیر ۱ تولہ ۔ یشب سبز ۱ تولہ ۔ صندل سفید ۹ ماشہ ۔ بسباسہ ۶ ماشہ عود غرقی ۶ ماشہ ۔ باریک پیسکر ملا کر معجون تیار کر لیں ۔ پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں ۔

معجون = دل کی تمام بیماریوں کو فائدہ کرتی ہے = ص = مربہ بلیلہ بلاخستہ پانچ تولہ ۔ مربہ آملہ بلاخستہ ۵ تولہ ۔ آلو بخارا ۵ تولہ ۔ زرشک پانچ تولہ ۔ گلقند ۵ تولہ ۔ گل نیلوفر ۱ تولہ ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ ۔ گل چاندنی ۱ تولہ ۔ گلسرخ ۱ تولہ ۔ گل سیوتی ۱ تولہ ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ ۔ صندل سفید ۱ تولہ ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ ۔ فرنجمشک ۷ ماشہ ۔ بہمن سفید ۱ تولہ ۔ پودینہ خشک ۶ ماشہ ۔ عود خام ۶ ماشہ درونج عقربی ۶ ماشہ ۔ عود صلیب ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ ۔ مرجان ۳ ماشہ ۔ یشب سبز ۳ ماشہ ۔ نبات سفید سہ چند کے قوام میں معجون تیار کرکے سات ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں ۔

یاقوتی ۔ دل کو طاقت اور فرحت دیتی ہے ۔ غم و توحش کو دور کرتی ہے ۔ مالیخولیا کو نفع دیتی ہے = ص = یاقوت رمانی ۷ ماشہ ۔ مروارید ناسفتہ ۷ ماشہ ۔ بسد ۷ ماشہ ۔ کہرباے شمعی ۷ ماشہ ۔ لاجورد مغسول نو ماشہ ۔ صندل سفید ۱ تولہ ۔ برگ گاؤزبان ۱ تولہ ۔ مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ ۔ تخم کاہو ۱ تولہ ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ ۔ تخم خرفہ ۱ تولہ ۔ تخم فرنجمشک ایک تولہ ۔ دانہ الائچی ۶ ماشہ ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ زعفران ۶ ماشہ ۔ ورق طلا ۲۰ عدد ۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد ۔ نبات ایک رطل دواؤں کو کوٹ چھانکر نبات کے قوام میں یاقوتی تیار کرکے دو ماشہ سے چھ ماشہ تک کھلائیں

امراض معدہ۔ جگر۔ طحال۔

(معدہ۔ جگر۔ اور تلی کی بیماریاں)

اطریفل= مقوی معدہ۔ معدہ کو اخلاط غلیظہ سے پاک صاف کرتا ہے معدہ کی رطوبات کو جذب کرتا ہے= ص = پوست ہلیلہ زرد دو تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ خشک ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام سے چرب کر کے تین ۳ تولہ۔ شہد میں ملاکر اطریفل تیار کر لیں۔ ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح اور رات کو کھلائیں۔

جوارش= نفخ معدہ کو دور کرتی ہے۔ بلغم اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مار کر خارج کرتی ہے۔ بند پیشاب کو کھولتی ہے۔ حیض جاری کرتی ہے۔ رحم کے درد کو دور کرتی ہے= ص = کلونجی ۱۷ ماشہ سرکہ خالص میں چوبیس گھنٹے تک بھگو دیں۔ خشک کر کے کوٹ چھانکر شکر سفید آدھ سیر کے قوام میں جوارش تیار کر لیں نو ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک صبح شام کھلائیں۔

حب= معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ کھانا ہضم کرتی ہے۔ پیٹ کے درد کو آرام کرتی ہے۔ متلی اور قے کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ میں مفید ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے۔ نفخ کو دور کرتی ہے۔ جگر کی اصلاح کرتی ہے= ص = نمک سانبھر ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ دار فلفل ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ پیپل ۱ تولہ۔ ادرک ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ گل آکھ ۱ تولہ

سبز پودینہ کے عرق میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں۔

حب = معدہ۔ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ ورم جگر۔ ورم تلی کو دور کرتی ہے ہاضم ہے۔ متلی اور قے کو آرام کرتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مار کر نکالتی ہے = ص = گندھک آملہ سار۔ مدبر (۲۱ یا ۱۴ مرتبہ گائے کے دودھ میں بجھاؤ دینا چاہیئے) اتولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۳ ماشہ۔ عرق لیموں میں تین یوم تک خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حب = ہاضم اور قبض کشا ہے۔ معدہ اور جگر کی رطوبات اور صفرا کو دور کرتا ہے = ص = پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ سناکی ۲ تولہ۔ آملہ خشک ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ۔ نمک سیاہ اتولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھانکر لیموں کے عرق میں کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔ رات کو سوتے وقت دو گولیوں سے چار گولیوں تک کھلائیں۔

حب = ہاضم اور خوش ذائقہ ہے = ص = چوک ترش ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر لیموں کے عرق میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک بعد غذا کھلائیں۔ (نہار منہ بھی کھلا سکتے ہیں)

حب = معدہ۔ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ غذا ہضم کرتی

ہے۔ پیٹ کے درد کو اچھا کرتی ہے۔ گرم مزاج والوں کیلئے بہت مفید ہے =
ص = پوست ترنج ۵ ماشہ۔ بادیان ۷ ماشہ۔ گلسرخ ۶ ماشہ۔
دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ صندل سفید در عرق گلاب سودہ ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید اتولہ
پودینہ خشک اتولہ۔ کشنیز خشک مقشر ۵ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ نمک لاہوری
دو تولہ۔ نمک سیاہ اتولہ۔ انار دانہ ترش ۴ تولہ۔ زرشک اتولہ۔ پوست سماق
ایک تولہ۔ پیس چھانکر لیموں کے عرق میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر
ایک گولی سے چھ گولی تک بعد غذا کے کھلائیں۔ نہار منہ بھی کھلا سکتے ہیں،

حب = معدہ کے درد کو اچھا کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ ہیضہ کیلئے بجد مفید ہے۔ معدہ۔ جگر کی بہت سی بیماریوں کو اچھا کرتی ہے = ص =
غنچہ مدار ناشگفتہ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ نمک طعام ۲ تولہ۔ قرنفل کلاں ۹ ماشہ
نوشادر مصعد ۹ ماشہ۔ ہینگ آب نارسیدہ ۴ ماشہ۔ افیون ۱۔ ماشہ۔ کوٹ چھانکر
ایک روز ادرک کے عرق میں کھرل کرکے دوا کو خشک کریں بعدہٗ لیموں کے عرق میں
کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک عرق گلاب کے
ہمراہ کھلائیں۔

حب = استسقا اصلبدرہا کو اچھا کرتی ہے = ص = برگ عشر ایک پاؤ۔ زردچوب ساڑھے تین ماشہ۔ خوب کھرل کرکے چنے سے چھوٹی گولیاں بناکر
ایک ایک گولی صبح شام کھلائیں۔

حب = ہیضہ۔ بدہضمی۔ تلی۔ قے۔ دست کو اچھا کرتی ہے۔ معدہ کو ہیضہ کی سمیت سے پاک کرتی ہے = ص = نارجیل دریائی پونے دو ماشہ۔

تخم ترنج ۲۔ماشہ۔ تخم نارنج ۲۔ماشہ۔ تخم لیموں ۲۔ماشہ۔ عرق گلاب میں اچھی طرح کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناکر۔ تین گولی سے چھ گولی تک دیں

حب = بلغمی مزاج والوں کے ہیضہ کیلئے بے حد مفید ہے = ص = بیارانگہ ۲ماشہ۔ پپیا ۲ماشہ۔ نارجیل دریائی ۲ماشہ۔ طباشیر چھ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ماشہ۔ مغز تخم اترج ۲ماشہ۔ عرق گلاب میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک عرق گلاب یا عرق بادیان کے ہمراہ دیں۔

حب = ہیضہ وبائی اور غذائی دونوں کیلئے مفید ہے = ص = غنچہ آکھ ناشگفتہ ۱تولہ۔ قرنفل ۵ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۵ماشہ زنجبیل ۵ماشہ۔ دارفلفل ۵ماشہ۔ گلاب کے عرق میں کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر بناکر ایک گولی سے چار گولی تک عرق گلاب کے ہمراہ دیں۔

حب = ہیضہ کیلئے بے حد مفید ہے = ص = بیخ مدار (آکھ) ۱تولہ۔ ادرک ۱تولہ۔ دونوں کو خوب کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی سے چار گولی تک عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں۔

حب = تلی اور جگر کے ورم کو اچھا کرتی ہے۔ معدہ کی اصلاح کرتی ہے بھوک بڑھاتی ہے = ص = شورہ قلمی ۱تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱تولہ کالی زیری ۱تولہ۔ افسنتین ۱تولہ۔ سب کو کوٹ چھانکر پانی کو ہمراہ چنے کے برابر گولی بناکر صبح شام دوپہر کو ایک ایک گولی پانی یا کسی مناسب عرق سے کھلائیں۔

حَب: تلی کیلئے اکسیر ہے: ص: رسوت ۶ ماشہ۔ ایلوا ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ پیسکر پانی میں مونگ کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے تین گولی تک صبح شام کھلائیں۔

حَب: تلی کے ورم کو اچھا کرتی ہے: ص: ریوند خطائی ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ صبر سقوطری ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ سرکہ تیز عمدہ ۴ تولہ لیکر تمام دواؤں کو کوٹ چھانکر سرکہ میں ملاکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو کھلائیں۔

دوا: مقوی معدہ ہے۔ ہیضہ کو اچھا کرتی ہے: ص: ایک عدد سیب کشمیری پختہ لیکر اس میں برابر برابر لونگیں ڈنڈی کی طرف سے چبھو دیں اور سیب کو سایہ میں ڈورہ باندھ کر خشک کرنے کیلئے لٹکا دیں جب سیب خشک ہوجائے تو مع لونگوں کے سیب کو کھرل کرکے رکھ لیں۔ چار رتی سے آٹھ رتی تک بدرقہ مناسبہ کے ساتھ کھلائیں۔

دوا: معدہ کی بہت سی بیماریوں کو اچھا کرتی ہے۔ ریاحی دردوں کو آرام کرتی ہے۔ خواہ معدہ جگر اور گردوں میں ہو: ص: تخم جوز ماثل ۲ماشہ نوشادر ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ہرمچی ۱ تولہ۔ خوب کھرل کرکے شیشی میں رکھ لیں ایک رتی سے چار رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا: ہیضہ۔ بدہضمی۔ متلی۔ قے۔ ہیضہ کی حالت میں پیاس کو اچھا کرتی ہے ص: چونہ بغیر بجھا ہوا ۹ تولہ۔ نوشادر معدنی ۱۰ تولہ۔ باریک پیسکر ڈھائی سیر پانی میں گھول دیں۔ جب پانی مصفّے اوپر آجائے تو اس کو نتھار لیں

اور عرق لیموں ۱۰ تولہ۔ ملاکر کسی صاف بوتل میں رکھ دیں۔ ضرورت کیلئے تین تولہ سے سات تولہ پلائیں۔

دوا: قے۔ دست کو روکتی ہے۔ طبیعت کو فرحت دیتی ہے۔ خصوصاً ہیضہ کی حالت میں اس کا استعمال بہت مفید ہے: ص: زہر مہرہ خطائی در عرق گلاب سودہ ۱ ماشہ۔ زرنباد ۲ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ایک ماشہ۔ پیسکر۔ آب ترنج ۱۰ تولہ۔ آب انار ترش ۳ تولہ میں ملاکر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔

دوا: بھوک بڑھاتی ہے۔ معدہ کو طاقت بخشتی ہے: ص: پیپل خورد ۲ تولہ کو عرق لیموں ۸ تولہ میں خوب کھرل کرکے خشک کرکے دو رتی پان کے رس میں کھلائیں یا پان بلا مصالحہ کا ہو اس میں رکھ کر چبا کر کھالیں۔

دوا: مقوی معدہ ہے۔ معدہ کی رطوبات کو جذب کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے قبض کشا ہے: ص: اجوائن دیسی ۴ تولہ۔ آب مغز گھیگوار ۸ تولہ۔ میں کھرل کریں۔ جب خشک ہوجائے تو لیموں کے عرق میں سات مرتبہ تر و خشک کرکے باریک پیسکر شیشی میں رکھ لیں۔ دو رتی سے تین رتی تک کھلائیں۔

دوا: استسقاء (جلندر) کیلئے بہت مفید ہے: ص: زیرہ سفید ۳ ماشہ۔ آب برگ گلو ندہ ۴ تولہ۔ اکو گر عضنگر ہ میں ملاکر پلائیں۔

دوا: استسقا کو اچھا کرتی ہے: ص: کریلہ کا تازہ عرق ۲ تولہ نچوڑ کر شہد خالص ۶ ماشہ۔ ملاکر پلانے سے اکثر دست آکر مادہ خارج ہوجاتا ہے اور استسقا کو دو تین روز میں آرام ہوجاتا ہے۔

دوا: یرقان کے لئے مفید ہے۔ (کنول باد) کیکر کے پھول ا تولہ۔ نبات سفید ایک تولہ۔ باریک پیکر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

دوا: یرقان اور ورم جگر کیلئے مفید ہے: ص: برگ کسونڈی ۵ عدد۔ مرچ سیاہ ۵ عدد پانی میں پیکر چھانکر پلادیں۔

دوا: یرقان کیلئے مفید ہے: ص: مولی کے پتے زرد رنگ لیکر اس کا عرق ۵ تولہ نچوڑلیں اور ایک قلعی دار برتن میں آگ پر رکھ کر پھاڑلیں شربت بزوری ۲ تولہ۔ یا شکر سرخ ۲ تولہ۔ یا نمک طعام ایک ماشہ ملاکر پلادیں

سفوف: کلانی شکم۔ استسقا کو اچھا کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ ہاضم ہے۔ معدہ۔ جگر۔ تلی کے ورم کو آرام کرتا ہے: ص: عصارہ ریوند دو ماشہ۔ ست سجی (سوڈہ) ۵ ماشہ۔ زنجبیل ۵ ماشہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر دو ماشہ سے تین ماشہ تک عرق مناسب کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف: ہر قسم کی قے کو روکتا ہے۔ تلی کو آرام کرتا ہے: ص: قرنفل ۱۰ ماشہ دانہ الائچی ۱۰ ماشہ۔ ناگکیسر ۱۰ ماشہ۔ بائے برنگ ۱۰ ماشہ۔ ناگر موتھا ۱۰ ماشہ۔ صندل سفید ۱۰ ماشہ۔ فلفل دراز ۱۰ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنالیں بضرورت کے وقت دو ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف: قے الدم (خون کی قے) کو اچھا کرتا ہے: ص: گل ارمنی ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ۔ کندر ۳ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک ملتانی کے پانی کے ہمراہ دیں۔

سفوف = صفراوی قے کو روکتا ہے = ص = طباشیر ۲ ماشہ۔ گلسرخ ۲ ماشہ۔ غورہ خشک ۲ ماشہ۔ زرشک ۱ تولہ۔ انار دانہ ترش ۱ تولہ۔ پوست سماق ۱ تولہ۔ پوست بیرون پستہ ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے سات ماشہ تک آب انار یا آب لیموں کے ہمراہ دیں۔

سفوف = قے کو آرام کرتا ہے = ص = پوست سماق ۲ ماشہ۔ زیرہ گلاب ۲ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف = ہاضم ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ معدہ کی رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ مقوی معدہ ہے = ص = قرنفل ۱ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ انیسون ۷ ماشہ۔ مصطگی رومی ۷ ماشہ۔ زنجبیل ۲۰ ماشہ۔ مصری ہموزن لیکر کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک نوش کرائیں۔

سفوف = بھوک بڑھاتا ہے۔ ہاضم ہے = ص = عودغرقی ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ پودینہ خشک ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر دو ماشہ سے پانچ ماشہ تک بعد غذا کھلائیں۔

سفوف = مقوی معدہ ہے۔ ہاضم ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے = ص = نمک سیاہ ۷ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ ماشہ۔ پیپل خورد ۱ تولہ ۳ ماشہ سہاگہ بریاں ۲۰ ماشہ۔ عرق لیموں ایک سیر میں کھرل کرکے چار رتی سے آٹھ رتی تک بعد غذا کھلائیں۔

سفوف = معدہ۔ جگر۔ کے درد اور ورم طحال (تلی) کو اچھا کرتا ہے۔

ہاضم ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ معدہ۔ جگر کے ورم کو آرام کرتا ہے۔ رطوبات کو جذب کرتا ہے۔ ص۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ نمک لاہوری ۵ تولہ۔ نمک ترب پانچ تولہ۔ نمک سانبھر ۵ تولہ۔ بادیان ۵ تولہ۔ زرنباد ۵ تولہ۔ زنجبیل ۵ تولہ سہاگہ بریاں ۵ تولہ۔ دارفلفل ۵ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ تج قلمی ۵ تولہ۔ بذرالبنج ۵ تولہ۔ پودینہ خشک ۵ تولہ۔ ساذج ہندی ۵ تولہ۔ انیسوں ۵ تولہ۔ زرورد ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ جاوتری ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خوردہ ۵ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ انگوزہ ۵ تولہ۔ عودغرقی ۵ تولہ۔ بچ ۵ تولہ۔ قرنفل ۵ تولہ کپور کچری ۵ تولہ۔ انجیر زردہ تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۵ تولہ لیموں کا عرق۔ ا تولہ۔ میں بھگو کر خشک کر کے کوٹ چھانکر سفوف بنالیں ایک ماشہ سے تین ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف: مقوی معدہ ہے۔ ملین ہے۔ ہاضم ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔ پیٹ کے درد کو آرام کرتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ بادی کو دور کرتا ہے۔ ص۔ دارفلفل ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ۔ بزرالبنج ۲ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ نعناع ۲ تولہ۔ سنائکی ۶ تولہ۔ زنجبیل ۳ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ تنکار ۳ تولہ۔ نوشادر ۳ تولہ انگوزہ ۱ ماشہ۔ نمک پنج قسم ۵ تولہ۔ سفوف بناکر ا ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف: باؤگولہ۔ باؤشول کیلئے بے حد مفید ہے۔ ہاضم ہے۔ اخراج ریاح کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو نکالتا

ہے۔ ص = نمک سونچر اتولہ۔ نمک سیندھا اتولہ۔ زنجبیل اتولہ۔
حلتیت اتولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی اتولہ۔ پیپل دراز اتولہ۔ اجودہ اتولہ۔
بائے بڑنگ اتولہ۔ جواکھار اتولہ۔ باریک پیکر سفوف بنالیں ایک ماشہ
سے تین ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف = مقوی معدہ ہے۔ ہاضم ہے۔ پیٹ کے درد کو آرام کرتا ہے

بھوک بڑھاتا ہے۔ ورم معدہ۔ ورم جگر۔ ورم تلی کو آرام کرتا ہے۔
ریاح خارج کرتا ہے ریاحی بواسیر کو آرام کرتا ہے۔ ص = فلفل سیاہ
ایک تولہ۔ نمک لاہوری اتولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ نمک سیاہ ۵ ماشہ۔
پیپل ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۵ ماشہ۔ حلتیت بریاں ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر
سفوف بناکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف = معدہ جگر۔ تلی کی بہت سی بیماریوں کو اچھا کرتا ہے۔ پیٹ
کے درد کو اچھا کرتا ہے۔ ریاح خارج کرتا ہے۔ ہاضم
ہے۔ مقوی معدہ جگر ہے۔ بچوں کی پیٹ کی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔
بخار کو آرام کرتا ہے۔ جگر اور تلی کے ورم کو اچھا کرتا ہے۔ ص =
افسنتین رومی ۶ ماشہ۔ انیسوں اتولہ۔ عنب الثعلب خشک ۲ تولہ۔
پودینہ خشک ۲ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ
زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ۔ زیرہ گلاب ۳ ماشہ۔
پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔

آملہ خشک ۲ تولہ - مصطگی رومی ۵ ماشہ - نمک سیاہ ۱ تولہ - نمک لاسوری ایک تولہ - نوشادر ۶ ماشہ - انار دانہ ۳ تولہ - سفوف بنا کر چار رتی سے ایک ماشہ تک کھلائیں -

ضماد - معدہ کو طاقت دیتا ہے - ریاح کو تحلیل کرتا ہے - معدہ جگر اور تلی کے ورم کو آرام کرتا ہے - ص - مصطگی رومی ۲ ماشہ - گلسرخ ۵ ماشہ - افسنتین ۵ ماشہ - بالچھڑ ۵ ماشہ - ناگرموتھا ۵ ماشہ - تمام دواؤں کو پیسکر گلاب کے عرق میں ملا کر لیپ کریں -

ضماد - پیٹ کے ورم کو تحلیل کرتا ہے - خواہ معدہ جگر تلی میں ہو - ص گنجد سیاہ ۵ ماشہ - اکلیل الملک ۲ ماشہ - بابونہ ۳ ماشہ - صبر ۳ ماشہ عنب الثعلب خشک ۵ ماشہ - مغز فلوس خیارشنبر ۵ ماشہ - مکوہ تازہ کے عرق میں حل کر کے لیپ کریں -

ضماد - قے کو روکتا ہے - اگر قے میں خون آتا ہو تو اس کو بھی بند کرتا ہے ص - صندل سرخ ۲ ماشہ - صندل سفید ۲ ماشہ - اقاقیا تین ماشہ - گلنار ۲ ماشہ - دواؤں کو پیسکر پانی میں ملا کر معدہ کے منہ پر لیپ کریں -

ضماد - پیٹ کے تمام قسم کے ورموں کے لئے مفید ہے - ص - تخم خطمی چھ ماشہ - تخم کتاں ۶ ماشہ - گل بابونہ ۶ ماشہ - اذخر ۶ ماشہ - سنبل الطیب ۶ ماشہ - مغز تخم بیدانجیر ۱ تولہ - مصطگی رومی ۶ ماشہ - پھٹکری، تین ماشہ - روغن گل ۲ تولہ - سب دواؤں کو کوٹ چھانکر مکوہ کے تازہ پانی میں

ملا کر لیپ کریں۔ یا بھیڑ کے تازہ دودھ میں ملا کر لیپ کریں۔

عرق: ہیضہ کیلئے بے حد مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ ص: پودینہ خشک ۱تار۔ تراشہ پیاز ۶تار۔ پوست اندرون درخت نیم سفید ۱تار۔ زیرہ سیاہ ۲تولہ۔ عود خام کوفتہ ۲تولہ۔ عرق گلاب ایک تار۔ آب پیاز ۶تار۔ آب ادرک ۱تار۔ بھبکہ کے ذریعہ عرق کشید کر کے دو تولہ سے چار تولہ تک پلائیں۔

عرق: پیٹ کے درد۔ پیٹ کے ورم اور گرہ کو جو مثل گولے کے پیدا ہو جاتی ہے۔ تحلیل کرتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ ص: برنج کہنہ ساٹھی تین سیر کو دس سیر پانی میں جوشدیں جب پانچ سیر پانی رہ جائے تو چھانکر پانی میں نیچے لکھی ہوئی دوائیں ملا کر ایک مٹی کے مضبوط برتن میں سترہ یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ بعدہ چھانکر بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔ اور غذا کے درمیان دونوں وقت ایک ایک تولہ پلائیں۔ دوائیں یہ ہیں۔ رائی ۲ماشہ۔ بائے بڑنگ ڈھائی تولہ۔ زنجبیل ۱تولہ۔ مرچ سیاہ ۱تولہ۔ بیل خورد ۱تولہ۔ دارچینی ۱تولہ۔

عرق: استسقا کیلئے بہت مفید ہے۔ پیٹ کے تمام ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ ص: لک مغسول ۱۰تولہ۔ پوست بیخ کرفس ۲۰تولہ۔ بیخ رازیانہ ۲۰تولہ۔ ریوند خطائی ۱۰تولہ۔ چرائتہ ۱۰تولہ۔ بیخ اذخر ۱۰تولہ۔ مرکی ۱۰تولہ۔ قسط شیریں ۱۰تولہ۔ رازیانہ ۱۰تولہ۔ انیسوں ۱۰تولہ۔ افسنتین دس تولہ۔ غافث ۱۰تولہ۔ سولہ سیر پانی میں عرق کشید کریں۔ اور کشیدہ عرق میں مکرر ان دواؤں کو بھگو کر عرق کشید کر کے تین تولہ سے چھ تولہ تک پلائیں۔

عرق: پیٹ کی تمام بیماریوں کو نفخ ورم کو لپتا اچھا کرتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ مقوی معدہ جگر ہے۔ بلغمی اور سوداوی بیماریوں کے لئے بھی مفید ہے۔ ص: خبث الحدید ۹ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۹ تولہ۔ اجوائن دیسی ۹ تولہ۔ پانی ساڑھے چار سیر میں ان دواؤں کو کسی مٹی کے برتن میں بھگو کر برتن کا منہ مضبوط بند کر کے اکیس یوم تک گھوڑے کی لید میں دفن کریں۔ نکال کر چھانکر بوتل میں رکھنا چاہئے۔ ایک تولہ سے تین تولہ تک پلائیں۔

مطبوخ: ہیضہ کو اچھا کرتا ہے۔ پیٹ کے درد کو آرام کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ قے کو روکتا ہے۔ ص: زیرہ سیاہ ۴ ماشہ عود غرقی ۳ ماشہ۔ بادیان ۵ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ انیسوں ۵ ماشہ۔ تخم کرفس ۲ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ قرنفل ۱۔ ماشہ۔ گلقند ۴ تولہ۔ عرق گلاب ایک پاؤ اور پانی آدھ سیر ملا کر جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے ملکر چھانکر سرد کر کے آدھ پاؤ کے قریب ایک دفعہ پلا دیں۔ بعدہ تھوڑا تھوڑا اگر کے پلائیں۔

مطبوخ: ورم طحال۔ ورم جگر۔ ورم معدہ کو اچھا کرتا ہے۔ ص: پوست بیخ جھاؤ ۱ تولہ۔ برگ جھاؤ ۱ تولہ۔ مرچیا گند ۱ تولہ۔ تخم کاسنی ۱ تولہ۔ افتیمون پارچہ بستہ ۳ ماشہ۔ تخم کشوت پارچہ بستہ ۳ ماشہ۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب پون پاؤ کے قریب رہ جائے ملکر چھانکر سکنجبین بزوری چار تولہ ملا کر پلا دیں۔

مطبوخ: ورم جگر۔ ورم معدہ۔ ورم طحال۔ یرقان۔ استسقا۔ کو اچھا کرتا ہے۔ پیٹ کے درد کو آرام کرتا ہے۔ قبض کشا ہے۔ مقوی معدہ

ہے۔ ص۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ پوست بیخ کاسنی ۵ ماشہ۔ پوست بیخ بادیان ۵ ماشہ۔ پوست بیخ کرفس ۳ ماشہ۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ تخم کنوٹ ۳ ماشہ۔ مویز منقے ۵ دانہ۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے شربت دینار ۴ تولہ۔ یا شربت بزوری ۴ تولہ ملاکر پلائیں۔

معجون: نفخ۔ درد معدہ کو اچھا کرتی ہے۔ ریاح خارج کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ ص۔ زنجبیل ۷ ماشہ۔ پودینہ خشک ۷ ماشہ۔ زیرہ سیاہ مدبر بسرکہ ۷ ماشہ۔ بادیان ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۷ ماشہ۔ صعتر فارسی ۷ ماشہ۔ انیسوں ۲۔ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۲۔ ماشہ۔ مرچ سیاہ ساڑھے تین ماشہ۔ پیپل خورد ۲۔ ماشہ۔ تخم کرفس ۲۔ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲۔ ماشہ کوٹ چھانکر مویز منقے ۵ تولہ۔ گلقند ۱۰ تولہ میں پیسکر ملاکر معجون تیار کرکے تین ماشہ سے چھ ماشہ تک کھلائیں۔

معجون: معدہ جگر کی اصلاح کرتی ہے۔ معدہ کو ردی خلطوں اور رطوبات ناقصہ سے پاک کرتی ہے۔ ہر قسم کی قے کو آرام کرتی ہے۔ یقین ہے۔ ص۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۱۰ ماشہ۔ آملہ خشک ساڑھے دس ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱۰ ماشہ۔ غاریقون ۱ تولہ دو ماشہ۔ افتیمون ۱ تولہ ۲ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۳ تولہ۔ نمک ہندی ۴ تولہ ۹ ماشہ کوٹ چھانکر سکنجبین سادہ دوچند میں معجون بناکر پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

معجون: معدہ جگر کو طاقت دیتی ہے۔ بدہضمی اور نفخ کو اچھا کرتی ہے۔

معدہ کی خرابی کی وجہ سے منہ میں جو پانی بھر آتا ہے اس کو اچھا کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کو مار کر نکالتی ہے۔ ص :۔ زنجبیل ۲۔ تولہ۔ نانخواہ ۲۔ تولہ۔ عود خام چھ ماشہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ تخم گندنا ۲۔ تولہ بسفایج فسطقی ۵ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ بیخ کرفس ۱۔ تولہ۔ کوٹ چھانکر سہ چند شہد میں معجون بنا کر پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

معجون :۔ ورم جگر۔ ورم معدہ۔ ورم تلی کو اچھا کرتی ہے۔ استسقا کو آرام کرتی ہے۔ معدہ کی رطوبات کو خشک کرتی ہے۔ **ص :۔** بیخ سوسن ۱۔ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ لک مغسول ۶ ماشہ۔ ریوند چینی ۶ ماشہ۔ سلیخہ ۲ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر شہد آدہ پاؤ۔ سرکہ خالص ایک چھٹانک۔ میں قوام بنا کر تین ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

معجون :۔ ضعف معدہ کو اچھا کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔ معدہ کی خرابی سے دست آتے ہوں ان کو آرام کرتی ہے۔ پیٹ کے درد کو نفخ کو اچھا کرتی ہے۔ ص :۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ برگ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ گردہ سماق ۱ تولہ۔ سعدکوفی ۱ تولہ۔ دانہ ہیل ۱ تولہ۔ عود غرقی ۱ تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ انار دانہ ۱ تولہ۔ کچور کچری ۱ تولہ۔ زرشک ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ سب دواؤں کو کوٹ چھانکر نبات سفید آدہ سیر کے قوام میں معجون تیار کر کے چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

امراض کلیہ

مثانہ ۔ ومجاری بول ۔ خصیتین و مجاری منی وادعیہ منی

(گردوں ۔ مثانہ ۔ پیشاب کی نالی ۔ فوطوں منی کی نالی ۔ منی کے خزانہ کی بیماریاں)

اطریفل = سرعت انزال کو اچھا کرتا ہے ۔ قوام منی کو گاڑھا کرتا ہے ۔ بندکشاد کیلئے مفید ہے ۔ ص = پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ ۔ پوست بلیلہ ۷ ماشہ ۔ آملہ خشک ۷ ماشہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۷ ماشہ ۔ کشنیز خشک ۱۲ ماشہ کشمش ۳ تولہ ۔ نبات ۷ تولہ ۔ روغن بادام ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام میں چرب کرکے اطریفل تیار کرکے سات ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں ۔

حب = دافع سرعت انزال ۔ مغلظ منی ۔ مقوی باہ ۔ ص = گوگل ایک چھٹانک کو سواسیر پانی میں پکائیں کہ پانی آدہ پاؤ رہجائے اس پانی میں ۱ تولہ سلاجیت خوب حلکریں ۔ بعدہ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ ۔ بلیلہ زرد چھ ماشہ ۔ طباشیر چھ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر ملاکر خوب کھرل کریں چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام پانی یا دودھ کے ہمراہ کھلائیں ۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو گوکھرو خورد ۲ تولہ ۔ کا جوشاندہ بناکر بجائے

ہدایت = پانی کے ان گولیوں کی تیاری میں کام میں لائیں ۔

حَب: بندکشاد کو اچھا کرتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے: ص: مغز تخم سرس ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ لک مغسول ۲ تولہ شیر درخت بڑ ایک پاؤ میں خوب کھرل کرکے کابلی چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک ایک صبح شام پانی یا دودھ سے کھلائیں۔

حَب: ذیابطیس کو اچھا کرتی ہے: ص: ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ زردچوب ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر تھوڑے سے گھی میں چکنا کرکے شہد میں ملاکر مٹر کے برابر گولیاں بناکر ایک ایک صبح شام کھلائیں۔

حَب: درد گردہ کیلئے بے حد مفید ہے: ص: بارہ سینگہ کا سینگ جلاکر ۲ تولہ۔ حجر الیہود ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر مولی کے عرق ایک پاؤ میں کھرل کرکے مٹر کے برابر گولیاں بناکر صبح شام ایک ایک گولی کھلائیں۔

حَب: سوزاک کو اچھا کرتی ہے: ص: گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ میدہ گندم ۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ باہم ملاکر جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک ایک صبح شام کھلائیں۔

دوا: سوزاک نئے پرانے کو اچھا کرتی ہے: ص: طباشیر ۲ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ مغز بلوط ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ مازو سبز ۳ ماشہ۔ روغن صندل ۲ تولہ۔ دواؤں کو باریک پیسکر روغن صندل میں ملاکر چار رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک کھلائیں۔

دوا: سوزاک کو آرام کرتی ہے: ص: تنکر تیغال ۹ ماشہ۔ روغن صندل نو ماشہ۔ تنکر تیغال کو پیسکر روغن صندل میں ملاکر تین حصے بناکر

ایک ایک خوراک صبح شام کھلائیں۔

دوا: نئے پرانے سوزاک کیلئے بے حد مفید ہے: ص: نقرہ ۲ ماشہ۔ قلمی ۳ ماشہ۔ کو باہم جزع دیکر کھرل کرلیں۔ بعدہ بادہ گجراتی ۲ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ ملاکر خوب کھرل کرکے شیشی میں رکھ لیں تین رتی سے چار رتی تک صبح شام منقے میں لپیٹ کر حلق میں رکھ کر دودھ یا پانی سے کھلائیں۔

دوا: نئے پرانے سوزاک کو اچھا کرتی ہے: ص: رسکپور ۵ تولہ۔ کافور ۵ تولہ۔ کو ایک پاؤ برانڈی شراب میں خوب کھرل کرکے مٹی کی ہانڈی میں رکھکر اوپر سے دوسری ہانڈی رکھ کر دونوں ہانڈیوں کو خوب مضبوط بند کرکے سرسوں کے تیل میں موٹی بتی جلاکر اس پر ہانڈی رکھکر جوہر اڑالیں۔ ایک رتی سے دو رتی تک بالائی میں لپیٹ کر حلق میں رکھکر دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا پتھری کو بلا تکلیف کے توڑ کر خارج کرتی ہے۔ پتھری خواہ گردہ میں ہو خواہ مثانہ میں: ص: حجر الیہود ۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۱۰ تولہ۔ پیسکر تہ بہ تہ مٹی کے برتن میں رکھ کر مولی کا عرق دو انگل اونچا دواؤں سے بھر کر گلحکمت کرکے پانچ سیر اپلوں کی آگ میں کشتہ کریں۔ پانچ مرتبہ آگ دیں اور ہر مرتبہ مولی کا عرق تازہ ڈالنا چاہئے۔ سرد کرکے کھرل کرکے شیشی میں رکھ لیں دو رتی سے چار رتی تک ہموزن جو اکھار پیسکر ملاکر مولی کے عرق کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا: پیشاب لاتی ہے۔ بند پیشاب کو کھولتی ہے۔ ص: بھینس کے کان کا

میل تھوڑا سا لیکر پانی میں گھول کر ناف میں بھر دیں۔

دواء بند پیشاب کو فوراً کھولتی ہے ۔ ص ۔ جنگلی کبوتر ذبح کرکے گرم خون مثانہ پر لیپ کریں۔

دواء درد گردہ کو آرام کرتی ہے۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑ کر خارج کرتی ہے۔ ضعف گردہ وضعف مثانہ کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ سنگ مقناطیس ۵ تولہ۔ سنگ سرماہی ۳ تولہ۔ سنگ رانخ ۳ تولہ۔ سنگ لاجورد ۲ تولہ۔ حجر الیہود ۵ تولہ۔ کوٹ چھانکر مغز گھیگوار ایک پاؤ میں کھرل کرکے ایک مٹی کی ہانڈی میں گلحکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ میں کشتہ کرلیں۔ دس مرتبہ اسی طرح کریں۔ باریک پیسکر شیشی میں رکھ لیں۔ ایک رتی سے چار رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

زروق (پچکاری) سوزاک کو بہت جلد آرام کرتی ہے ۔ ص ۔ کتھہ سفید چھ ماشہ۔ کافور ۱ تولہ۔ باریک پیسکر سیاہ بکری کے ایک پاؤ دودھ میں کھرل کرکے پچکاری لیں۔

زروق ۔ نئے پرانے سوزاک کے لئے بہت مفید ہے ۔ ص ۔ پھٹکری بریاں ایک تولہ۔ توتیا بریاں ۱ ماشہ۔ پانی سوا سیر ملاکر بوتل میں رکھ لیں۔ دن میں دو تین مرتبہ پچکاری کے ذریعہ استعمال کریں۔

سفوف ۔ جریان۔ سرعت انزال کو آرام کرتا ہے۔ مزاج کی گرمی کو دور کرتا ہے ۔ ص ۔ اسپغول مسلم ۷ ماشہ۔ تخم خرفہ ۱۰ ماشہ کشنیز خشک ۵ ماشہ۔ اسپغول کے علاوہ دونوں دواؤں کو کوٹ چھانکر سفوف

بنا کر پانچ ماشہ صبح پانچ ماشہ شام کو کھلائیں ۔

سفوف ۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے ۔ سرعت انزال کی شکایت کو دور کرتا ہے ۔ ص ۔ ست گلو اتولہ ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ طباشیر اتولہ ۔ مصطگی رومی اتولہ ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ ۔ صمغ ڈہاک ۲ تولہ ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ ۔ نبات ہموزن سفوف بنا کر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام دودھ یا پانی سے کھلائیں ۔

سفوف ۔ نئے پورانے جریان کو اچھا کرتا ہے ۔ ص ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ ۔ بیجبند ۳ تولہ ۔ اندر جو شیریں ۱ تولہ ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ خارخسک خورد ۱ تولہ ۔ نبات ہموزن کوٹ چھانکر سفوف بنا کر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک صبح شام کھلائیں ۔

سفوف ۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے ۔ ص ۔ ثعلب مصری ۶ ماشہ ۔ بیجبند ۶ ماشہ ۔ شقاقل مصری ۶ ماشہ ۔ تخم سروالی ۶ ماشہ ستاور ۶ ماشہ ۔ تالمکھانہ ۶ ماشہ ۔ گل منڈی ۶ ماشہ ۔ صمغ کیکر ۶ ماشہ ۔ سنگھاڑہ خشک ۶ ماشہ ۔ مغز تخم املی مقشر ۶ ماشہ ۔ گل دہاوا ۶ ماشہ ۔ صمغ ڈہاک ۶ ماشہ ۔ کھرگس ۶ ماشہ ۔ شکر سفید ہموزن ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دودھ یا پانی سے کھلائیں ۔

سفوف ۔ جریان منی کو آرام کرتا ہے ۔ سرعت انزال کی شکایت کو اچھا کرتا ہے ۔ بیجبند اتولہ ۔ تخم ہیل اتولہ ۔ گوکھرو ۲ تولہ ۔ سپستان ۴ تولہ ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ ۔ اندر جو شیریں ۴ تولہ ۔ نبات سفید ہموزن ۔

کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف: سوزاک کیلئے بے حد مفید ہے۔ ص: ست بہروزہ ا تولہ۔ پھٹکری ا تولہ۔ دانہ الائچی خورد ا تولہ۔ طباشیر ا تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ بزرالبنج ا تولہ۔ سلیخہ ۲ تولہ۔ خارخسک ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ سنگجراحت دو تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ کباب چینی ۲ تولہ۔ تخم ترب ۲ تولہ۔ تخم کرفس ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ حجر الیہود ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام پانی یا شربت بزوری کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف: سوزاک کو بہت جلد اچھا کرتا ہے۔ ص: ریوند چینی ۲ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ۔ پھٹکری خام ۲ رتی۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین برابر کے حصے بناکر ایک ایک حصہ صبح شام دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف: سوزاک کو اچھا کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ ص: شورہ قلمی ایک پاؤ۔ ملتانی ۵ تولہ۔ دونوں دواؤں کو خوب باریک پیسکر سفوف بناکر لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر چولہے پر رکھکر نرم آگ روشن کریں اور طباشیر ۹ ماشہ کو خوب باریک پیسکر اوپر سے چھڑکیں اور لوہے کے دستے سے حل کرتے جائیں۔ جب دوا کا رنگ سرخی مائل ہو جائے تو چولہے سے کڑاہی نیچے اتار کر لوہے کے دستہ سے خوب رگڑیں کہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائے۔ چار رتی سے دو ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

سفوف ۔ نئے پرانے سوزاک کو اچھا کرتا ہے۔ ص ۔ زردچوب ۲ تولہ آملہ خشک ۲ تولہ۔ شکر سفید ہموزن۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

سفوف ۔ نئے پرانے سوزاک کو اچھا کرتا ہے۔ ص ۔ کشتہ قلعی (رانگہ) چھ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ ۔ سفوف بناکر ایک ماشہ پہلے دن دوسرے دن ۲ ماشہ۔ تیسرے دن ۳ ماشہ۔ کھلائیں۔

سفوف ۔ سوزاک اور پیشاب میں خون آنے کو اچھا کرتا ہے۔ ص ۔ راوند خطائی ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر سات ماشہ شربت بزوری کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف ۔ سلسل بول کو آرام کرتا ہے۔ ص ۔ مصطگی رومی ۵ ماشہ۔ کندر ۶ ماشہ۔ بزرالبنج ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ خرفہ ۱ تولہ۔ مصری ۳ تولہ ۲ ماشہ۔ سفوف بناکر ڈھائی ماشہ سے پانچ ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

سفوف ۔ سلسل بول کو اچھا کرتا ہے۔ ص ۔ جاوتری ۲ ماشہ۔ نبات ایک تولہ۔ سفوف بناکر دو ماشہ سے تین ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

سفوف ۔ ذیابطس (پیشاب میں شکر آنا) کو اچھا کرتا ہے۔ ص ۔ نخود بریاں مقشر ۳ تولہ۔ تخلب مصری ۳ تولہ۔ کندر ۲ ماشہ

جفت بلوط ۶ ماشہ۔ سفوف بناکر تین ماشہ صبح تین ماشہ شام پانی کے ہمراہ کھلائیں

سفوف: ذیابیطس کو آرام کرتا ہے۔ ص: پوست اندرون درخت گولر خشک ۲ تولہ۔ خستہ جامن خشک ۲ تولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۱ ماشہ سفوف بناکر ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ دہی کی نمکین لسی سے کھلائیں۔

سفوف: ذیابیطس کیلئے اکسیر ہے: ص: بوٹی گڑمار ۱۲ تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ جفت بلوط ایک تولہ۔ گلنار ۷ ماشہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ مازو سبز ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ کتیرا ۱ تولہ تخم خرفہ ۱ تولہ تخم کاہو ۱ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ سماق ۷ ماشہ۔ برہمنڈنڈی ایک تولہ۔ ست سلاجیت ۱ تولہ۔ ست گلو ۱ تولہ۔ پکھان بید ۱ تولہ۔ خارخسک ۱ تولہ۔ اقاقیا ۷ ماشہ۔ پوست اندرون درخت آم ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ موچرس ایک تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

سفوف: گردہ اور مثانہ سے کنکر اور ریت کو خارج کرتا ہے اور پتھری کو توڑکر نکالتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ درد گردہ کو خواہ کسی قسم کا ہو اچھا کرتا ہے۔ ص: پتچال کبوتر صحرائی ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ انیسوں ۱ تولہ۔ تخم کرفس ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ شیطرا شیح چھ ماشہ۔ پرسیاوشان ۶ ماشہ۔ حجر الیہود ۲ تولہ۔ سنگ سرماہی ۲ تولہ۔ تخم خربزہ ۱ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔ خارخسک ۱ تولہ۔ کاکنج ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر، سفوف بناکر پانچ ماشہ سے ۹ ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

گردہ۔ اور مثانہ کے ریت اور کنکر کو خارج کرتا ہے۔ ص:

سفوف: گل داؤدی خشک کرکے کوٹ چھانکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک کھلائیں۔

شیاف: سوزاک کیلئے بے حد مفید ہے۔ ص: سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ کندر ۳ ماشہ۔ انزروت ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ۔

نشاستہ گندم ۳ ماشہ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ۔ برگ نیم خشک ۳ ماشہ۔ خوب باریک پیسکر آب برگ نیم تازہ آدہ پاؤ میں کھرل کرکے شیاف تیار کرکے خشک کریں۔ ضرورت کے وقت ایک شیاف کالی بکری کے دودھ میں حلکر کے احلیل میں ٹپکائیں۔ دن میں تین مرتبہ اسیطرح استعمال کریں۔

ضماد: پیشاب لاتا ہے۔ بند پیشاب کو کھولتا ہے۔ مثانہ کے ورم کو اچھا کرتا ہے ہیضہ کی حالت میں جو پیشاب بند ہو اسکو بھی جاری کرتا ہے۔ ص:

اکلیل الملک ۳ ماشہ۔ بابونہ ۳ ماشہ۔ تخم شبت ۳ ماشہ۔ دانہ مردا ۳ ماشہ۔ پانی میں پیسکر نیمگرم مثانہ پر لیپ کریں۔

ضماد: درد گردہ کیلئے بے حد مفید ہے۔ ص: تخم شبت ۹ ماشہ۔ صبر ۳ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ تخم کتان ۶ ماشہ۔ انبہ ہلدی ۶ ماشہ۔ کوٹ کر پانی میں ملاکر نیمگرم لیپ کریں۔

ضماد: گردوں کے درد کو فوراً آرام کرتا ہے۔ ص: مغز تخم بیدانجیر ۱ تولہ ایلوا ۱ ماشہ۔ مغز فلوس خیارشنبر ۱ تولہ۔ تخم شبت ۶ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ عرق گلاب میں حلکر کے نیمگرم لیپ کریں۔

ضماد = خصیوں کے درد اور خصیوں کی کلانی کو دور کرتا ہے۔ اور خصیہ میں آنت اترنے کو روکتا ہے۔ ص = افیون ۲ ماشہ بہروزہ خشک ۵ ماشہ۔ پانی میں حلکر کے کپڑے کا پھایہ بناکر اس پر بطور مرہم کے لگاکر اوپر سے بوبان ۴ ماشہ۔ مازو ۵ ماشہ۔ خشک پیکر چھانکر چھڑک دیں اور خصیوں پر روغن بابونہ یا سرسوں کا تیل چپڑ کر پھایہ رکھکر لنگوٹے سے کس کر باندہیں

ضماد = فتق کو اچھا کرتا ہے۔ ص = زعفران ۱ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ میں حلکر کے گرم کرکے لیپ کریں اور تمباکو کا پتا گرم کرکے اوپر سے باندہیں

ضماد = خصیہ کے ورم اور چوٹ کی تکلیف کو آرام کرتا ہے۔ ص = ہلدی ۲ ماشہ۔ پیکر چھانکر مرغ کے انڈے کی زردی میں ملاکر نیمگرم لیپ کرکے اوپر سے برگ بیدانجیر گرم کرکے باندہیں۔

قرص = مثانہ کی سوزش کو دور کرتی ہے۔ سوزاک کو اچھا کرتی ہے۔ ص = پھٹکری ۵ ماشہ۔ تخم خرفہ ۵ ماشہ۔ شاخ گوزن سوختہ ۵ ماشہ۔ کتیرا ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ۵ ماشہ۔ کوٹ چھانکر پانی میں حلکر کے قرص بناکر ایک قرص سے چار قرص تک صبح شام پانی یا شربت بزوری کے ہمراہ کھلائیں۔

قطور = نبد پیشاب کو جاری کرتا ہے۔ ص = شورہ قلمی ۱ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی پانی میں حل کرکے احلیل میں ٹپکائیں۔

کاجل = سوزاک کو اچھا کرتا ہے۔ ص = پوکھر مول ۱ تولہ۔ برادہ شاخ گاؤمیش از جانب راست ۱ تولہ کوٹ چھان کر روئی پر چھڑک کر فتیلہ بناکر گائے کے گھی میں روشن کرکے کاجل بناکر تھوڑا

سا اس میں گائے کا گھی ملا کر آنکھوں کے اندر مثل کاجل کے لگائیں۔

ضماد: گردوں۔ مثانہ کے درد کو آرام کرتا ہے۔ ص: اجوائن دیسی ا تولہ کنجد سیاہ ا تولہ۔ گلسرخ ا تولہ۔ حلبہ ا تولہ۔ پوست بلیلہ زرد ا تولہ تخم شبت ا تولہ۔ نمک ا تولہ۔ پوٹلی بنا کر گرم کر کے سینکنا چاہیئے۔

مطبوخ: درد گردہ کو اچھا کرتا ہے۔ ص: تخم خربزہ نیمکوفتہ ۶ ماشہ تخم قرطم نیمکوفتہ ۶ ماشہ۔ انجیر سفید ۲ عدد۔ حب الغلت ۶ ماشہ بیخ بادیان ۹ ماشہ۔ مویز منقے ۵ دانہ۔ انیسوں ۳ ماشہ۔ تخم ہلیون ۶ ماشہ۔ عنب الثعلب خشک ۵ ماشہ۔ پانی میں جوش دیکر چھانکر شربت بزوری ۲ تولہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ۔ ملا کر پلائیں۔

معجون: گردوں اور مثانہ کے کنکر اور ریت کو خارج کرتی ہے۔ اور درد کو اچھا کرتی ہے۔ ص: حجر الیہود ۳ ماشہ۔ سنگ سرماہی ۳ ماشہ بادیان ا تولہ۔ دوقو ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ تخم کلتھی ۶ ماشہ۔ جوا کھار ۶ ماشہ اجوائن دیسی ۵ ماشہ۔ نمک ترب ۳ ماشہ۔ خاکستر عقرب ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر شہد خالص ۱۰ تولہ میں معجون بنا کر تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

معجون: منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ سرعت انزال اور کثرت احتلام کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ ص: تخم اٹنگن ۶ ماشہ۔ بیج ۶ ماشہ ستاور ۶ ماشہ۔ موصلی سفید ۵ ماشہ۔ بہمنہ ا تولہ۔ بہمن سفید ا تولہ۔ گوکھرو ایک تولہ۔ اندرجو شیریں ا تولہ۔ تالمکھانہ ا تولہ۔ تخم کونچ ۶ ماشہ۔ موچرس ۶ ماشہ

گل سنبھل خشک ۱تولہ۔ تودری زرد ۱تولہ۔ شقاقل مصری ۱تولہ۔ اسگندناگوری ایک تولہ۔ طباشیر ۱تولہ۔ ست سلاجیت ۱تولہ۔ نبات سفید سہ چند میں قوام کرکے معجون تیار کریں۔ پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

معجون: پیشاب کے قطروں کو روکتی ہے۔ منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے۔ منی اور مذی کو روکتی ہے۔ ص۔ صندل سفید ۷ماشہ۔ دارچینی ۲ماشہ۔ صمغ عربی ۷ماشہ۔ گل ارمنی ۷ماشہ۔ بادیان ۱تولہ۔ دم الاخوین ۷ماشہ۔ زنجبیل ۷ماشہ۔ بادرنجبویہ ۷ماشہ۔ تخم ریحاں ۷ماشہ۔ تودری زرد ۷ماشہ۔ تخم گاؤزبان ۷ماشہ۔ تخم خشخاش ۲تولہ تین ماشہ۔ مرجان سوختہ ۳ماشہ۔ عسل کف گرفتہ میں معجون تیار کریں تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

مرہم: فوطوں کے ورم اور فوطوں کے بڑھنے کو اچھا کرتا ہے۔ ص۔ درخت سرو کے پتے ۱تولہ۔ درخت سرو کے پھل ۱تولہ۔ سریشم ماہی ایک تولہ۔ کوٹ چھانکر سریشم کو روغن مصطگی میں پہلے گداز کریں بعدہ دونوں دوائیں حل کرکے پھاہہ پر لیپ کرکے فوطوں پر چسپاں کرکے لنگر باندھیں۔

امراض امعاء و مقعد (آنتوں کی اور مقعد کی بیماریاں)

اطریفل: آنتوں کے تمام قسم کے کیڑوں کو مار کر نکالتا ہے۔ مثلاً کیچوے چرنے۔ کدو دانے وغیرہ۔ اور آنتوں سے مواد خارج کرنا۔

نس = پوست ہلیلہ زرد اتولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی اتولہ۔ پوست بہیڑہ اتولہ۔ ہلیلہ سیاہ اتولہ۔ آملہ خشک اتولہ۔ کمیلا ۱۴ ماشہ۔ بائے بڑنگ ۴ ماشہ۔

حب الملوک مدبر ۳ ماشہ۔ قسط ۵ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ سورنجان شیریں پانچ ماشہ۔ اندر جو تلخ ۵ ماشہ۔ ترس ۴ ماشہ۔ افسنتین ۴ ماشہ۔ درمنہ ۴ ماشہ افتیمون ۴ ماشہ۔ رائی ۴ ماشہ۔ نمک نفطی ۴ ماشہ۔ تخم حنظل ۴ ماشہ۔ ناگرموتھا چار ماشہ۔ پلاس پاپڑا ۴ ماشہ۔ سنائکی ۴ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۳ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ انیسون ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ ماشہ۔ گلسرخ ۲ ماشہ۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ رب السوس دو ماشہ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام ۲ تولہ میں چرب کر کے عسل خالص کف گرفتہ سہ چند میں اطریفل کا قوام بناکر پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

بخور = (دھونی) بواسیر کے مسّوں کو بلا تکلیف کے آرام کرتی ہے = ص = مردہ کچھوے کی ہڈی کا سفوف بناکر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک بیر کی لکڑی کے کوئلہ کی آگ پر ڈالکر مسوں پر دھونی دیں۔

حب = پیچش کو بہت جلد آرام کرتی ہے۔ آنوئں اور خون کو روکتی ہے۔ مروڑ کو آرام کرتی ہے = ص = افیون ۳ ماشہ۔ آملہ خشک اتولہ۔ کافور چھ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد اتولہ۔ کوٹ چھانکر گلاب کے عرق میں کھرل کر کے چنے سے چھوٹی گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک پانی یا عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں۔ گولی کھانے کے بعد مریض کو تھوڑی سی دیر تک چت لیٹنا چاہئے۔

حب = پیچش۔ نئے پرانے دستوں کو اچھا کرتی ہے۔ خون کو روکتی ہے =

ص ۔ رال سفید ۱ تولہ ۔ مغز ہلگری ۱ تولہ ۔ رسوت ۱ تولہ ۔ کتھ سفید ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر کیکر کے گوند کے لعاب میں ملاکر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک سے لیکر چار تک کھلائیں ۔

حب ۔ پیچش ۔ آنوں ۔ خون کو آرام کرتی ہے ۔ نئے پرانے دستوں کو اچھا کرتی ہے ص ۔ جوز بوا بریاں ایک عدد ۔ افیون ۱ ماشہ ۔ روغن گاؤ میں چرب کر کے کھرل کر کے ماش کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں ۔

حب ۔ قبض کشا ہے ۔ معدہ اور آنتوں کی غلاظت کو صاف کرتی ہے ریاح کو خارج کرتی ہے ۔ بادی بواسیر کو اچھا کرتی ہے ۔ بھوک لگاتی ہے ۔ ص ۔ صبر سقوطری ۴ تولہ ۸ ماشہ ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ ۔ ۴ ماشہ ۔ اجوائن خراسانی نو ماشہ ۔ سہاگہ بریاں ۷ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر گھیگوار کے گودے میں تین یوم تک خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

حب ۔ قبض کشا ہے ۔ ریاح مراقی اور ریاح باسوری کو خارج کرتی ہے ریاحی بواسیر کو آرام کرتی ہے ۔ ص ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۹ ماشہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۹ ماشہ ۔ پوست بلیلہ ۹ ماشہ ۔ آملہ ۹ ماشہ ۔ بادیان ۴ ماشہ رسوت ۴ ماشہ ۔ انیسوں ۴ ماشہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ ۔ تخم گندنا ۴ ماشہ ۔ گوگل ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام میں چرب کر کے مغز فلوس خیارشنبر چھ تولہ کو پانی میں بھگو کر اس کا آب زلال لیکر ملاکر خوب علکریں گولیاں چنے کے برابر بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

حَب = بچوں کے دستوں کو اچھا کرتی ہے = ص = کشتہ سفید ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ ماشہ۔ آملہ ۲ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ مغز بیلگری بریاں ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ مازو ۱ ماشہ بادیان بریان ۱ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱ ماشہ۔ طباشیر ۴ رتی۔ پیسکر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب = بچوں کے دستوں کو اچھا کرتی ہے = ص = زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ پھٹکری خام ۲ ماشہ۔ برگ نیم خشک ۳ ماشہ۔ مائین خورد ۳ ماشہ کوٹ چھانکر گلاب کے عرق میں کھرل کرکے موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حَب = ہر قسم کے دستوں اور پیچش کو آرام کرتی ہے۔ آنتوں کے پیچ اور مروڑ کو اچھا کرتی ہے۔ ریاح خارج کرتی ہے = ص = صندل سرخ چار ماشہ۔ طباشیر کبود ۴ ماشہ۔ آملہ ۴ ماشہ۔ حب الاس ۴ ماشہ۔ اقاقیا چار ماشہ۔ کہربائے شمعی ۳ ماشہ۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ گل ارمنی تین ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ زیرہ کرمانی ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ گلسرخ تین ماشہ۔ کوٹ چھانکر بارتنگ کے پانی میں کھرل کرکے بڑے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک سے لیکر چار تک کھلائیں۔

حَب = باؤ گولہ کو اچھا کرتی ہے = ص = گل گومہ بوٹی ۴ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ساڑھے چار ماشہ۔ دار فلفل ۴ ماشہ۔ نمک خالص ۱ ماشہ۔ صدف سوختہ ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر آدھ پاؤ لیموں کے عرق میں کھرل کرکے چنے

سے چھوٹی گولیاں بنا کر ایک گولی اول روز کھلائیں۔ اکیس۲۱ دن تک ایک ایک گولی اضافہ کرتے جائیں۔ پھر اکیس۲۱ روز کے بعد ایک ایک گولی کم کرتے جائیں۔ جب ایک گولی تک نوبت ہو پہنچ جائے تو بند کر دیں

حَب: بواسیر خونی۔ بادی۔ خواہ کسی قسم کی ہو بے حد مفید ہے۔ ص: مغز تخم نیم ۱ تولہ۔ مغز تخم بکائن ۱ تولہ۔ رسوت ۱ تولہ۔ تخم مولی ۱ تولہ زیرہ سفید ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ ناگکیسر ۱ ماشہ۔ کوٹ پیس کر بھنگرہ کے تازہ عرق میں تین یوم تک کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی تیسرے پہر کو کھلائیں۔ کم از کم چالیس روز تک برابر کھلائیں۔

حَب: بادی بواسیر کے لئے بہت مفید ہے: ص: سنکھ سفید ۱ تولہ۔ (جس کو اہل ہنود پوجا کے وقت بجاتے ہیں) فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ آدھ سیر لیموں کے عرق میں خوب کھر کے چنے سے چھوٹی گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حَب: بواسیر کی تمام قسموں میں مفید ہے۔ قبض کشا ہے: ص: ہلیلہ سیاہ ۱۲ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱۲ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۱۲ ماشہ۔ رسوت ۴ ماشہ۔ آملہ ۱۲ ماشہ۔ گوگل ۹ ماشہ۔ کوٹ چھان کر اس پانی میں جس میں لوہار اپنا لوہا گرم کر کے بجھاتے ہیں خوب اچھی طرح کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حَب: بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے۔ مسّوں کی جلن کو دور کرتی ہے: ص: بیخ چولائی ۱ تولہ۔ ناگکیسر ۱ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر

پانی سے چنے کے برابر گولیاں بناکر دو گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حَب: بواسیر خونی اور بادی کو اچھا کرتی ہے: ص: شورہ قلمی ۲ تولہ برگ تلسی ۲ تولہ۔ رسوت ۲ تولہ۔ کوکر بھنگرہ کے عرق میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر کھلائیں۔

حَب: چھوٹے بڑے بلکہ ہر قسم کے کیڑوں کو خارج کرتی ہے: ص: پلاس پاپڑا ۲ ماشہ۔ مغز تخم کرنجوہ ۲ ماشہ۔ کمیلا ۲ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر قند سیاہ بقدر ضرورت لیکر کھرل کرکے کابلی چنے سے ذرا بڑی گولیاں بناکر ایک ایک گولی صبح شام کھلائیں۔

حَب: درد قولنج کو آرام کرتی ہے۔ ریاح خارج کرتی ہے: ص: نمک سنگ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ انگوزہ بریاں ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر درخت سہنجنے کی چھال کے پانی میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

دوا: پرانے دستوں کو اچھا کرتی ہے: ص: دودھی خورد ۱ تولہ۔ کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں پیکر بغیر چھانے ہوئے نہار منہ پلائیں۔

دوا: ہیچش کو اچھا کرتی ہے: ص: درخت آکھ کی جڑ ایک تولہ کے قریب لیکر ٹھنڈے پانی میں پیکر پیٹ پر لیپ کریں۔

دوا: ہیچ کو اچھا کرتی ہے: ص: درخت نیم کی لکڑی کا گھن ۱ ماشہ شربت انجبار ۲ تولہ میں ملاکر کھلائیں۔

دوا: بچوں کی مقعد کے چرنے مار کر خارج کرتی ہے: ص:

برگ بید انجیر کو کوٹ کر اس کا پانی روئی میں لیکر مقعد میں ٹپکائیں۔

دوا: آنتوں کے کیڑوں کو خواہ بڑے ہوں یا چھوٹے مار کر خارج کرتی ہے۔ ص: برگ نیم خشک ۷ ماشہ۔ بائے بڑنگ سات ماشہ۔ کمیلا ۷ ماشہ۔ کوٹ چھانکر شہد خالص میں ملاکر چھ خوراک بناکر ایک ایک خوراک صبح شام دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔

دوا: بواسیر کے خون کو بند کرتی ہے۔ ص: رسوت ۲ ماشہ سے لیکر تین ماشہ تک دہی کی لسی کے ساتھ یا دہی میں ملاکر کھلائیں۔

دوا: خونی بادی بواسیر کو اچھا کرتی ہے۔ ص: زیرہ سفید ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ کوٹ چھانکر شہد خالص ایک پاؤ میں ملاکر رکھ لیں دو ماشہ سے تین ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

دوا: خروج مقعد (کانچ) کو اچھا کرتی ہے۔ ص: پوست سم گوسفند خشک ۱ تولہ۔ شاخ گوسفند سوختہ ۱ تولہ جفت بلوط ۱ تولہ۔ گلنار ۱ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ پوست انار خشک ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر کانچ پر چھڑک کر آہستہ آہستہ کانچ کو جوتی کے تلے سے اندر دبائیں۔ تھوڑی سی دیر کیلئے لنگوٹ باندھیں۔

روغن: بواسیر کیلئے بے حد مفید ہے۔ ص: کچلہ ۲ عدد۔ افیون ۱ تولہ کچلوں کو باریک کر کے افیون میں ملاکر ایک سیر سرسوں کے تیل میں خوب حل کر کے ایک مٹی کی ہانڈی میں رکھکر روئی کا ایک موٹا سا فتیلہ بقدر دو انگشت بناکر ہانڈی میں رکھکر نو گھنٹے تک روشن رکھیں۔ بعدہ سرد کر کے فتیلہ میں سے تیل نچوڑ کر اور ہانڈی کا تیل بھی ایک ہی جگہ بوتل میں

رکھ لیں ۔ ضرورت کے وقت خوب اچھی طرح ہلاکر بواسیر کے مستوں پر دن میں دو تین مرتبہ استعمال کریں ۔

روغن : بواسیر کے مستوں کو بیکار کر دیتا ہے ۔ اور چھوٹے مستوں کو بالکل آرام کر دیتا ہے : ص : کافور ۱ تولہ ۔ روغن بید انجیر ۵ تولہ ۔ ایک تانبے کے برتن میں رکھ کر اُس اڈنڈے سے بارہ گھنٹے تک رگڑیں جسمیں تانبے کا پیسہ لگا ہو اس کے بعد مستوں پر استعمال کریں

سفوف : بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے : ص : ناگکیسر ۲ ماشہ ۔ صندل سفید ۲ ماشہ ۔ کہربائے شمعی ۲ ماشہ ۔ دم الاخوین ۲ ماشہ گیرو ۳ ماشہ ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ ۔ انجبار ۲ ماشہ ۔ ملتانی ۱ تولہ ۔ سنگجراحت ۱ تولہ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر دو ماشہ سے پانچ ماشہ تک صبح شام کھلائیں ۔

سفوف : حاملہ کی پیچش کیلئے بے حد مفید ہے : ص : مصطگی رومی ۴ ماشہ ۔ طباشیر ۴ ماشہ ۔ نشاستہ ۴ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ زرورد چار ماشہ ۔ تخم خشخاش سفید ۴ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر اسپغول مسلم ۸ ماشہ ۔ ملاکر تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھلائیں ۔

سفوف : نئے پرانے دستوں کو اور سنگرہنی کو اچھا کرتا ہے : ص : املی کے درخت کی جڑ کا پوست سوختہ ۲ تولہ ۔ جامن کے درخت کی جڑ کا پوست سوختہ ۲ تولہ ۔ کوٹ چھانکر ایک ماشہ سے دو ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں ۔

سفوف ۔ بچوں کے دستوں کو اچھا کرتا ہے : ص : پوست خشخاش ۱ ماشہ

حب الآس ۳ ماشہ ۔ کندر ۱ ماشہ ۔ سعد کوفی ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر چار رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک کھلائیں ۔

سفوف ۔ نئی پرانی پیچش کیلئے مفید ہے ۔ ص ۔ مغز بلگری بریاں دو تولہ ۔ موچرس ۲ تولہ ۔ بادیان بریان ۱ تولہ ۔ کشنیز خشک بریاں ایک تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ نیم بریاں ۲ تولہ ۔ کوکنار ۲ تولہ ۔ کتھ سفید ۱ تولہ ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر دو ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں ۔

سفوف ۔ ہر قسم کے دستوں کو آرام کرتا ہے ۔ ص ۔ گلسرخ ۱ تولہ ۔ عود غرقی ۱ تولہ ۔ زرشک ۱ تولہ ۔ پوست سماق ۱ تولہ ۔ انار دانہ ایک تولہ ۔ زرورد ۹ ماشہ ۔ طباشیر ۹ ماشہ ۔ دانہ ہیل ۹ ماشہ ۔ کشنیز مقشر ۶ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک صبح شام کھلائیں ۔

سفوف ۔ دستوں کو آرام کرتا ہے ۔ خصوصاً صفراوی دستوں کیلئے بے حد مفید ہے ۔ ص ۔ پوست بیرون پستہ ۶ ماشہ ۔ صندل سفید ۶ ماشہ ۔ انار دانہ ترش ۶ ماشہ ۔ پوست ترنج ۶ ماشہ ۔ زرشک ایک تولہ ۔ کشنیز خشک مقشر ۶ ماشہ ۔ پوست سماق ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک شربت انار یا بدرقہ مناسب کے ساتھ کھلائیں ۔

سفوف ۔ باد گولہ کو اچھا کرتا ہے ۔ ص ۔ نمک سونچر ۱ تولہ ۔ نمک سیندھا ایک تولہ ۔ زنجبیل ۱ تولہ ۔ انگوزہ ۱ تولہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ ۔ پیپل دراز ۱ تولہ ۔ اجمود ۱ تولہ ۔ بائے برنگ ۱ تولہ ۔ جواکھار ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر

سفوف بناکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک گرم پانی سے کھلائیں۔

سفوف: مسہل (آسان جلاب) ہے۔ مواد اور سدوں کو خارج کرتا ہے۔ ص: بابان ۱ تولہ۔ سناکی ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف: بلغمی مادوں کے خارج کرنے کیلئے اچھا مسہل (جلاب) ہے۔ ص: حب النیل ۲ ماشہ۔ تربد مجوف تراشیدہ خراشیدہ ۹ ماشہ۔ زنجبیل ۱ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ کتیرا ۱ ماشہ۔ کوٹ چھانکر روغن بادام میں چرب کرکے مناسب عرق یا گرم پانی سے کھلائیں۔

ضماد: درد قولنج کو آرام کرتا ہے۔ ص: مغز تخم بید انجیر ۱ تولہ۔ زنجبیل چھ ماشہ۔ صبر ۳ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر گائے کے دودھ میں پکاکر لیپ کریں۔

مطبوخ: مسہل (جلاب) ہے۔ ص: سنا ۲ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ تخم تمر ہندی ۱ تولہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ پانی میں جوش دیکر ملکر چھانکر پلائیں۔

مطبوخ: قولنج کے درد کو بہت جلد آرام کرتا ہے۔ ص: فلفل ۲ ماشہ۔ دارفلفل ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ ماشہ۔ زیرہ کرمانی ۲ ماشہ۔ سداب ۲ ماشہ۔ خولنجان ۲ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب دو چھٹانک پانی رہ جائے ملکر چھانکر پلائیں۔

درد قولنج کو فوراً آرام کرتی ہے۔ ص = قرفہ ۱۰ ماشہ ۔

معجون = زنجبیل ۱۰ ماشہ ۔ زیرہ کرمانی ۱۰ ماشہ ۔ خولنجان ۱۰ ماشہ ۔ فلفل

دس ماشہ ۔ سداب ۱۰ ماشہ ۔ دار فلفل ۱۰ ماشہ ۔ سقمونیا ۵ تولہ ۱۰ ماشہ ۔

عسل خالص ۲۰ تولہ ۔ کوٹ چھانکر شہد کف گرفتہ میں معجون تیار کر کے تین ماشہ

سے چھ ماشہ تک کھلائیں ۔

نواسیر کو اچھا کرتا ہے۔ (مقعد کے قریب زخم ہوتا ہے) اص =

مرہم = چوکیا سہاگہ ۴ ماشہ ۔ رسوت ۴ ماشہ ۔ گوگل ۱ تولہ ۔ موم زرد

ایک تولہ ۔ کوٹ چھانکر موم پگھلا کر سب دوائیں اس میں ملا کر مرہم تیار کریں

بواسیر کے مسّوں کو اچھا کرتا ہے۔ ص = موم سفید ۱ تولہ ۔

مرہم = روغن گل ۴ تولہ ۔ استخوان سنگ پشت سوختہ ۱ تولہ ۔ اکلیل الملک

تین ماشہ ۔ تخم خطمی ۳ ماشہ ۔ تخم کتاں ۳ ماشہ ۔ مردار سنگ ۳ ماشہ ۔ رسوت ناگ

کشتہ سفید ۳ ماشہ ۔ برگ قنب ۳ ماشہ ۔ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ ۔

کافور ۳ ماشہ ۔ افیون ۱ ماشہ ۔ سفیدی بیضۂ مرغ ایک عدد مرہم

تیار کر کے استعمال کریں ۔

مقعد کے زخموں اور مسّوں کو آرام کرتا ہے۔ ص =

مرہم = کپور کچری ۱ تولہ ۔ چھار چھبیلا ۱ تولہ ۔ اندر جو ۱ تولہ ۔ قرنفل

ایک تولہ ۔ کوٹ چھانکر مکھن میں یا دھوئے گھی میں ملا کر مرہم بنالیں ۔

امراض رحم ۔ (رحم کی بیماریاں)

جوارش ۔ حمل کی حالت میں کھلانے سے پیٹ کے بچے کی حفاظت کرتی ہے۔ تفریح اور تقویت ہوپنچاتی ہے۔ ص ۔
زرنباد ۲ ماشہ۔ درونج عقربی ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ بسد ڈیڑھ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ عود ہندی ۲ ماشہ۔ خبد بید ستر ۱ ماشہ۔ سنبل الطیب ۱ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سہ چند عسل خالص کف گرفتہ میں جوارش تیار کرکے دو ماشہ سے چار ماشہ تک کھلائیں۔

جوارش ۔ حاملہ اور پیٹ کے بچے کی حفاظت کرتی ہے۔ بعض عورتوں کو اسقاط حمل ضایع ہونے کی بری عادت پڑ جاتی ہے اس مرض کے دفعیہ کے لئے بہترین چیز ہے۔ ہاضمہ میں مدد دیتی ہے اخراج ریاح کرتی ہے۔ حاملہ اور بچے کو تقویت ہوپنچاتی ہے۔ ص ۔
مصطگی رومی ۲ تولہ۔ برادہ عاج ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ۲ تولہ۔ دارچینی دو تولہ۔ میعہ سائلہ ۲ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ پوست اترج ۱ تولہ۔ عودخام ڈیڑھ تولہ۔ سعد کوفی ۱ تولہ۔ گلسرخ ا تولہ ۱ ماشہ۔ عود صلیب ا تولہ ۱ ماشہ ساذج ہندی ا تولہ ۱ ماشہ۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ نبات سفید ہموزن عسل خالص کف گرفتہ دو چند میں دوائیں کوٹ کر چھانکر ملاکر جوارش تیار کرکے دو ماشہ۔ سے چار ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

حمول = رحم کے درد کو دور کرتا ہے۔ رحم کے ریاح کو خارج کرتا ہے
ص = بادیان ۲ ماشہ۔ برگ سداب ۲ ماشہ۔ انیسوں ۲ ماشہ
تخم کرفس ۲ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر عسل بقدر حاجت
ملاکر پورانی روئی میں لپیٹ کر استعمال کریں

حمول = رحم کو گندی رطوبات سے پاک کرتا ہے۔ ادرار حیض کرتا ہے
ص = مرمکی ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر صاف
پورانے باریک جھرجھرے کپڑے میں پوٹلی بناکر استعمال کریں۔

حمول = رحم کے زخم کو اچھا کرتا ہے۔ رحم کی خارش کو دور کرتا ہے
ص = اول دو تین روز تک شہد خالص روئی میں لپیٹ کر
استعمال کریں۔ تاکہ پیپ خارج ہو جائے۔ بعدہٗ مازو سبز ۲ ماشہ۔ پانی
میں جوش دیکر صاف کرکے پانی میں روئی تر کرکے استعمال کریں۔

حمول = رحم کے ورم کو اچھا کرتا ہے = ص = ہلدی ۲ ماشہ۔
باریک پیسکر روغن زرد بقدر حاجت ملاکر پورانی روئی
میں آلودہ کرکے استعمال کریں۔

حمول = رحم کے خون کا حابس ہے۔ رحم کی رطوبت کو جذب کرتا
ہے۔ رحم کی بدبو کو دور کرکے خوشبو پیدا کرتا ہے = ص =
سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ ہیراکسیس ۶ ماشہ۔ گلنار ۵ ماشہ۔ پھٹکری خام
پانچ ماشہ۔ آملہ خشک ۴ ماشہ۔ اذخر کی ۴ ماشہ۔ سعد کوفی ۲ ماشہ۔
خشک خالص ۱ ماشہ۔ کوٹ چھانکر صاف پورانے باریک کپڑے میں پوٹلی

بنا کر استعمال کریں۔

حمول: رحم کے ورم کو دور کرتا ہے۔ رحم کی گندی رطوبات اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ ص: اجوائن ۱ تولہ۔ بائے برنگ ۱ تولہ۔ بہروزہ خشک ۱ تولہ۔ تخم نبنت ۲ ماشہ۔ نمک لاہوری چھ ماشہ۔ کوٹ چھانکر شہد خالص بقدر ضرورت میں خوب نرم کر کے صاف پرانی روئی میں ملا کر استعمال کریں۔

حمول: رحم کے زخم۔ رحم کی سوزش۔ رحم کے ورم کو اچھا کرتا ہے ص: مرہم داخلیون ۱ تولہ۔ مرہم سفید آب کافوری ایک تولہ۔ روغن گل ۱ تولہ۔ آب کوہ تازہ بقدر حاجت۔ آب کاسنی تازہ بقدر حاجت۔ سفیدی بیضۂ مرغ ایک عدد باہم ملا کر روئی میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ جسقدر ممکن ہو دوا نرم بنا کر استعمال کریں۔

حمول: حیض کو روکتا ہے۔ خصوصاً حمل کی حالت میں جب خون جاری ہو جائے۔ اور حمل کے ضائع ہونے کا خطرہ پیدا ہو جائے تو اس کے استعمال سے خون فوراً بند ہو جاتا ہے۔ اور حمل ضائع ہونے سے بچ جاتا ہے۔ ص: ریشہ نارجیل سوختہ ۲ ماشہ۔ ابریشم سوختہ ۲ ماشہ مازو سوختہ ۲ ماشہ۔ موئے گوسفند سوختہ ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر صاف، جھر جھرے کپڑے میں پوٹلی بنا کر استعمال کریں۔

حمول: رحم کے درد کو دور کرتا ہے۔ رحم کی گندی رطوبات کو خارج کرتا ہے۔ ص: برنگ کابلی ۱ تولہ۔ کف دریا ۱ تولہ

بہروزہ خشک ۲ تولہ ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ ۔ کوٹ چھانکر باریک کپڑے میں پوٹلی بناکر استعمال کریں ۔

حمول = نبد حیض کو جاری کرتا ہے = ص = پودینہ کوہی ۴ ماشہ ۔ ابھل ۴ ماشہ ۔ سداب ۱۰ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر مویز منقٰے دو تولہ میں حلکر کے روئی میں لپیٹ کر استعمال کریں ۔

حمول = رحم کی رطوبات کو خشک کرتا ہے ۔ رحم کے منہ کو تنگ کرتا ہے ص = فوفل ۱ تولہ ۔ گل پستہ ۱ تولہ ۔ موچرس ۱ تولہ ۔ کمرکس ایک تولہ ۔ مازو ۳ ماشہ ۔ پھٹکری ۳ ماشہ ۔ گلنار ۱۰ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر کپڑے کی پوٹلی کے ذریعہ استعمال کریں ۔

حَب = حیض جاری کرتی ہے ۔ رحم کے درد کی تکلیف کو دور کرتی ہے = ص = سلیخہ ۱ تولہ ۔ ابھل ۱ تولہ ۔ شونیز ۲ تولہ ۔ شاطرانشیع ۱۰ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر شہد میں ملاکر چنے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

حب = رحم کے درد کو اور حاملہ کے قولنج کے درد کو اچھا کرتی ہے ص = زرنباد ۹ ماشہ ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ ۔ عود غرقی ، چھ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر گلقند ۲ تولہ میں خوب کھرل کرکے بڑے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں ۔

حَب = حیض کو روکتی ہے = ص = کتیرا ۲ ماشہ ۔ نشاستہ ۳ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ ۔ مغز تخم خیارین ۳ ماشہ ۔ گلنار فارسی ۳ ماشہ

اقاقیا ۲ ماشہ ۔ کہربائے شمعی ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر بارتنگ کے خیسرہ میں مٹر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں

حب = حیض جاری کرتی ہے ۔ رحم کے درد کو دور کرتی ہے = ص = مرمکی ۲ ماشہ ۔ ترمس ۲ ماشہ ۔ برگ سداب ۲ ماشہ ۔

پودینہ خشک ۲ ماشہ ۔ منکطرامشیع ۲ ماشہ ۔ مجیٹھ ۲ ماشہ ۔ انگوزہ ۲ ماشہ سکبینج ۲ ماشہ ۔ جاوشیر ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں ۔

حب = اختناق الرحم کو اچھا کرتی ہے ۔ رحم کے درد کو آرام کرتی ہے = ص = جند بید ستر ۲ ماشہ ۔ حلتیت ۱ ماشہ ۔

عود صلیب ۱ ماشہ ۔ جدوار ۱ ماشہ ۔ زعفران ۱ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سونف کے عرق کے ہمراہ چنے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

حلوا = اختناق الرحم کو فائدہ کرتا ہے ۔ ایام ماہواری کی بے قاعدگی کو دور کرتا ہے = ص = مغز پیٹھ مقشر (پیٹھے کا گودہ)

چھ سیر دو چند پانی میں جوش دیں ۔ جب آدھا پانی رہ جائے تو پانی سے پیٹھے کے ٹکڑوں کو نکال کر ۲۲ تولہ گھی میں بھونکر پھر وہ پانی جس میں پیٹھے کے ٹکڑے جوش کئے گئے تھے ملا کر چار سو تولہ شکر ڈالکر حلوا بنائیں جب حلوا تیاری کے قریب ہو تو ان دواؤں کو کوٹ چھانکر ملا دیں ۔ پیپل خورد ۸ تولہ ۔ زنجبیل ۸ تولہ ۔ زیرہ سفید ۸ تولہ ۔

مرچ سیاہ ۲ تولہ - تیج پات ۲ تولہ - شہد ۱۰ تولہ ملا دیں - ایک تولہ سے دو تولہ تک کھلائیں -

دوا = مردہ بچے کو بلا تکلیف کے خارج کرتی ہے = ص = خانہ زنبور زرد سوختہ ۵ ماشہ - سے ۷ ماشہ تک کھلائیں -

دوا = حمل کی حالت میں خون آنے کو روکتی ہے = ص = برگ مغیلاں ۷ ماشہ پانی میں جوش دیکر صاف کر کے شربت انجبار تین تولہ ملا کر پلائیں -

دوا = ادرار حیض کے وقت جو درد ہوتا ہے اس کو آرام کرتی ہے ص = راوند خطائی ۳ ماشہ - پیسکر چھانکر پانی سے کھلائیں -

دوا = رحم کی خارش - سوزش کو آرام کرتی ہے ص کمیلا ۱ تولہ - برگ نیم پانچ تولہ - پانی میں جوش کر کے چھانکر آبدست لیں -

دوا = رحم کی سوزش اور پھنسیوں اور زخموں کو آرام کرتی ہے ص = سفیدہ کاشغری ۲ ماشہ - مردار سنگ ۳ ماشہ - کمیلا ۲ ماشہ - کتھ سفید ۳ ماشہ - کافور ۲ ماشہ - باریک پیسکر مکھن میں ملا کر رحم میں لگائیں

دوا = اس درد کو جو وضع حمل کے بعد (یا بچہ پیدا ہونا) ہوتا ہے آرام کرتی ہے = ص = پوست خربزہ خشک ۲ ماشہ - نکوہ خشک ۲ ماشہ - پانی میں جوش دیکر چھانکر شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر پلائیں -

دوا = اس درد کو جو وضع حمل کے بعد ہوتا ہے آرام کرتی ہے۔
ص = پان میں کتھ چونا معمول کے مطابق لگا کر بجائے چھالیہ کے نمک کوٹ کر ڈال کر کھلائیں۔ اور اس کا رس چوسیں۔

دوا = وضع حمل کے وقت جو درد ہوتا ہے اس کو اچھا کرتی ہے۔
ص = پورانا کھوپرا (نارجیل) چبا کر اس کا رس چوسیں۔

سفوف = عقم (بانجھ) کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ ص = طباشیر کبود ڈھائی تولہ۔ دانہ الائچی ۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ برادہ دندان فیل ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر حیض سے فارغ ہو کر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک بکری یا گائے کے دودھ سے کھلائیں۔

سفوف = حیض کو بند کرتا ہے۔ ص = گولر خام خشک کوٹ چھانکر مصری ہموزن ملا کر سفوف بنا کر چھ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں۔

سفوف = عورتوں کے جریان کے لئے بہت مفید ہے۔ ص = اصل السوس مقشر ۷ ماشہ۔ تخم کاہو ۱۰ ماشہ۔ تخم سداب ۱۰ ماشہ گلسرخ ۱۰ ماشہ۔ گلنار فارسی ۴ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف = سیلان الرحم کی شکایت کو اچھا کرتا ہے۔ ص = صدف سوختہ ۳ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۳ ماشہ مصطگی ۳ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ یشب سبز ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ مصری ۴ تولہ۔ سفوف بنا کر تین

ماشہ سے چھ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف: حیض کو روکتا ہے۔ طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔ ص: گل نیلوفر ۹ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۹ ماشہ۔ آملہ خشک ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک ساٹھی کے چاول کے پانی (پیچ) سے کھلائیں۔

سفوف: حاملہ کے سوزاک کو اچھا کرتا ہے۔ ص: ست گلو ۴ ماشہ۔ صمغ عربی ۴ ماشہ۔ اصل السوس ۴ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر ۴ ماشہ۔ کتھ سفید ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ کتیرا ۱۲ ماشہ۔ اقاقیا ۴ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۱ تولہ۔ تخم خشخاش ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر تین ماشہ سے چھ ماشہ تک کھلائیں۔

سفوف: حاملہ کے خون حیض کو بند کرتا ہے۔ ص: تالمکھانہ بریاں ۴ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ کتھ سفید ۴ ماشہ۔ آملہ خشک ۴ ماشہ۔ گل نیلوفر ۴ ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۴ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۴ ماشہ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر چھ ماشہ سے نو ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں۔

سفوف: کثرت اسقاط حمل (حمل ضایع ہونے) کی شکایت کو اچھا کرتا ہے۔ ص: بادیان ۹ ماشہ۔ انیسوں ۹ ماشہ۔ کلونجی ۹ ماشہ۔ تخم کرفس ۹ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۹ ماشہ۔ انجدان ۹ ماشہ۔ صعتر ۹ ماشہ۔ جندبیدستر ۱۰ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر ۲ ماشہ سے

تین ماشہ تک کھلائیں۔

ضماد۔ درد رحم اور ورم رحم کے لئے بے حد مفید ہے۔ ص:۔ شیر شتر ۵ تولہ۔ شیر میش ۵ تولہ۔ روغن بید انجیر ۵ تولہ۔ قلعی دار پتیلی میں ڈال کر خوب پکائیں کہ گاڑھا ہو جائے۔ اسوخت زنجبیل ۲ ماشہ۔ نانخواہ ۲ ماشہ۔ باریک پیسکر چھڑک کر زیر ناف لیپ کریں۔

مطبوخ۔ ورم رحم کو اچھا کرتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ رحم کی گندگی کو دور کرتا ہے۔ ص:۔ مغز تخم خربزہ نیمکوفتہ ۲ ماشہ۔ بالچھڑ ۲ ماشہ۔ بادیان ۲ ماشہ۔ تخم قرطم ۲ ماشہ۔ بکوہ خشک ۲ ماشہ۔ بابونہ ۲ ماشہ۔ گاؤزبان ۲ ماشہ۔ گلسرخ ۵ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ تخم کاسنی ۲ ماشہ۔ پانی میں جوش دیکر صاف کرکے شربت بزوری چار تولہ ملاکر پلائیں۔

مطبوخ۔ حیض و نفاس کو جاری کرتا ہے۔ مسقط حمل ہے۔ ص:۔ بیخ نے ۱ تولہ۔ پوست بیرون املتاس سیاہ ۱ تولہ۔ ڈوڈہ کپاس سات عدد۔ بیخ اذخر ۵ ماشہ۔ برنگ کابلی ۵ ماشہ۔ پانی میں جوش دیکر ملکر چھانکر شربت بزوری چار تولہ ملاکر پلائیں۔

معجون۔ حمل قائم رکھنے کے لئے۔ جب حاملہ کو تین ماہ گزر جائیں تو کھلانا شروع کریں۔ ص:۔ نشارۂ عاج ۲ ماشہ۔ فوفل ۲ ماشہ۔ شاخ گوزن سوختہ ۲ ماشہ۔ گلنار فارسی ۲ ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ مرجان ۲ ماشہ۔ بسد احمر سوختہ ۲ ماشہ۔ یشب سبز

۴ ماشہ ۔ گلسرخ ۴ ماشہ ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ ۔ کشنیز خشک ۴ ماشہ ۔ عود ہندی ۴ ماشہ ۔ مصطگی رومی ۴ ماشہ ۔ زرنباد ۴ ماشہ ۔ کباب چینی ۴ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر دو چند شہد خالص کف گرفتہ میں معجون بنا کر دو ماشہ سے تین ماشہ تک کھلائیں ۔

معجون = جنین (پیٹ کے بچے) کی حفاظت کرتی ہے ۔ ص ۔ زرنباد ساڑھے تین ماشہ ۔ درونج عقربی ۴ ماشہ ۔ کہربائے شمعی ۵ ماشہ ۔ عود غرقی ۵ ماشہ ۔ سنبل الطیب ۱ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر دو چند آملہ کے مربے کے شیرے میں معجون بنائیں ۔ تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں ۔

امراض اعضاء تناسل (آلۂ مردمی کی بیماریاں)

پٹی = جلق (مشت زنی) کی وجہ سے عضو تناسل میں جو کچھ خرابی ہو گئی ہو اس کو اچھا کرتی ہے ۔ باہ پیدا کرتی ہے ۔ ص ۔ سیماب ۱ تولہ ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ ۔ شیر مدار ۲ تولہ ۔ روغن گاؤ ۴ ماشہ ۔ عسل خالص ۴ ماشہ ۔ خوب کھرل کرکے کپڑے کی پٹی پر لگا کر قضیب پر ملفوف کرکے اوپر سے برگ تنبول بنگلہ گرم کرکے باندھیں ۔

پٹی = باہ پیدا کرتی ہے ۔ ص ۔ سیماب ۱۰ ماشہ ۔ شہد ۷ ماشہ ۔ میں حل کرکے کپڑے کی پٹی پر طلا کرکے اعضاء تناسل پر لپیٹ دیں ۔

حب = مقوی باہ - مقوی اعضاء رئیسہ = ص - کشتہ سفید ۹ ماشہ - سم الفار سفید ۲ ماشہ - مغز گھیگوار ۲ پاؤ - میں اس قدر حل کریں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے موٹھ کے دانہ کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھلائیں - مرغن اور مجرب غذائیں زیادہ کھلائیں

حب = باہ کو طاقت دیتی ہے - مقوی معدہ ہے = ص = رومی مصطگی ایک تولہ - ہیر اہنیگ ۲ تولہ - ست ہوبان ۲ ماشہ - عنصل دشتی ۴ تولہ - خوب کھرل کرکے مٹر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں :

حب = قوت باہ پیدا کرتی ہے - اور تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی ہے ص = سم الفار سفید ۴ تولہ کی ایک ڈلی لیکر ریشمی کپڑے کی پوٹلی میں باندھکر بھورے رنگ کی بھینس کا گوبر چار سیر لیکر ایک دس سیر وزن کے پتیلے میں پانچ سیر پانی ڈالکر گوبر اس میں گھول دیں - پوٹلی مذکور معلق لٹکا کر پتیلے کو چولہے پر رکھکر بیری کی لکڑی کی آگ چار گھنٹہ تک جلائیں - پھر پوٹلی مذکور کو سرخ گائے کے چار سیر دودھ میں معلق لٹکا کر چار گھنٹہ تک بیر کی لکڑی کی آگ جلائیں - بعدہ قرنفل ۴ تولہ - مرچ سفید ۴ تولہ دانہ الائچی کلاں ۴ تولہ - پیپل خورد ۴ تولہ ملاکر آب ادرک پانچ سیر ملاکر کھرل کرکے ماش کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھلائیں -

حب = قوت باہ پیدا کرتی ہے = ص = سم الفار سفید ۲ ماشہ کشتہ سفید ۱ تولہ - مصطگی رومی ۱ تولہ - عرق گلاب میں خوب

کھرل کرکے جوار سفید کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں

حَب: امساک کرتی ہے ۔ ص ۔ جوز بوا ۲ ماشہ ۔ مالکنگنی ۲ ماشہ ۔ زعفران ۲ ماشہ ۔ افیون ۲ ماشہ ۔ قرنفل ۲ ماشہ ۔ بزرالبنج ۲ ماشہ ۔ اسپند ۲ ماشہ ۔ برگ قنب بریاں ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر بڑے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک ایک گھنٹہ جماع سے قبل دودھ یا پانی کے ہمراہ کھلائیں ۔

حَب: امساک کرتی ہے ۔ ص ۔ ریگ ماہی ۴ ماشہ ۔ شنگرف ۴ ماشہ ۔ مازو ۴ ماشہ ۔ قرنفل ۴ ماشہ ۔ زعفران ۲ ماشہ ۔ افیون ۲ ماشہ کوٹ پیسکر چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے تین گولی تک دودھ کے ہمراہ جماع سے ایک گھنٹہ قبل کھلائیں ۔

حَب: امساک کیلئے بے حد مفید ہے ۔ ص ۔ عود غرقی ۱۰ ماشہ ۔ کباب چینی ۱۰ ماشہ ۔ قرنفل ۱۰ ماشہ ۔ قرفہ ۱۰ ماشہ ۔ فلفل سفید ۱۰ ماشہ ۔ تخم بالنگو ۷ ماشہ ۔ تخم بابونہ ۳ ماشہ ۔ دار فلفل ۳ ماشہ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ ۔ زعفران ۲ ماشہ ۔ افیون ۶ ماشہ ۔ چرس ۵ ماشہ ۔ کوٹ پیسکر ۵ تولہ گلاب کے عرق میں ۳ تولہ قند سفید کا قوام بناکر اس میں ملاکر خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے تین گولی تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں ۔

حَب: امساک کرتی ہے ۔ ص ۔ جوز بوا ۶ ماشہ ۔ بسباسہ ۶ ماشہ ۔ افیون ۱ تولہ ۔ مازو سبز ۲ ماشہ ۔ اسپند ۲ ماشہ ۔ مصطگی رومی

چھ ماشہ ۔ زعفران ۶ ماشہ ۔ ناگیسر ۶ ماشہ ۔ موچرس ۶ ماشہ ۔ وچ ترکی ۶ ماشہ ۔ گوگل ۶ ماشہ ۔ خوفل ۶ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر اسپغول کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چار گولی تک دودھ کے ہمراہ جماع سے ایک گھنٹہ قبل کھلائیں ۔

حب ۔ لذت جماع کیلئے ۔ ص ۔ زبان زاغ ۱ ماشہ ۔ چوکیا سہاگہ ڈیڑھ ماشہ ۔ بیر بہوٹی ۱ ماشہ ۔ عاقرقرحا ۱ ماشہ ۔ کتھ سفید ۱ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کرکے گولیاں بناکر سایہ میں خشک کریں جماع کے وقت لعاب دہن میں حل کرکے استعمال کریں ۔

حب ۔ جماع میں طرفین کے لئے لذت پیدا کرتی ہے ۔ ص ۔ دانہ الائچی سفید ۲ ماشہ ۔ سہاگہ چوکیا ۲ ماشہ ۔ عاقرقرحا ۲ ماشہ کوٹ چھانکر کیوڑے کے عطر میں کھرل کریں تھوڑا سا شہد ملاکر گولیاں بناکر جماع کے وقت لعاب دہن میں حلکر کے استعمال کریں ۔

حب ۔ آتشک کو اچھا کرتی ہے ص ۔ ترپھلا ۱ تولہ ۔ توتیا ۶ ماشہ ۔ خاکستر خرمہرہ گرد دار ۶ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر ایک تلیوں کا غذی کے عرق میں کھرل کرکے گولیاں مٹر کے برابر بناکر ایک گولی گائے کے دہی کی بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں ۔ اور ایک دو گولی لعاب دہن میں حلکر کے طلا کریں ۔ غذا خشکہ گائے کے دہی کے ہمراہ ۔ تین یوم یا سات یوم میں آرام ہوگا ۔

حب ۔ آتشک کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ آب مرارہ بز ۶ ماشہ ۔

برگ نکچھکنی ۶ ماشہ ۔ شہد خالص ۶ ماشہ ۔ کوٹ پیکر چھ گولیاں بنا کر ایک گولی روز کھلائیں ۔ غذا دلیہ گندم ۔

دوا = مجلوق (دشت زنی) کو اچھا کرتی ہے = ص = مغز جمال گوٹہ دو تولہ ۔ انگوزہ ۱ تولہ ۔ ادرک کے پانی میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر ۔ ایک یا زائد گولی ترنجرے کے پتہ کے پانی میں حلکر کے لگا کر پان گرم کر کے باندھیں ۔

دوا = باہ کو طاقت دیتی ہے = ص = پوست بیخ اشترخار اخسک کوٹ چھانکر صبح روزانہ ۳ ماشہ شہد خالص ۱ تولہ میں ملا کر کھلائیں ۔

دوا = باہ کو طاقت دیتی ہے = ص = بیضۂ مرغ کی پھیکی ٹکیہ گھی میں تلکر شہد خالص میں ڈالدیں جب شہد جذب کر لے تو کھلائیں ۔

دوا = مقوی باہ = ص = شنگرف ۱۲ ماشہ ۔ پوست بیضۂ مرغ اکیس ماشہ ۔ موصلی سیاہ ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر ایک آبخورہ میں گلحکمت کر کے سات سیر اپلوں کی آگ میں پھونک لیں ۔ جب آگ سرد ہو جائے نکال کر خوب کھرل کر کے دو چاول سے چھ چاول تک مکھن میں کھلائیں ۔ غذا مرغن مجرب کھلائیں

روغن = مقوی باہ ہے ۔ جماع میں لذت پیدا کرتا ہے = ص = قضیب خرس ۶ ماشہ ۔ گھونگچی سفید ۶ ماشہ ۔ بیر بہوٹی چھ ماشہ ۔ عطر گلاب چھ ماشہ ۔ کافور ۴ ماشہ ۔ دارچینی ۴ ماشہ ۔ سم الفار چار ماشہ ۔ عقرقرحا ۴ ماشہ ۔ خراطین خشک ۲ ماشہ ۔ قرنفل ۱ ماشہ ۔

نشک خالص ا ماشہ۔ کوٹ چھانکر بھیڑ کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر۔ پاتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کر کے وقت ضرورت کے استعمال کریں۔

سفوف۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ ص۔ مغز تخم معصفر ا تولہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ تنقاقل مصری ۶ ماشہ۔ گلیجن ۲ ماشہ تالمکھانہ ا تولہ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ کھٹکنی ۲ ماشہ۔ عنبر اشہب ا ماشہ۔ ورق طلا ۲ عدد ورق نقرہ ۵ عدد مصری دوچند سفوف بنا کر ڈیڑھ ماشہ سے تین ماشہ تک دودھ کے ہمراہ صبح شام کھلائیں۔

ضماد۔ پس و پیش برابر کرتا ہے۔ قوی باہ ہے۔ ص۔ روغن بوسل ساڈا پانچ تولہ۔ برادہ دندان فیل ۲ تولہ۔ دندان ماہی روہو ۲ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ انبہ ہلدی ۲ تولہ۔ کوٹ چھانکر روغن ملا کر نیم گرم اعضائے تناسل پر لیپ کریں۔

طلا۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ ہر قسم کی نامردی کو بشرطیکہ مادرزاد نہ ہو اچھا کرتا ہے۔ ص۔ خراطین خشک ۴ تولہ۔ غوک خشکی کلاں یکعدد۔ جونک ۱۰ عدد۔ گھوگا ۵ عدد۔ کینکڑا ۵ عدد۔ پتال منڈل ۵ عدد شپرک کلاں یکعدد۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ پیہ خوک صحرائی ۵ تولہ۔ پیہ مار سیاہ ۵ تولہ۔ پیہ خنزیر نر ۵ تولہ۔ دہنا چڑا ایک عدد۔ زہرہ ماہی روہو ۲ عدد۔ قطرب (یعنی جولاہا جو اکثر حوضوں اور تالابوں میں

ہوتا ہے۔ ایک عدد۔ سنبل ۲ تولہ۔ اسپند ۲ تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید پانچ تولہ۔ پوست بیخ خبیلی ا تولہ۔ پوست بیخ دہتورہ ا تولہ۔ آب پیاز دس تولہ۔ پوست بیخ سوسن ا تولہ۔ آب برگ دہتورہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ شیر زقوم ۱۰ تولہ۔ عاقرقرحا ۴ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ قرنفل کلاں ۱۹ عدد۔ جاوتری ۲ تولہ۔ پیپلا مول ا تولہ۔ سیماب ا تولہ۔ گندھک ا تولہ۔ سندر کوٹ ۵ تولہ۔ ستوت ۵ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ پانچ تولہ۔ روغن کبابہ ۱۰ تولہ۔ روغن بید انجیر ۱۰ تولہ۔ عسل خالص ۱۰ تولہ بچھناگ ا تولہ۔ گھونگچی سفید ۵ تولہ۔ جندبیدستر ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر گندھک اور پارہ کی کجلی بناکر آتشی شیشی کے ذریعہ چوبہ کشید کریں سات روز تک دھوپ میں رکھکر دو رتی طلا کرکے بنگلہ پان گرم کرکے اوپر سے باندھیں۔ آٹھ پہر کے بعد کھول کر گرم پانی سے دھوڈالیں تین دن تک یہی عمل کریں۔

طلا: بیکار کو باکار بناتا ہے۔ گئی گذری باہ کو واپس لاتا ہے۔ اپنے اثر میں عجیب وغریب ہے۔ ص۔ عاقرقرحا ا تولہ۔ بیربہوٹی ا تولہ۔ پوست بیخ آکھ ا تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ا تولہ۔ قرنفل ا تولہ۔ اجوائن خراسانی ا تولہ۔ کوٹ چھانکر آب دہتورہ ۶ تار میں خوب کھرل کریں کہ جذب ہو جائے۔ گولی جھڑبیری کے بیر کے برابر بناکر ایک گولی آب دہتورہ یا آب برگ تنبول بنگلہ میں حلکر کے طلا کریں اوپر سے بنگلہ پان گرم کرکے باندھیں۔ اگر ایک چلہ تک استعمال کرلیں تو تمام زیست کے لئے کافی ہے

طلا = مقوی باہ ہے اور ملذذ ہے = ص = روغن ناگکیسر ۱تولہ۔ روغن دار چینی ۱تولہ۔ روغن قرنفل ۱تولہ۔ بیر بہوٹی ۲تولہ روغن قسط ۱تولہ۔ روغن فرفیون ۱تولہ۔ عطر اگر ۱تولہ۔ خوب کھرل کرکے طلا کریں اور پان بنگلہ گرم کرکے باندہیں۔

طلا = باہ کو قوت دیتا ہے = ص = سیماب ۱تولہ۔ شنگرف ۱تولہ۔ ہڑتال طبقی ۱تولہ۔ عاقرقرحا ۱تولہ۔ کمیلا ۱تولہ۔ عنصل دشتی ۱تولہ دار چینی ۱تولہ۔ نربجرے کے پتہ کے پانی میں کھرل کرکے طلا کرکے بنگلہ پان گرم کرکے باندہیں۔

طلا = قوت باہ اور لذت جماع پیدا کرتا ہے = ص = روغن ناگکیسر ایک تولہ۔ آب مرارہ شیر نر ایک عدد۔ مشک خالص ۳ماشہ۔ کھرل کرکے کسی شیشی میں رکھیں ضرورت کے وقت استعمال کریں۔

طلا = قضیب کو فربہ کرتا ہے اور لذت جماع پیدا کرتا ہے = ص = پوست بن پھل ۳تولہ۔ روغن چنبیلی خالص ۵تولہ میں خوب کھرل کرکے بلا لحاظ حشفہ اور بیضہ پر طلا کریں۔

طلا = امساک کرتا ہے = ص = پوست بیخ کنیر سفید ۱ماشہ۔ افیون ۳ماشہ۔ مرچ سیاہ ۱ماشہ۔ مازو ۱ماشہ۔ لاکھ دانہ ۱ماشہ سب کو کھرل کرکے گولیاں بناکر ضرورت کے وقت ایک گولی پانی میں حل کرکے جماع سے کچھ دیر پہلے ناف پر طلا کریں۔

قرص = آتشک کو اچھا کرتی ہے = ص = زنگار ۱تولہ۔ دانہ الائچی ۱تولہ۔

کتھ سفید ۱ تولہ ۔ کھرل کرکے پانی میں قرص بناکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک
دودھ کے ہمراہ کھلائیں ۔ قے دست آکر آرام ہو جائیگا

کماد : عضو تناسل کے پٹھوں کو درست کرتا ہے ۔ اکثر طلا کے استعمال
سے قبل اس کا استعمال مفید ہے ۔ مقوی باہ اور محرک باہ ہے ۔
ص : خصیہ بنیڈھا یک عدد ۔ کنجد سیاہ ۲ تولہ ۔ پیاز سفید ۲ تولہ ۔
مغز نبولہ ۲ تولہ ۔ مغز بادام مقشر ۱ تولہ ۔ کوٹ کر باریک کپڑے میں دو تین
پوٹلی بناکر توے پر گرم کرکے سینکنا چاہئے ۔ یہ عمل کم از کم پانچ چھ یوم
تک کرنا چاہئے ۔

معجون : مقوی باہ اور ممسک ہے ۔ ص : یاقوت ۳ ماشہ ۔ مرجان
تین ماشہ ۔ مروارید ۳ ماشہ ۔ کہربائے شمعی ۳ ماشہ ۔ عقیق سرخ
۳ ماشہ ۔ یشب ۳ ماشہ ۔ گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ
ابریشم مقرض ۳ ماشہ ۔ بہمن سفید ۳ ماشہ ۔ بہمن سرخ ۴ . ماشہ ۔
تودری سفید ۴ . ماشہ ۔ تودری سرخ ۴ . ماشہ ۔ چوب چینی ۴ . ماشہ
صندل سفید ۴ . ماشہ ۔ تخم ہلیون ۴ . ماشہ ۔ جوتری ۴ . ماشہ ۔ جوزبوا ۴ . ماشہ
زنجبیل ۴ . ماشہ ۔ خولنجان ۴ . ماشہ ۔ تخم شلغم ۴ . ماشہ ۔ تخم انجرہ ۴ . ماشہ ۔
تخم نرب ۴ . ماشہ ۔ تخم تبت ۴ . ماشہ ۔ اندرجو شیریں ۴ . ماشہ ۔ اجمودہ ۴ . ماشہ
عاقرقرحا ۴ . ماشہ ۔ فلفل ۴ . ماشہ ۔ دارچینی ۴ . ماشہ ۔ سنبل الطیب ۴ . ماشہ
پوست ترنج ۴ . ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۴ . ماشہ ۔ اسپند بریاں ۴ . ماشہ ۔
بیخ موٹھ ۵ تولہ ۔ مغز فندق ۶ ماشہ ۔ مغز بادام ۶ ماشہ ۔ مغز تخم خربوزہ ۶ ماشہ

مغز تخم کدو شیریں ۶ ماشہ - مغز نارجیل ۶ ماشہ - مغز پستہ ۶ ماشہ -
مغز تخم خیارین ۶ ماشہ - تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ - مغز چلغوزہ ۶ ماشہ -
ریگ ماہی ۶ ماشہ - ماہی روبیاں ۶ ماشہ - مغز حبۃ الخضراء ۶ ماشہ -
زعفران ۱ تولہ - مشک ۶ ماشہ - عنبر اشہب ۶ ماشہ - ورق نقرہ ۱ تولہ -
ورق طلا ۳ ماشہ - روغن چرس ۲۰ تولہ - عسل خالص ۲۰ تار - قند سفید ۱۰ تار
کوٹ چھانکر معجون تیار کریں ایک ماشہ سے دو ماشہ تک کھلائیں -

مقوی باہ ہے - منی کو گاڑھا کرتی ہے - قبض کشا ہے = ص =

معجون = مرجان مدبر ۹ ماشہ - کہربائے شمعی مدبر ۹ ماشہ - طباشیر ۹ ماشہ
دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ - بسد احمر ۹ ماشہ - نقرہ مدبر ۶ ماشہ - بہمن سفید ۹ ماشہ
بہمن سرخ ۹ ماشہ - ثعلب مصری ۹ ماشہ - گل گاؤزبان ۹ ماشہ -
خشخاش مصری ۶ ماشہ - مغز تخم کدو ۹ ماشہ - برگ گاؤزبان ۶ ماشہ -
خرفہ سیاہ ۹ ماشہ - تودری زرد ۹ ماشہ - مصطگی رومی ۶ ماشہ - ترنجبین ۴ تولہ
شیر خشت ۴ تولہ - نبات سفید ۲۰ تار کوٹ چھانکر معجون تیار کریں - عنبر اشہب
چار ماشہ - زعفران ۶ ماشہ ملاکر ایک ہفتہ تک منہ خام کرکے رکھدیں -
بعدہٗ پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک کھلائیں -

مقوی باہ اور ممسک ہے = ص = عاقرقرحا ۱۰ تولہ - جوزبوا
معجون = تین عدد - ورق الخیال مجرب بروغن بادام ۲۰ تولہ -
کوٹ چھانکر مصری سہ چند میں معجون بناکر دو ماشہ سے چار ماشہ تک کھلائیں

معجون : مقوی باہ ۔ ص ۔ تخم خشخاش سفید ۲ تولہ ۔ موصلی سیاہ ایک تولہ ۔ موصلی سفید ا تولہ ۔ اسگند ناگوری ا تولہ ۔ خولنجان ۶ ماشہ ۔ کبابہ ۶ ماشہ ۔ مصطگی رومی ا تولہ ۔ قرنفل ۹ ماشہ کوٹ چھانکر شہد خالص کف گرفتہ دوچند میں معجون بناکر ڈھائی ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں ۔

مرہم : آتشک اور آلۂ تناسل کے زخموں اور دانوں کو اچھا کرتا ہے ۔ ص ۔ رال سفید ۳ ماشہ ۔ رسکپور ۱۰ ماشہ ۔ سیندور ۲ ماشہ کافور ۲ ماشہ ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ ۔ کمیلا ۳ ماشہ ۔ کتھ سفید ۳ ماشہ ۔ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ ۔ دخان گلخن ۲ ماشہ ۔ رسوت تین ماشہ ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۱۰ ماشہ ۔ کوٹ پیسکر روغن زرد از آب شستہ پانچ تولہ ۔ میں ملاکر مرہم تیار کریں ۔

نبیذ = (عرق) مقوی باہ ۔ مفرح ۔ نشاط آور ۔ ممسک ۔ مغلظ منی ہے ۔ اور بھوک بڑھتی ہے ۔ ص ۔ چھوارہ خشک ۷ سیر کو ایک من پانی میں جوش کریں جب پانی ۳۰ سیر رہ جائے تو چولھے سے نیچے اتار کر زنجبیل دو تولہ ۔ الائچی کلاں نیمکوفتہ ۲ تولہ ۔ قرنفل ۲ تولہ ۔ ساذج ہندی ۲ تولہ ۔ جوز بوا ۲ تولہ ۔ دارچینی ۲ تولہ ۔ پوست ترنج ۳ تولہ ۔ برگ نارنج ۵ تولہ ۔ زعفران ۶ ماشہ ۔ نیمکوفتہ کرکے ملاکر کسی مٹی کے استعمالی مضبوط مٹکے میں رکھیں برتن اسقدر بڑا ہونا چاہئیے کہ قریب نصف کے خالی رہ جائے ۔ برتن کا منہ کسی کپڑے سے باندھکر دھوپ میں رکھیں اور ہر روز کسی لکڑی سے ہلا دیا کریں

جب جوش مار کر درست ہو جائے تو بغیر ملے ہوئے چھانکر بوتلوں میں بھر لیں۔ دو تولہ سے چار تولہ تک پلائیں۔

امراض مفاصل

امراض جلد۔ اورام و دنبل و بثور۔ امراض شعر

(جوڑوں کی اور جلد کی بیماریاں۔ ورم۔ پھوڑے پھنسیاں اور بالوں کی بیماریاں)

اُبٹنہ چہرے کے مُہاسے جھایاں۔ کیل۔ داغ دہبے دور کرتا ہے
ص۔ چنیا یوسف ۱ تولہ۔ مغز تخم کدو ۱ تولہ۔ مغز تخم خربزہ ۱ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱ تولہ۔ چرونجی ۱ تولہ۔ پوست نارنگی خشک ۱ تولہ۔ آرد جو ۲ تولہ پیسکر رکھ لیں۔ ضرورت کے موافق صبح پانی میں گھول کر چہرہ پر لگا کر ایک گھنٹہ تک چھوڑ دیں اس کے بعد پانی سے دھو ڈالیں۔

اُبٹنہ: چہرے کے مہاسے۔ داغ دہبوں کو اچھا کرتا ہے۔ ص: برگ نیم ۱ تولہ۔ بیخ سوسن ۱ تولہ۔ پوست درخت سرس ۱ تولہ پانی میں پیسکر چہرہ پہ ایک گھنٹہ تک لگا رہنے دیں اور پھر پانی سے دھو ڈالیں

بخور: یہ دہونی ناسور کو اچھا کرتی ہے: ص: استخوان ماہی ایک تولہ۔ کوہان اشتر ۱ تولہ۔ کوٹ کر تھوڑا سا آگ پر ڈالکر زخم پر دہونی دیں۔

حَب: خون صاف کرتی ہے۔ دانے اور پھنسیوں کو آرام کرتی ہے۔ یہی گولی کھاتے ہیں اور اسکو پانی میں حل کر کے لگاتے ہیں: ص: رب السوس ۳ ماشہ۔ گل منڈی ۳ ماشہ۔ نیل کنٹھی ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ تنکر نیغال ۲.۰ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ ماشہ۔ برگ سناکی ۴ ماشہ۔ برگ شاہترہ ۳ ماشہ۔ گلنار فارسی ۳ ماشہ۔ چرائتہ تین ماشہ۔ برادہ صندل سرخ ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ نرکچور ۲.۰ ماشہ۔ گل نیوفر ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ۔ چاکسو ۳ ماشہ۔ حضض ہندی ۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر عرق شاہترہ میں حل کر کے گولیاں مٹر سے بڑی بناکر کام میں لائیں۔

حَب: برص (سفید داغ) کو اچھا کرتی ہے: ص: کلونجی ۳ تولہ سرمہ کی طرح باریک پیسکر شہد کے ہمراہ جھاڑی بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک صبح ایک شام کھلائیں۔ مگر پہلے مسہل لینا چاہیے

حَب: مصفی خون ہے۔ جذام۔ برص کو اچھا کرتی ہے: ص: مردار سنگ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ کو ایک سو کاغذی لیموں کے پانی میں خوب کھرل کریں اوپر سے ایک سو تولہ آم کا پرانا اچار اور لعاب گھیگوار چار تولہ ملاکر خوب حل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بناکر سایہ میں خشک کر کے ایک گولی سے دو گولی تک دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ اسمیں بھی پہلے جلاب کی ضرورت ہے

حَب: خون کو صاف کرتی ہے۔ کوڑھ کو آرام کرتی ہے: ص: سیماب مصفی ۳.۰ ماشہ۔ کندر ۱ تولہ ۹ ماشہ۔ ریوند چینی ۱۱ ماشہ۔

صمغ عربی ۷ ماشہ - اول پارہ کو کاغذی لیموں کے عرق میں خوب کھرل کریں بعدہٗ سب دوائیں کوٹ چھانکر ملاکر آب مرارہ بز میں کھرل کرکے مونگ کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں ۔

حب = داد کو اچھا کرتی ہے = ص = رال ۳ ماشہ - سہاگہ ۳ ماشہ گندھک ۳ ماشہ - اجوائن خراسانی ۳ ماشہ - فلفل سیاہ چھ عدد کوٹ چھانکر گولیاں بناکر سایہ میں خشک کریں - ضرورت کے وقت پانی میں حلکر کے داد پر لگائیں ۔

حب = داد کو آرام کرتی ہے - نوشادر ۳ ماشہ - مازو ۳ ماشہ - مردار سنگ ۳ ماشہ - گندھک آملہ سار ۳ ماشہ - مرچ سیاہ ۳ ماشہ - ضیا گوند ۳ ماشہ - کتھ سفید ۳ ماشہ - افیون ۱ ماشہ کوٹ چھانکر لیموں کے عرق میں کھرل کرکے گولیاں بناکر خشک کرلیں ضرورت کے وقت پانی میں رگڑ کر داد پر لگائیں ۔

حب = داد کو اچھا کرتی ہے = ص = صندل سرخ ۳ ماشہ - سہاگہ تیلیا ۳ ماشہ - افیون ۱ ماشہ - لیموں کے عرق میں کھرل کرکے گولیاں بناکر رکھ چھوڑیں - ضرورت کے وقت پانی میں گھسکر لگائیں ۔

حب = وجع المفاصل (گھٹیا) کو اور سردی کی وجہ سے جسم اور تمام جوڑوں میں درد ہو اس کو اچھا کرتی ہے =

ص = قرنفل ۶ ماشہ - میٹھا تیلیا ۶ ماشہ - کوٹ کر ادرک کے ایک چھٹانک

عرق میں خوب کھرل کر کے ماش کے دانہ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے دو گولی تک کھلائیں۔

حب: گٹھیا کو اچھا کرتی ہے۔ ص: سورنجان شیریں ۱ تولہ۔ صبر زرد ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر نخر گھیگوار میں خوب کھرل کر کے جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر تین گولی سے چار گولی تک کھلائیں۔

حب: عرق النساء (یہ درد پیر کی ایک رگ میں اٹھتا ہے) کو اچھا کرتی ہے۔ ص: پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ صبر سقوطری ڈیڑھ تولہ۔ سورنجان شیریں ۱ تولہ۔ بسفایج فستقی ۱ تولہ۔ بوزیدان ایک تولہ۔ کوٹ چھانکر پانی میں کھرل کر کے جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر تین گولی سے چھ گولی تک عرق بادیان سے کھلائیں۔

حب: درد اور چوٹ کے درد کو اچھا کرتی ہے۔ مومیائی کے قائمقام ہے۔ ص: گیہوں ۲ تولہ۔ کو اسقدر بھونیں کہ جل نہ جائے کوٹ پیسکر قند سیاہ ہموزن۔ روغن زرد ۱ تولہ ڈالکر کھرل کر کے جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر دو گولی سے چھ گولی تک کھلائیں۔

حب: چوٹ کی تکلیف کو آرام کرتی ہے۔ ص: ہاؤن ۲ ماشہ وج ترکی ۲ ماشہ۔ وارہلد ۲ ماشہ۔ بودھ ۲ ماشہ۔ اصل السوس ۲ ماشہ۔ پوکھر مول ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر گولی بنا کر ایک ایک

صبح شام کھلائیں - اور دو تین گولی پانی میں حلکر کے گرم کر کے لیپ کریں -

دوا = برص - جذام کو اچھا کرتی ہے - مقوی باہ ہے - بھوک بڑھاتی ہے = ص = ہڑتال طبقی ا تولہ - نمک لاہوری ۲ تولہ - آب زلال آہکی (چونے کی کلی) میں ایک ساعت تک خوب کھرل کر کے قرص بنا کر مٹی کے سکوروں میں گلحکمت کر کے تین سیر جنگلی اپلوں میں رکھکر پھونک لیں اسی طرح پانچ مرتبہ عمل کریں - بعدہٗ کھرل کر کے رکھ لیں - دو چاول سے چار چاول تک بالائی یا منقے میں لپیٹ کر کھلائیں -

دوا = جذام کو آرام کرتی ہے = ص = ہڑتال طبقی ۲ ماشہ سفیدی بیضۂ مرغ ایک عدد میں خوب کھرل کر کے غلولہ بنا کر مٹی کے برتن میں گلحکمت کر کے ایک من جنگلی اپلوں میں رکھکر پھونک لیں - کھرل کر کے شیشی میں رکھ لیں - ایک چاول سے تین چاول تک بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں

دوا = جذام کو اچھا کرتی ہے = ص = شنجرف ۲ تولہ کی ڈلی کو زرد رنگ کی سرسوں کو کوٹ کر اس میں نغدہ بنا کر رکھکر گلحکمت کر کے دو مرتبہ پانچ پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں - تیسری مرتبہ دس سیر اپلوں کی آگ دیں - سرد ہونے پر کھرل کر لیں - ایک چاول سے دو چاول تک منقے میں لپیٹ کر کھلائیں -

دوا = کنٹھ مالا - برص - آتشک - محلل اورام سوداوی = ص = رسکپور ۱ تولہ - ایک پاؤ شراب برانڈی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر مٹی کے دو پیالے لیکر اس میں رکھکر دونوں پیالوں کے لب ملتانی مٹی

خوب وصل کر کے ایک چولہے پر رکھیں۔ پیالے کے نیچے ڈھائی پاؤ گھی کا چراغ جس میں اکسٹھ تار کچے دھاگہ کی بتی بنائی گئی ہو روشن کریں تاکہ جوہر اوپر کے پیالے میں جم جائے جب سرد ہو جائے تو پیالے کھول کر آہستہ سے اوپر کا جوہر اتار لیں۔ ایک برنج سے دو برنج تک منقے میں لپیٹ کر کھلائیں احتیاط رکھیں کہ یہ دوا دانتوں سے نہ لگے۔

دوا = کنٹھ مالا کو اچھا کرتی ہے = ق = سیماب ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ پھٹکری ۲ تولہ۔ کھریا مٹی ۲ تولہ۔ چھ یوم تک خوب کھرل کریں دو مٹی کے سکوروں میں رکھکر جوہر اڑالیں۔ دو چاول سے چار چاول تک ملائی یا منقے میں لپیٹ کر کھلائیں۔ (دوا دانت سے نہ لگنے پائے)

دوا = ناسور کو اچھا کرتی ہے = ص = شیر انجیر صحرائی یا باغی میں روئی کی بتی آلودہ کر کے زخم میں داخل کریں۔

دوا = رشتہ (جسکو نہروا یا ناروکہتے ہیں) اچھا کرتی ہے = ص = اشرفی پر طاؤس کو قند سیاہ میں لپیٹ کر تین یوم تک کھلائیں

دوا = پتی اچھپاکی اکو آرام کرتی ہے ص گیرو ۶ ماشہ۔ چرونجی ۱ تولہ روغن سرشف ۵ تولہ۔ میں کھرل کر کے بدن پر ملیں۔

دوا = پتی کو اچھا کرتی ہے = ص = شکر سرخ اور بھوج پتر ہموزن کو آگ پر جلا کر دھونی دیں۔

دوا = پتی کو آرام کرتی ہے = ص = مولسری کے خشک پھولوں کو جلا کر دھونی دیں۔

دوا = داد کو اچھا کرتی = ص = کافور ۱ تولہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ کو مٹی کے تیل میں خوب کھرل کر کے داد پر لگائیں ۔

دوا = خارش کو اچھا کرتی ہے = ص = شورہ قلمی ۱ تولہ ۔ روغن سرشف چھ تولہ میں ملا کر جسم پر مالش کریں اور دو تین گھنٹے کے بعد غسل کریں

دوا = خارش کو آرام کرتی ہے = ص نیلا تھوتھا ۲ ماشہ ۔ ایک چھٹانک چنبیلی کے تیل میں ملا کر جسم پر ملکر دو چار گھنٹے بعد غسل کریں ۔

دوا = سر کے بال بڑھاتی ہے = ص = ماش کی دال پیسکر پانی میں پتلی کر کے بالوں کی جڑوں میں لگا کر ایک گھنٹے کے بعد اُس پانی سے سر کو دھوئیں جس میں بیر کی پتیاں جوش کیگئی ہوں ۔

دوا = ڈاڑھی مونچھ کے بال پیدا کرتی اور بڑھاتی ہے ۔ سر کے بال بڑھاتی ہے = ص = جروتجی ۲ تولہ ۔ آملہ خشک ۲ تولہ ۔ کوٹ پیسکر پانی میں ملا کر دو تین گھنٹے تک لگا رہنے دیں اس کے بعد پانی سے دھو ڈالیں ۔

دوا = موخورہ (بالچھڑ) کو اچھا کرتی ہے = ص = آب مرارہ ماہی روہو لگائیں ۔

دوا = موخورہ کو آرام کرتی ہے ۔ جس سے مچھلی دھوئی ہو وہ پانی لیکر اس میں کچلہ حل کر کے لگائیں ۔

دوا = موخورہ کو اچھا کرتی ہے = ص = سرخ مرچوں کے بیج پانی میں پیسکر لگائیں ۔

روغن = جوڑوں کے ورم اور درد کو اچھا کرتا ہے = ص =

گل بابونہ ۵ ماشہ۔ کوکنار ۲ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے مل کر چھانکر آب کوہ سبز ۱۰ تولہ روغن کنجد ۱۰ تولہ ملا کر پھر جوش دیں کہ پانی جل جائے اور روغن رہجائے مصطگی رومی ۵ ماشہ۔ موم خالص ۱ تولہ۔ ملا کر اتار لیں ضرورت کے وقت مالش کریں۔

روغن: ہر قسم کے زخم۔ پھوڑے پھنسیوں کو اچھا کرتا ہے۔ سوزش کو آرام کرتا ہے۔ ص: برگ حنا ۱ تولہ۔ برگ نیم ۱ تولہ۔ برگ سنبھالو ۱ تولہ۔ برگ چنبیلی ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ میں جلا کر صاف کر کے رکھ لیں ضرورت کے وقت استعمال کریں۔

روغن: ناسور۔ سرطان۔ کنٹھ مالا کو اچھا کرتا ہے۔ ص: چھپکلی برنگ سیاہ ایک عدد سرسوں کے ایک پاؤ تیل میں جلا کر خاکستر کریں چھانکر استعمال کریں۔

روغن: خارش خشک وتر نئی پرانی کو آرام کرتا ہے۔ ص: نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۲ ماشہ۔ گندھک ۲ ماشہ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ خوب باریک کر کے روغن چنبیلی آدھ سیر میں ملا کر جسم پر لگائیں۔ دو تین گھنٹہ بعد نہا ڈالیں۔

روغن: برص کے داغ کو آرام کرتا ہے۔ ص: تخم سرس سیاہ کو نیم کوب کر کے آتشی شیشی کے ذریعہ روغن کشید کر کے داغوں پر استعمال کریں۔

روغن: بال پیدا کرنے اور بال بڑھانے میں نہایت مفید ہے: ص: ثمر برگد نیم پختہ ۵ عدد۔ ریش برگد تازہ ۲ تولہ آملہ خشک ۲ تولہ۔ روغن کنجد ۳ چھٹانک میں اس قدر جوش دیں کہ سب چیزیں جل جائیں صاف کر کے استعمال کریں۔

روغن: بال پیدا کرتا ہے: ص: جونک چھوٹی ایک عدد لیکر روئی میں لپیٹ کر روغن کنجد میں مثل چراغ کے جلائیں اور ایک مٹی کے سکورے میں اس کا کاجل جمع کریں۔ جب جلکر ختم ہو جائے تو جلے ہوئے تیل میں کاجل اور تھوڑا سا اور تیل ملاکر استعمال کریں۔

سفوف: برص کو اچھا کرتا ہے۔ مصفی خون ہے: ص: اجمودہ ڈھائی تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ گل منڈی ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ڈھائی تولہ۔ سفوف بناکر تین ماشہ۔ سے پانچ ماشہ تک کھلائیں۔ غذا نان نخود ہمراہ روغن زرد۔

شربت: خون کو صاف کرتا ہے۔ کھجلی۔ زخموں پھنسیوں کو اچھا کرتا ہے: ص: شاہترہ ۱ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۹ ماشہ چرائتہ ۱ تولہ۔ گل منڈی ۱ تولہ۔ برڈنڈی ۱ تولہ۔ نیل کنٹھی ۱ تولہ۔ نگندہ ۹ ماشہ بسفائج ۹ ماشہ۔ درونج عقربی ۹ ماشہ۔ افتیمون ۷ ماشہ۔ عناب ۲ تولہ۔ برادہ چوب شیشم ۱ تولہ۔ برادہ چوب آبنوس ۱ تولہ۔ آلو بخارا ۲ تولہ گلسرخ ۹ ماشہ۔ تخم کاسنی ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔ قند سفید ایک سیر میں قوام کر کے

شربت تیار کریں دو تولہ سے چار تولہ تک پلائیں۔

شربت: خارش۔ پھنسیاں۔ جلد کی سوزش کو اچھا کرتا ہے۔ مصفی خون ہے: ص: برادہ چوب عُنّاب ایک پاؤ۔ کو دریا کے تین سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دیں کہ نصف رہ جائے شکر سفید تین پاؤ میں قوام پکا کر شربت تیار کریں۔ تین تولہ سے پانچ تولہ تک پلائیں۔

ضماد: رشتہ (نارو) کیلئے مفید ہے: ص: پوست ریٹھ پانی میں پیسکر لیپ کریں۔

ضماد: عرق مدنی (نارو) کو آرام کرتا ہے: ص: زرنیخ ۱ تولہ ناگرموتھا ۱ تولہ پانی میں حلکر کے لیپ کریں۔

ضماد: برص۔ بہق کو اچھا کرتا ہے: ص: پوست بیخ بید انجیر ۱ تولہ نرکچور ۱ تولہ۔ باوچی ۱ تولہ۔ کوٹ چھانکر دوغ ترش میں حلکر کے لیپ کریں۔

ضماد: سفید داغ کو اچھا کرتا ہے: ص: پھو سیاہ ۲ تولہ۔ باوچی ۲ تولہ۔ پیسکر سرکہ خالص میں ملا کر لیپ کریں۔

ضماد: سفید داغ اور چھیپ کو اچھا کرتا ہے: ص: کلونجی خشک سرکہ میں پیسکر لیپ کریں۔

ضماد: برص کیلئے مفید ہے: ص: باوچی ۱ تولہ۔ دم الاخوین ۱ ماشہ لیموں کے عرق میں کھرل کر کے لیپ کریں۔

ضماد: چھاجن کو آرام کرتا ہے: ص: بیخ خس خشبو ا تولہ۔ امربیل ا تولہ۔ کوٹ پیسکر دہی میں ملاکر لیپ کریں۔

ضماد: چھاجن اکوتہ کو فائدہ کرتا ہے: ص: مغز تخم بید انجیر گیاؤ نیلا تھوتھا، سرخ پیسکر آدہ سیر دہی میں حل کرکے لیپ کریں

ضماد: چوٹ کو آرام کرتا ہے: ص: شاخ کریل نو دمیدہ تازہ ایک سیر۔ میدہ لکڑی نیم چھٹانک۔ چوٹ بجی نیم چھٹانک انبہ ہلدی نیم چھٹانک۔ مالکنگنی نیم چھٹانک سب کو کوٹ پیسکر روغن کنجد ایک پاؤ میں ملاکر گرم کرکے ٹکور کریں اور یہی لیپ کردیں۔

ضماد: جوڑوں کے ورم کو تحلیل کرتا ہے: ص: نمک لاہوری چار ماشہ۔ ہلدی ۴ ماشہ۔ روغن زرد بقدر حاجت حلکرکے نیمگرم لیپ کریں۔

ضماد: جوڑوں کے درد اور ورم کو تحلیل کرتا ہے: ص: برنڈنڈی ۲ ماشہ۔ نربسی ۲ ماشہ۔ چوکیا سہاگہ ۲ ماشہ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ بیخ بسکھپرہ ۲ ماشہ۔ پوست بیخ بید انجیر ۲ ماشہ زنجبیل ۲ ماشہ۔ کوٹ چھانکر آب برگ مکوہ تازہ میں حلکرکے نیمگرم لیپ کریں۔ اوپر سے ارنڈ کا پتا گرم کرکے باندیں۔

ضماد: کنٹھ مالا (خنازیر) اور ہر قسم کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے: ص: جدوار ۲ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ صبر ا تولہ اجوائن دیسی ۲ ماشہ۔ برگ بنفشہ ۲ تولہ زراوند ۳ ماشہ خلیل سیلہا ماشہ

کتیرا ۱ تولہ - بہروزہ ۱ تولہ - حلبہ ۱ تولہ - چرائتہ ۱ تولہ - انتی ۳ ماشہ - فرفیون ۳ ماشہ - تخم ہلتھی ۱ تولہ - گوگل ۱ تولہ - رال ۶ ماشہ قیط ۱ تولہ - عدس مسلم ۲ تولہ - کالی زیری ۱ تولہ - کوٹ چھانکر آب بکوہ تازہ میں حلکر کے نیمگرم لیپ کریں -

طلا = چھیپ کو آرام کرتا ہے = ص = گندھک ۱ تولہ - توتیا سبز ۶ ماشہ آملہ خشک ۱ تولہ - تخم ہنواڑ ۱ تولہ - ریگ گلخن ۱ تولہ کوٹ چھانکر پانی ملاکر تپلا تپلا طلا کریں - دو تین گھنٹہ کے بعد غسل کریں -

عرق = مصفی خون ہے - گھٹیا کو آرام کرتا ہے - پھوڑے پھنسی اور آتشک کو آرام کرتا ہے - مفرح ہے = ص = گل منڈی پانچ تولہ - برمنڈی ۵ تولہ - نیل کنٹھی ۵ تولہ - سرپھوکہ ۵ تولہ - چرائتہ ۵ تولہ - شاہترہ ۵ تولہ - برادہ صندلین ۵ تولہ - عناب ولایتی پانچ تولہ - چوب چینی ۵ تولہ - برگ حنا ۵ تولہ - تخم خیارین ۵ تولہ - عنتبہ ثعلبی ۳ تولہ - آلو بخارا ۵ تولہ - برادہ چوب شیشم ۵ تولہ - برادہ آبنوس ۵ تولہ - برادہ چوب نیم ۵ تولہ - افتیمون ۳ تولہ - بسفائج تین تولہ - برگ جھاؤ ۵ تولہ - پوست ہلیلہ زرد آدہ پاؤ - پوست ہلیلہ کابلی آدھ پاؤ - پوست بلیلہ آدہ پاؤ - آملہ ۲ پاؤ - ہلیلہ سیاہ آدہ پاؤ - پوست درخت کیکر آدہ پاؤ - پوست درخت بکائن آدہ پاؤ - پوست درخت کچنال آدہ پاؤ - سورنجان شیریں آدہ پاؤ - پرسیاؤشان آدہ پاؤ - بارش کے یا دریا کے پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیکر

ملکر چھانکر آب کدو شیریں آدہ پاؤ - آب پالک آدہ پاؤ - لاجورد مغسول چھ ماشہ - ملاکر بھپکہ کے ذریعہ عرق کشید کریں پانچ تولہ سے دس تولہ تک پلائیں -

قرص = زخم پھوڑے پھنسی ورم کو اچھا کرتی ہے = ص = افیون نیم ماشہ مرصاف ا ماشہ - بزرالبنج ا ماشہ - صبر ا ماشہ - ریوند چینی ا ماشہ - کوٹ پیسکر قرص تیار کریں - وقت ضرورت پانی میں گھس کر لگائیں -

مطبوخ = وجع مفاصل (جوڑوں کے درد) کو آرام کرتا ہے = ص = بادیان ۵ ماشہ - بیخ بادیان ۵ ماشہ - سورنجان شیریں ۳ ماشہ - ہلیلہ سیاہ ۵ ماشہ - تخم خیارین ۳ ماشہ - جوش دیکر چھانکر شربت بزوری ۴ تولہ - ملاکر پلائیں -

مطبوخ = مصفی خون = ص = شاہترہ ۵ ماشہ - چرائتہ ۵ ماشہ - سرپھوکہ ۳ ماشہ - ترپھلا ۹ ماشہ - رتن جوت ۳ ماشہ منڈی ۳ ماشہ - عناب ۵ دانہ - افتیمون ۳ ماشہ - ہلیلہ سیاہ ۵ ماشہ - خنا ۳ ماشہ - سنا ۳ ماشہ - برادہ شیشم ۳ ماشہ - برادہ صندل سفید ۳ ماشہ جوش دیکر چھانکر شربت عناب چار تولہ ملاکر پلائیں -

مرہم = بد (خیارک) گلٹی کو آرام کرتا ہے = ص = چونہ خشک ا ماشہ کندر نیم ماشہ - گوگل ا ماشہ - شنگرف نیم ماشہ - کوٹ پیسکر سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد میں ملاکر مرہم تیار کرکے کپڑے کے پھاہہ

پر لگا کر چسپاں کریں۔ پھایہ اچھا کر کے اتریگا۔

مرہم = ناسور کو اچھا کرتا ہے = ص = وہ روغن جو پلاؤ کی دیگ میں نیچے رہ جاتا ہے اس میں سہاگہ اور آب کو کر بھنگرہ تازہ ہموزن ملا کر مرہم تیار کر کے استعمال کریں۔

مرہم = زخموں کو اچھا کرتا ہے = ص = برگ درخت برگد سوختہ چھ ماشہ = موم گداختہ ۲ تولہ۔ میں ملا کر مرہم بنا کر کام میں لائیں۔

مرہم = ہر قسم کے زخم کو اچھا کرتا ہے = ص = رال سفید ۱ تولہ موم سفید ۱ تولہ۔ سنگجراحت ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ تمام کو خوب باریک پیسکر موم کو گداختہ کر کے پہلے رال کو روغن زرد ایک پاؤ میں خوب پکا کر سب دوائیں بعد موم کے ملا کر نیم کی لکڑی سے خوب گھوٹیں۔ ضرورت کے وقت کام میں لائیں۔

مرہم = داد۔ خارش۔ خنبل کیلئے مفید ہے = ص = گندھک ۱ تولہ سہاگہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ عرق لیموں ۲ تولہ۔ روغن زرد از آب نشستہ بست بار سب کو باریک پیسکر روغن زرد میں ملا کر خوب حل کر کے مرہم تیار کریں۔

حمیات ۔ اتپ (۱) ۔ بخار)

حب ۔ ہر قسم کے بخار کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ گلو سبز آدہ پاؤ چرائتہ دو تولہ فلفل سیاہ ۵ ماشہ ۔ ایک سیر گرم پانی میں رات کو بھگودیں اور صبح اس قدر جوش دیں کہ پانی کا آٹھواں حصہ باقی رہ جائے ملکر چھانکر مغز تخم کرنجوہ ۵ تولہ ۔ کو اس پانی میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک سے لیکر تین گولی تک کھلائیں ۔

حب ۔ جاڑا بخار کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ شگوفہ برگ بیدانجیر ۱ تولہ فلفل سیاہ ۳ ماشہ ۔ نمک لاہوری ۶ ماشہ ۔ کوٹ پیسکر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی بخار سے دو تین گھنٹے قبل اور ایک گولی ایک گھنٹہ قبل کھلائیں ۔

حب ۔ تپ دق اور سل کیلئے مفید ہے ۔ ص ۔ کافور ۲ ماشہ ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ ۔ زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ ۔ طباشیر سفید دو تولہ ۔ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ ۔ کشنیز مقشر ۲ تولہ ۔ صندل سفید ۲ تولہ ۔ مغز تخم کدو شیریں ۸ ماشہ ۔ کوٹ پیسکر عرق گاؤزبان ملاکر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک عرق گاؤزبان سے کھلائیں ۔

حب ۔ چوتھیا بخار کو اچھا کرتی ہے ۔ ص ۔ مغز تخم کرنجوہ ا تولہ ۔ تخم پلاس پاپڑہ ا تولہ ۔ کوٹ پیسکر پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

حب = طاعون کیلئے بے حد مفید ہے = ص = درونج عقربی ۵ ماشہ جدوار خطائی ۵ ماشہ ۔ زہر مہرہ خطائی ۵ ماشہ ۔ پپیتہ ۵ ماشہ ۔ زعفران ۵ ماشہ ۔ نارجیل دریائی ۵ ماشہ ۔ پوست بیخ عنبر ۵ ماشہ ۔ لاجورد مغسول چھ ماشہ ۔ گل ارمنی ۵ ماشہ گل مختوم ۵ ماشہ ۔ صندل سفید ۵ ماشہ ۔ کافور ۵ ماشہ کوٹ چھانکر آب پیاز ۴ تولہ ۔ آب برگ نیم ۴ تولہ ۔ سرکہ انگوری ۱ تولہ ملا کر خوب کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں ۔

حب = نوشادر طاعون کو اچھا کرتی ہے ۔ مغز تخم کرنجوہ ۱ تولہ ۔ درونج عقربی ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ کوٹ چھانکر عرق بید میں حلکر کے گولیاں چنے کی برابر بناکر ایک گولی سے چار گولی تک کھلائیں ۔

دوا = بلغمی بخار کو اچھا کرتی ہے = ص = گنڈر گھاس ۲ سیر ۔ نوشادر نیم پاؤ نمک لاہوری نیم پاؤ ۔ برگ مدار زرد ۲۵ عدد ۔ برگ مدار کو روغن زرد سے چکنا کرکے ایک مٹی کی ہانڈی میں بچھا کر اوپر سے نوشادر اور نمک کوٹ کر زیر و بالا تہ بہ تہ بچھا کر ہانڈی کا منہ گلحکمت کرکے بیس سیر اپلوں کی آگ میں پھونک لیں جب سرد ہو جائے کھرل کرکے رکھ لیں چار رتی سے ڈیڑھ ماشہ تک مناسب بدرقہ کیساتھ کھلائیں ۔

دوا = شیرخوار بچوں کی دق کیلئے مفید ہے = ص = مردہ بچھو سے کی ہڈی ایک تولہ ۔ جدوار ۲ ماشہ ۔ عود صلیب ۲ ماشہ ۔ طباشیر ۲ ماشہ ۔ کھرل کرکے رکھ لیں دو رتی سے چار رتی تک ماں کے دودھ میں گھول کر صبح شام پلائیں ۔

دوا: تپ دق کیلئے بہت مفید ہے ۔ ص ۔ آب سیر تازہ ۱ تولہ ۔ جائفل چھ ماشہ ۔ ست سلاجیت ۳ ماشہ ۔ کوٹ پیسکر تیار کر کے ایک ماشہ سے دو ماشہ تک کھلائیں ۔

سفوف: نئے پرانے بخار کیلئے مفید ہے ۔ ص ۔ انیس ۱ تولہ ۔ اصل السوس ۲ تولہ ۔ گلو خشک ۲ تولہ ۔ مغز تخم کدو ۲ تولہ مغز تخم خیارین ۲ تولہ ۔ طباشیر ۲ تولہ ۔ دانہ الائچی ۶ ماشہ ۔ ورق نقرہ ۸ عدد نیب سبز ۱۰ ماشہ کوٹ پیسکر سفوف بنا کر ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھلائیں

سفوف: بخار روکنے کے لئے بہت اچھا ہے ۔ ص ۔ طباشیر ۱ تولہ ۔ ست گلو ۶ ماشہ ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ ۔ سمندر پھل ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۱۰ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنا کر دو ماشہ سے چار ماشہ تک بخار سے دو گھنٹہ پہلے کھلائیں ۔

سفوف: بخاروں کو اچھا کرتا ہے ۔ ص ۔ انیس تلخ ۲ تولہ ۔ قند سفید دو تولہ ۔ کوٹ چھانکر ایک ماشہ سے دو ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں ۔

سفوف: حاملہ کے پرانے بخار ۔ تپ دق ۔ سوءہضم بحالت دق ۔ اور دستوں کو دور کرتا ہے ۔ ص ۔ ست گلو ۳ ماشہ ۔ طباشیر تین ماشہ ۔ دانہ ہیل ۳ ماشہ ۔ ناگکیسر ۱ ماشہ ۔ مرچ کنکول ۱ ماشہ ۔ نیتر بالا ۱ ماشہ خس خشبو ۱ ماشہ ۔ بالچھڑ ۱ ماشہ ۔ عود غرقی ۱ ماشہ ۔ تگر ۱ ماشہ ۔ مغز کنول گٹہ ایک ماشہ ۔ زیرہ سیاہ ۱ ماشہ ۔ زیرہ سفید ۱ ماشہ ۔ تیج پات ۱ ماشہ ۔

کوٹ چھانکر سفوف بناکر چار رتی سے دو ماشہ تک کھلائیں ۔

سفوف = نئے پورانے بخار ۔ تپ دق ۔ سل ۔ دق کی حالت پر دستوں کا آنا ۔ کھانسی ۔ گھبراہٹ کا ہونا ان سب کو آرام کرتا ہے = ص = انیسں تلخ ۱ تولہ ۔ مغز تخم خیارین ۲ تولہ ۔ مغز تخم کدو ۲ تولہ تخم کاسنی ۷ ماشہ ۔ تخم کاہو ۹ ماشہ ۔ تخم خرفہ ۱۰ تولہ ۔ کتیرا ۱ تولہ ۔ صندل سفید ۷ ماشہ کافور ۲۰ ماشہ ۔ صندل سرخ ۷ ماشہ ۔ صندل زرد ۷ ماشہ ۔ رب السوس ایک تولہ ۔ گلسرخ ۹ ماشہ ۔ طباشیر ۲ تولہ ۔ اصل السوس ۲ تولہ ۔ تخم خشخاش ایک تولہ ۔ بارتنگ ۷ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ ۔ کہربائے شمعی ۳ ماشہ ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ ۔ بہدانہ ۱ تولہ ۔ زہر مہرہ خطائی تین ماشہ ۔ یشب سبز ۶ ماشہ ۔ صدف صادق ۱ تولہ ۔ ورق نقرہ ۱۰ عدد ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر ۱ ماشہ سے تین ماشہ تک کھلائیں ۔

سفوف = تپ دق ۔ سل کو اچھا کرتا ہے = ص = طباشیر کبود ۱ تولہ ۔ کہربائے شمعی ۱ تولہ ۔ زعفران ۳ ماشہ ۔ دانہ سل ۳ ماشہ ۔ ست گلو ۱ تولہ ۔ دارفلفل چونسٹھ پہری ۳ ماشہ ۔ ورق طلا یک سرخ ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ ۔ یشب ۱ ماشہ ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر سفوف بناکر ایک ماشہ سے دو ماشہ تک کھلائیں ۔

ہدایت = دارفلفل کو گلو کے تازہ عرق میں چونسٹھ پہر تک کھرل کریں ۔

ضماد = طاعون کو آرام کرتا ہے = ص = گل نیم ۲ تولہ ۔ پوست نیم ۲ تولہ درونج عقربی ۲ تولہ ۔ برگ نیم ۲ تولہ ۔ جدوار ۲ تولہ ۔ کچلہ ۱ تولہ ۔

میٹھا تیلیا ۴ ماشہ ۔ کوٹ چھانکر نیم کے عرق میں ملاکر لیپ کریں ۔

عرق : مرکب بخار کیلئے مفید ہے = ص : گلو تازہ نیمکوفتہ آدہ سیر ۔ گل بنفشہ ۴ تولہ ۔ گل نیلوفر ۴ تولہ ۔ گلسرخ ۴ تولہ ۔ اصل السوس چار تولہ ۔ گاؤزبان ۵ تولہ ۔ رات کو پانی میں بھگودیں صبح بھبکہ کے ذریعہ عرق کشید کرکے تین تولہ سے سات تولہ تک کھلائیں (تنہا یا مصری یا شربت ملادیں)

عرق : تپ دق کیلئے مفید ہے = ص : کافور ۲ تولہ ۔ چرائتہ ۲ تولہ خردل ۲ تولہ ۔ خاکسی ۲ تولہ ۔ چھ سیر پانی میں رات کو بھگودیں صبح عرق کشید کرکے چار تولہ سے آٹھ تولہ تک پلائیں ۔

مطبوخ : موتی جھرہ کیلئے بے حد مفید ہے ۔ خاکسی ۳ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ مویز منقےٰ ۵ دانہ ۔ پانی میں جوش دیکر چھانکر بھیکا پلائیں فوراً دانے ابھر آئینگے ۔ (غذا ۔ سردہ ۔ خربزہ ۔ آلو ۔ ارہر کی دال)

مطبوخ : تپ کہنہ اور تپ دق سل کیلئے مفید ہے = ص : بہمن سفید ۳ ماشہ ۔ گاؤزبان ۳ ماشہ ۔ عناب ۵ دانہ سپستان ۷ دانہ ۔ گلو ۳ ماشہ ۔ بد ماکہ ۳ ماشہ ۔ گل بنفشہ ۳ ماشہ ۔ پانی میں جوش دیکر چھانکر شربت اعجاز ۲ تولہ ملاکر پلائیں ۔

تریاق = سم الفار (سنکھیا) خوردہ کیلئے مجرب ہے = ص = نوشادر ۲ ماشہ
پیسکر عرق لیموں ملا کر کھلائیں =

تریاق = سنکھیا کے اثر کو زائل کرتا ہے = ص = پوست درخت گولریا
گولر یا برگ درخت گولر جسطرح ہو سکے کھلائیں یا اسکا پانی پلائیں

تریاق = افیون کے زہر کو دور کرتا ہے ص = بن پھل پیسکر کھلائیں۔
تے ہوگی زہر اتر جائیگا۔

حب = لقوہ اور فالج کو آرام کرتی ہے = ص = سن کے بیج ۱ تولہ۔
لوبان ۱ تولہ۔ حضض ہندی ۱ تولہ۔ تخم بادنجان ۱ ماشہ
پیسکر چھانکر شہد کے ہمراہ جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر چار گولی سے چھ گولی تک
ماء العسل کے ہمراہ کھلائیں =

حب = قوی باہ۔ دودھ گھی کافی مقدار میں ہضم کرتی ہے۔ بعض آدمیوں کو
صبح سے شام تک دس بارہ سیر دودھ ان گولیوں سے ہضم ہوا ہے
ص = ہڑتال طبقی ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ تین یوم تک کھرل کرکے
پھر زردی بیضہ مرغ میں تین دن کھرل کرکے ماش کے برابر گولیاں بنا کر صبح
ایک گولی کھلائیں۔ اور اوپر سے دودھ پلائیں۔

حَب = کایا پلٹ جسکو کایا کلپ بھی کہتے ہیں۔ اگر بال سفید ہونے سے پیشتر تین سال تک متواتر پرہیز کے ساتھ ایک گولی صبح ایک شام کھلائیں تو عمر بھر بال سفید نہوں = ص = برگ نیم ایک سیر۔ گل نیم ایک سیر ثمر نیم سبز ایک سیر۔ ثمر نیم زرد ایک سیر سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھانکر شہد خالص کے ہمراہ گولیاں بناکر کھلائیں۔

حَب = ہیضہ۔ بدہضمی۔ متلی۔ قے کو اچھا کرتی ہے۔ ایام وبا میں حفظ ماتقدم کے طور پر استعمال سے محفوظ رکھتی ہے = ص = ایک رنگترہ پختہ میں سوراخ کرکے ایک سو ایک سیاہ مرچ بھر کر کسی محفوظ جگہ ایک ہفتہ تک رکھ چھوڑیں بعدہٗ رنگترہ مع پوست و تخم و فلفل خوب حل کرکے کنار صحرائی کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں۔

حَب = طاعون کیلئے بہت مفید ہے۔ وباطاعون کے زمانہ میں حفظ ماتقدم کیلئے استعمال کرنا مفید ہے = ص = زردچوب ۶ ماشہ۔ مرکی چھ ماشہ۔ صندلین ۶ ماشہ۔ جدوار ۶ ماشہ۔ گل مختوم ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی چھ ماشہ۔ کافور ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۶ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۶ ماشہ آب برگ نیم تازہ میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی سے چھ گولی تک کھلائیں۔

حَب = دکھتی آنکھ کو آرام کرتی ہے۔ نزلہ بند ہے ص = پھٹکری سوا سیر۔ رسوت آدھ پاؤ۔ افیون ۱ تولہ۔ عرق لیموں سوا سیر۔ سب دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر آگ پر پکائیں اور لوہے کے دستہ سے حل کرتے جائیں

جب دوا گاڑھی ہو جائے تو اتار کر مٹر کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی پانی میں گھسکر آنکھ کے اوپر پتلا پتلا لیپ کریں۔ اگر دوا اندر چلی جائے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ البتہ خفیف سی جلن پیدا کرتی ہے۔

حب = سوزاک کو آرام کرتا ہے = ص = تمباکو کے پتے ۲ تولہ کو ٹھنڈے پانی میں رات بھر بھگو دیں صبح ملکر تمباکو کے پتوں کو پانی میں حل کرلیں۔ پھٹکری سفید ۱ تولہ پیسکر ملا کر لوہے کے کرچھے میں نرم آگ پر خوب پکائیں جب قوام مثل گولیاں بنانے کے ہو جائے تو جوار کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک گولی شام کو کھلائیں۔

حب = گنٹھیا کو آرام کرتی ہے = ص = کچلہ ۳ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ عرق پان ۱ تولہ۔ سب کو پیسکر چار چھٹانک گائے کے تازہ دودھ میں ڈالکر آگ پر پکائیں جب دودھ خشک ہو جائے تو سب کو کھرل کر کے ایک رتی کے وزن کی گولیاں بنا کر ایک ایک صبح شام کھلائیں۔

حب = نواسیر کے لئے اکسیر ہے = ص = مغز تخم نیم ۱ تولہ۔ رسوت ۱ تولہ۔ سمندر جھاگ ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ مشک ۱ ماشہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ کوٹ پیسکر کیلہ کے دس تولہ عرق میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنا کر صبح شام ایک ایک گولی کھلائیں اور یہی گولی حل کر کے زخم پر لگائیں۔

حب = ہر قسم کے داد کیلئے اکسیر ہے = ص = برگ درخت نیم تازہ ایک پاؤ۔ ملتانی مٹی ۴ تولہ۔ لیموں کاغذی ۴ عدد۔ تمام اجزا کو اور لیموں کو مع پوست کے کھرل کر کے جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک

کریں اور ضرورت کے وقت گولی پانی میں گھسکر لگائیں۔

حب = بہت سے امراض کیلئے مفید ہے = ص = زہر بیلا اتولہ ترکٹی ایک تولہ۔ نربسی اتولہ۔ ہربسی اتولہ۔ ہڑتال طبقی اتولہ۔ گندھک آملہ سار اتولہ۔ پارہ اتولہ۔ سنکھیا سفید اتولہ۔ شنگرف اتولہ۔ رسکپور اتولہ دار چکنا اتولہ۔ سنگجراحت اتولہ۔ میٹھا تیلیا اتولہ۔ حب السلاطین اتولہ۔ عاقرقرحا ایک تولہ۔ مردار سنگ اتولہ۔ میٹھا تیلیا اور جمال گوٹہ کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھکر مٹی کے برتن میں پانچ سیر گائے کا دودھ ڈالکر جوش دیں جب دودھ ایک سیر باقی رہ جائے تو پوٹلی نکال کر اور تمام ادویات کے ہمراہ ملاکر کوٹ پیسکر بھنگرہ کے عرق میں آٹھ روز تک خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بناکر مفصلہ ذیل امراض پر لکھے ہوئے طریقہ پر استعمال کریں (۱) برائے ہیضہ و طاعون۔ ہمراہ برگ درخت لیموں کاغذی (۲) سوء ہضم۔ درد شکم۔ درد گردہ وغیرہ۔ لونگ کے جوشاندہ کے ہمراہ۔ (۳) جوڑوں اور تمام جسم کے درد کیلئے۔ لونگ کے جوشاندہ کے ہمراہ۔ (۴) تقویت باہ اور امساک کیلئے شہد کے ہمراہ۔

دوا = صرع (مرگی) کو اچھا کرتی ہے = ص = ہزار پایہ (کھنکھورا) کلاں زرد رنگ ایک عدد۔ خرمہرہ زرد رنگ دو عدد دونوں کو نمکمحد کرکے پھونک لیں۔ حلکر کے رکھ لیں ضرورت کے وقت ہلاس دیں۔

دوا = شقیقہ (آدھا سیسی کا درد) درد نیم سر کو اچھا کرتی ہے = ص = مرگی ۲ ماشہ۔ آدمی کے سر کی ہڈی ۲ ماشہ۔ کچے دھاگہ کے سات تار بناکر باندھ کر سرسے باندھیں۔

دوا = جنون اور توحش اور دھڑکن کیلئے مفید ہے = ص = گل سیوتی چھ ماشہ - مصری ۱ تولہ آدھ پاؤ پانی میں پیسکر پلائیں -

دوا = مرگی کیلئے مفید ہے = ص = گھونچی سفید ایک عدد - فلفل سیاہ ایک عدد پیسکر کھلا کر اوپر سے اونٹنی کا تازہ دودھ پلائیں - چالیس یوم تک اس کا استعمال جاری رکھیں =

دوا = پورانی کھانسی - پورانا سوزاک - دمہ - امراض باردہ - حمیات باردہ کو آرام کرتی ہے - مقوی باہ مغلظ منی ہے = ص = صدف صادق سفوف کیا ہوا ۱ تولہ - تلعی ورق بنا کر ۱ تولہ - کو مغز گھیگوار میں گلمکدت کر کے ایک من اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے پر کھرل کر کے ایک رتی سے دو رتی تک کھلائیں

دوا = ہچکی کو فی الفور اچھا کرتی ہے = ص = شکر سفید ۶ ماشہ - سرکہ خالص ایک تولہ - پانی سادہ ۴ تولہ ملا کر پلائیں -

دوا = ہچکی کیلئے بہت مفید ہے = ص = ہینگ ۲ تولہ - مصری ۱ تولہ - کوٹ پیسکر چار ماشہ سے چھ ماشہ تک پانی کے ہمراہ دن میں کئی مرتبہ کھلائیں

دوا = تپ اور بیہوشی کو اچھا کرتی ہے - ترپھلا ۹ ماشہ - ترکٹا ۹ ماشہ - انگوزہ ۹ ماشہ - سرشف ۹ ماشہ - مغز تخم سرس ۹ ماشہ - نمک سنگ ۹ ماشہ گلگلی ۹ ماشہ کوٹ چھانکر بکری کے پیشاب میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر رکھیں - ایک گولی گرم پانی میں حلکر کے سلائی سے داہنی آنکھ میں اور پھر بائیں آنکھ میں لگائیں بخار اور بیہوشی کو آرام ہوگا

اگر ابتدائے وبائے چیچک میں بچہ کو دو تین یوم تک ذرا سا طوطے
دوا = کا گوشت کھلائیں چیچک کے اثر سے محفوظ رہیگا۔ اور اگر اتفاق سے
نکل بھی آئیگی تو بہت خفیف ہوگی۔

اگر چیچک نکلتے نکلتے رک جائے یا غائب ہو جائے تو اس دوا کے استعمال
دوا = سے ابھر آتی ہے = ص = مردہ کچھوے کی ہڈی چار رتی سے آٹھ رتی
تک پانی میں گھسکر پلائیں۔

عقم (بانجھ) کو آرام کرتی ہے = ص = خرمہرہ زرد رنگ،
دوا = ڈیڑھ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۲ ماشہ۔ باریک پیسکر مٹی کے
سکورہ میں گلحکمت کرکے تھوڑی سی آگ میں پھونک لیں اس میں سے ایک ماشہ دوا
لیکر جب عورت حیض سے فارغ ہو جائے تو اس کو استعمال کرکے مجامعت کریں
اسی طرح تین یوم تک متواتر کریں

استقرار حمل کیلئے تیر بہدف ہے = ص = پیپل کے درخت کی
دوا = ڈاڑھی سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھانکر اس کے ہموزن شکر ملاکر
رکھ لیں ایام ماہوار جس روز سے شروع ہوں اسی روز سے مرد اور عورت
دونوں کو دو دو تولہ۔ اس سفوف کو دس روز تک کھائیں اور گیارہویں روز ہم بستر
ہوں۔ خدا کی قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

کتے کے کاٹے کو آرام کرتی ہے = ص = بانات سرخ رنگ کی باریک
دوا = کترکر قند سیاہ ملاکر تین گولیاں بناکر ایک ایک گھنٹہ کے فرق سے
کھلائیں

دوا = دیوانے کتے کے کاٹے کو اچھا کرتی ہے = ص = سرسوں کے تیل میں شکر ملا کر کھلائیں

دوا = آتشک کیلئے عجیب وغریب دوا ہے = ص = مینڈک کی ران کا گوشت خشک کر کے باریک پیس کر قند سیاہ کہنہ ہموزن ملا کر جھاڑی کے بیر کے برابر گولیاں بنا کر ایک ایک گولی صبح شام پانی سے کھلائیں اور یہی گولی لعاب دہن میں حل کر کے زخموں پر لگائیں۔

دوا = نئے پرانے سوزاک کو اچھا کرتی ہے = ص = سیماب ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ کو چھلبید کر کے جوا کھار ۴ ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے مٹی کے برتن میں گلحکمت کر کے دو تین سیر اپلوں کی آگ میں پھونک لیں سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ مقدار خوراک ایک رتی مسکہ یا بالائی میں کھلائیں۔

دوا = بہت سی بیماریوں کو ایک ہی دوا مفید ہے = ص = گیرو گوالیاری ۱ تار۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ سرمہ کی طرح باریک کھرل کر کے شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھیں۔

(۱) ورم ملتحمہ = ایک رتی کے قریب لیکر چھ ماشہ سادہ پانی میں حل کر کے آنکھ کے اندر ٹپکائیں اور ایک رتی کے قریب ایک ماشہ گھی میں ملا کر آنکھ کے اوپر لیپ کریں۔

(۲) ورم لثہ۔ درد دندان۔ حقہ کے گل میں ہموزن مسکر منجن کی طرح ملیں۔

(۳) قلاع اطفال وجوان = تھوڑی سی منہ میں چھڑکیں اور بچوں کے منہ میں خاکستر جامہ نیلگوں ہموزن ملا کر چھڑکیں۔

(۴) سعفہ۔ پھوڑا پھنسی = پانچ ماشہ دوا روغن سرشف ۲ تولہ میں ملا کر طلا کریں

(۵) خارش خشک وتر۔ دوا دہی میں ملاکر مالش کرکے گھنٹہ دو گھنٹہ بعد غسل کریں

(۶) مارگزیدہ۔ کلب دیوانہ گزیدہ۔ تھوڑی سی دوا بطور ہلاس کے سنگھائیں اور ایک ماشہ دوا دہی میں ملاکر کھلائیں۔ ایک دوقے ہونے کے بعد جب زہر کا اثر دور ہو جائے تو بتاشوں کا شربت بناکر پلائیں۔

(۷) مسہ ہائے بواسیر۔ دوا شہد میں حل کرکے طلا کریں اور کھلوں کی دھونی مسوں کو دیں۔

(۸) آتشک۔ دوا ایک رتی۔ خاکستر خانہ زنبور ۱ ماشہ۔ میں ملاکر ملائی یا مکھن میں کھلائیں۔

(۹) کدو دانہ۔ کرم حیات۔ دوا ۲ ماشہ۔ کمیلا ۲ ماشہ۔ پوست خارخسک ۲ ماشہ قندسیاہ ۱ تولہ۔ سب کو ملاکر کھلاکر دودھ پلادیں۔

(۱۰) بیمہ برغم رحم۔ روئی کا فتیلہ شہد میں آلودہ کرکے دوا اوپر سے چھڑک کر حمول کریں۔

(۱۱) زخم کہنہ۔ ناسور۔ دوا ۳ ماشہ۔ روغن زرد پانی سے دھویا ہوا ۲ تولہ ملاکر مرہم بناکر استعمال کریں۔

(۱۲) اعضا شکنی۔ تھوڑی سی دوا ہتھیلی اور پیر کے تلووں پر مالش کریں۔

(۱۳) دمہ۔ ضیق النفس۔ دوا ایک رتی سے دو رتی تک پان میں کھلائیں۔

(۱۴) یرقان زرد۔ دوا ایک رتی گائے کے مکھن میں کھلائیں۔

(۱۵) سوزاک جدید و کہنہ۔ ایک رتی دوا ۳ ماشہ باشکر ملاکر کھلائیں اور بکری کے دودھ کی لسی بناکر اوپر سے پلائیں۔

روغن = آتشک کو آرام کرتا ہے۔ ص = بوٹی اونٹ کٹارا ۱ تولہ۔ گوگل ۱ تولہ۔ دار چکنا ۱ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ چالیس عدد۔ زردی بیضہ مرغ ایک پاؤ۔ کھرل کرکے گولیاں بناکر آتشی شیشی میں بھر کر پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کرکے ایک رتی تک کھلائیں۔

روغن = سوزاک کو آرام کرتا ہے۔ ص = گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ رال ۲ ماشہ۔ برگ پان ۳ عدد عرق کٹیلی تازہ ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۳ تولہ۔ سب دوائیں تیل میں ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیں۔ پکنے کے بعد گھونٹیں چھوٹی پچکاری یا نلی کے ذریعہ زخم تک پہونچائیں۔

سفوف = دردسر کو آرام کرتا ہے۔ ص = کشنیز خشک ۵ تولہ۔ کو سرکہ میں سات مرتبہ تر و خشک کرکے کوٹ چھانکر ہموزن مصری ملاکر تین ماشہ تک صبح شام کھلائیں۔

ضماد = سر کے درد کو آرام کرتا ہے۔ ص = پوست بیخ بیدانجیر۔ زنجبیل صندل سرخ ہموزن لیکر چانولوں کی پیچ میں پیسکر لیپ کریں۔

ضماد = دردسر کو آرام کرتا ہے۔ ص = ارہر کی تازہ پتیاں پیسکر پاؤں کے تلووں پر لیپ کریں۔

ضماد = پرانے دردسر کو آرام کرتا ہے۔ ص = مرزنجوش۔ حب الرشاد ہموزن لیکر پان میں پیسکر لیپ کریں۔

عطوس = دردسر کو آرام کرتا ہے۔ ص = تخم مکابریاں تین عدد۔ فلفل سیاہ ایک عدد پیسکر ہلاس لیں۔

کاجل = سوزاک کے لئے بے حد مفید ہے = ص = گل سپاری اتولہ گل کاسنی تازہ اتولہ ۔ الائچی گجراتی اتولہ ۔ توتیا اتولہ ۔
شاخ گاؤ نازائیدہ ایک عدد ۔ روغن گاؤ حسب ضرورت ۔ تمام دواؤں کو ،
اچھی طرح حلکر کے شاخ گاؤ پر لیپ کرکے اوپر سے تھوڑی سی صاف روئی
لپیٹ کر روغن گاؤ مٹی کے چراغ میں ڈالکر بطور چراغ کے جلاکر کاجل تیار
کرکے طلوع آفتاب سے پہلے آنکھ میں لگائیں ۔

معجون = بہت سے امراض کے لئے مفید ہے ۔ جن کی تفصیل نیچے لکھی ہے = ص = سنبل الطیب ۶ ماشہ ۔ زعفران ۶ ماشہ
دانہ الائچی ۶ ماشہ ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ ۔ کتھا سفید ۶ ماشہ ۔ بزرالبنج ۶ ماشہ
فلفل سفید ۶ ماشہ ۔ فرفیون ۱ تولہ ۔ کوٹ چھانکر عسل کف گرفتہ ۹ تولہ میں
معجون بناکر مفصلہ ذیل طریقہ پر استعمال کریں ۔

(۱) بچھو کے کاٹے کے لئے ایک رتی میتھی کے خیرہ کے ہمراہ کھلائیں
(۲) دردشو سا میں ایک رتی خیرہ زعفران کے ہمراہ کھلائیں
(۳) سردی معدہ اور خفقان قلب کے لئے ایک رتی نیم گرم پان میں حلکر کے پلائیں ۔
(۴) لقوہ اور فالج میں ایک رتی آب مرزنجوش میں حلکر کے ناک میں ٹپکائیں
(۵) لقوہ اور فالج میں ایک رتی سے چار رتی تک ماءالعسل کے ساتھ دن رات میں کئی بار کھلائیں ۔
(۶) تلی کے امراض میں ایک رتی سرکہ خالص کے ہمراہ کھلائیں ۔

(۷) ذات الجنب (پسلی کا درد) میں ایک رتی تخم کرفس کے جوشاندہ کے ہمراہ کھلائیں
(۸) اسہال کے بند نہ ہوتے ہوں۔ ایک رتی حب الآس کے شیرہ کے ہمراہ کھلائیں
(۹) سنگریزہ میں ایک رتی آب ترب یا آب برگ سداب کے ہمراہ کھلائیں۔
(۱۰) سل میں صبح شام ایک ایک رتی آب نیم گرم کے ہمراہ کھلائیں۔
(۱۱) نئی پرانی کھانسی میں ایک ایک رتی صبح رات کو آب نیم گرم کے ہمراہ کھلائیں

معجون = کایا کلپ (کایا پلٹ) ہے۔ جسم کو تمام بیماریوں سے پاک کرتی ہے۔ بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ ص = پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۸ ماشہ۔ آملہ خشک ۲ تولہ ۸ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ ۸ ماشہ۔ بھنگرہ سیاہ خشک ۷ تولہ ۶ ماشہ۔ تخم پنواڑ ۶ چھ تولہ پانچ ماشہ۔ تخم سنبھالو ۷ تولہ ۶ ماشہ۔ دارچینی ۳ تولہ ۱۱ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ (کم از کم ۳ سالہ) دو سیر۔ پہلے تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر وزن کر لیں اس کے بعد قند سیاہ ملا کر اس قدر کوٹیں کہ سب ایک جان ہو جائیں۔ بعدہ شہد خالص کا قوام پکا کر اس میں ملا کر مثل معجون کے بنا لیں۔ مقدار خوراک کیلئے زیادہ آسان طریقہ یہ ہو گا کہ اس کے تین سو ساٹھ حصے بنا کر غلولہ تیار کر کے ہر روز صبح نہار منہ کھلائیں۔

معجون = بے حد مقوی باہ۔ مقوی دماغ ہے۔ مادہ تولید بکثرت پیدا کرتی ہے۔ ص = مغز نرگنجشک خانگی (بوقت ہیجان لینا چاہئے) بیس ۲۰ عدد۔ مغز پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ ۶ ماشہ۔ حب صنوبر تین تولہ۔ تخم مارچوبہ ۳ تولہ۔ گشن خرما ۳ تولہ۔ کنجد مقشر ۳ تولہ۔ ترنجبین ۳ چھٹانک

مایہ شتر اعرابی ۹ ماشہ۔ عسل خالص ہموزن۔ ترنجبین گائے کے تازہ دودھ آدہ سیر میں اسقدر پکائیں کہ مثل کھوئے کے گاڑہا اور سرخ ہوجائے شہد کا قوام پکا کر اس میں داخل کردیں۔ اور تمام دوائیں کوٹ چھانکر ملادیں بعدہٗ مغز نر گنجشک کو روغن بادام میں اچھی طرح بریاں کر کے پیکر شامل کردیں۔ مقدار خوراک پانچ ماشہ سے ایک تولہ تک۔

مرہم = سوزاک کے زخم کو بہت جلد آرام کرتا ہے = ص = کشتہ سیماب تین ماشہ۔ رسکپور ۳ ماشہ۔ کتھہ سفید ۳ ماشہ۔ موم ا تولہ۔ دودھ نبولی (یعنی نیم کی نبولی کے پھل کا دودھ) ا تولہ۔ اول موم اور نبولی کا دودھ ہلکی آگ پر پکائیں۔ اور آگ سے نیچے اتار کر تمام دوائیں پیسکر ملاکر کھرل کریں۔ مرہم تیار ہوجائیگا۔ چھوٹی پچکاری یا بتی کے ذریعہ زخم تک پہونچائیں =

تمام شد